بعون عنایت ملک المنان و فضل خلاق زمین و زمان
کلیات امیر اللہ تسلیم
معروف بہ اسم تاریخی
نظم ارجمند
مطبع منشی نولکشور میں بہ طبع مزین مقبول جہاں ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرِ تسلیم خامۂ نکتہ پرداز ایسے نکتہ نواز کی جناب مین سجدہ ریز ہی کہ جسنے اپنی قدرتِ کاملہ سے
زبانِ ہر زبان کو اندازِ تکلم سکھایا عنوانِ فصاحت نامۂ آفرینش ایسے بلاغت طراز کے مضامین
نعت و منقبت سے گہر ریز ہی کہ جسنے گوہرِ آوازہ انا افصح العرب والعجم کو آویزۂ گوشِ عالم و عالمیان بنایا صلے اللہ علیہ وآلہ
الطیبین و اصحابہ الطاہر المطہرین امابعد عالمِ عالمِ نادانی کاملِ کمالِ ہرزہ بیانی سفیہ بد انجام
نیک آرزو خاکِ پائے معنی نگارانِ جدید و قدیم امیر اللہ تسلیم اربابِ سخن صاحبانِ فن کی خدمت مین
التماس آگہی گستاخانہ عرض پیرا ہی کہ عالمِ شباب مین کہ شعبۂ جنون مشہور ہی ہر شخص کو شوریدہ سر آشفتہ مزاج
پر ضرور ہی ولولۂ از خود رفتگی نے پاون نکالے کیفِ نوجوانی نے آنکھون مین پردے ڈالے چشمِ بینا و گوشِ شنوا
دیکھنے سننے کو باقی رہے غفلتِ بیخودی سے اگر کبھی آپ مین ہے اتفاقی ہے صحبتِ ندیمانہ سے جی بہلنے لگا
یارانِ اہلِ اتفاق پر دم نکلنے لگا اکثر افسانہای عشق انگیز حکایتہای ہوس آمیز دیکھتا سنتا بارہا لطفِ سحر طرازی
اعجاز پردازی پر و تاثیر ہمنا آخر شعر و سخن کیطرف طبیعت مائل ہوئی موزونیِ کلام سے فرحت حاصل ہوئی
مدتِ دراز تک کچھہ کہا کیا آپ ہی اپنی ہرزہ خیالی بیہودہ مقالی کو دیکھکر چپ رہا کیا بسبب عدمِ لیاقتی کے

اوستادون کی خدمت سے قاصر رہتا اس خواب پریشان کو کسی مجموعۂ کمال کے روبرو زبان سے کہتا اتفاقاً
ایکدن مہر سپہر سخندانی ماہ برج روشن بیانی دُرِ دریائے معنی طرازی آبروئے بخشش گوہر نکتہ پردازی جناب
میر احمد صغر علی خان نسیم شاگرد خاقانیِ جہانِ بلاغت انوریِ عالمِ فصاحت حضرت
حکیم محمد مومن خان اسکنہم اللہ فی فرادیس الجنان کی خدمت میں شرف امتیاز ملازمت سے
ممتاز ہوا حصولِ دولتِ قدمبوس سے سرفراز ہوا بعد تکرار اذکار ادہر ادہر کے ارشاد فرمایا کہ تو بھی کچھہ
موزون کیا کر یہ عرض کیا بہت بہتر اوسی دن سے جناب ممدوح عنایت فرمانے لگے اصلاح سے درستی ناہمواری
طبیعت فرمانے لگے یہانتک کہ مدت مدید میں قریب دو سو ابیات کے فراہم ہو گیا بعد ترتیب لباس ردیف کے
بہلا چنگا ایک ذخیرہ باہم ہو گیا مگر افسوس زمانۂ غدر میں کہ اہل جہاد باطلہ کا زور تہا ہر طرف دین والوں کا
شور تہا گلی کوچے میں سوا فوجی دین یا دین ہو الی دین کے انسان کم نظر آتا تہا ہر فرد بشر ان مفسدوں
کے شر سے گہبراتا تہا وقت دخل و مخارج فوج انگریزی و ہندوستانی کے وہ سرمایۂ حیات مجھہ سے
چُھٹ گیا ہمراہ اثاث البیت کے لُٹ گیا چندی دل کو نہایت قلق رہا اندوہ سے جگر شق رہا شعر و
سخن کے نام سے نفرت ہوئی ایسے چرچے سے وحشت ہوتی آخر بقول شخصی شعر طبیعت کی
ہو گا قلق چند روز ٹہرتے ٹہرتے ٹہر جائیگی بعد چند سے پہر وہی سودا ہوا اور وہی
ہرزہ خیالی میں مبتلا ہوا بموجب ارشاد استاد شعر پہر وہی بے اختیاری ہو گئی + پہر
وہی حالت بحالی ہو گئی باالفعل بسبب قدردانی جوہر شناسی امیر کبیر انشور صاحب تدبیر باعث
اعتبار فخر روزگار برجیس شیم عطارد رقم جناب منشی نول کشور صاحب کے ان خرفشاں پارہ چند
کو پہر یکجا کیا بموجب گلشن ہند نام رنگین کا فور نام تاریخی اسکا مظہر رحمت ۱۲۸۸ھ قرار پایا
ہنروران ارباب بین سخن وران نکتہ چین سے امید ہے کہ اس سرمایہ کے عیب و نقصان کو بنگاہ حسین جہان
ملاحظہ فرمائیں اصلاح باصواب سے کہ طریقہ پاک نظران معنی شناس کا ہے کمتر نوازی کو کام فرمائیں تمت

قصائد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدۂ اول در نعتِ احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

فقر مین تقصیر دیتی ہی لباسِ اغنیا
جسمِ عریان پر اُٹھو ہوتا ہی نقشِ بوریا

خاک مین مل کر ہی ہی مجکو خیالِ خسروی
جانتا ہون مور کی سائی کو مین ظلِّ ہما

ٹسنہ ندیکھا میری حسرت نے کبھی امید کا
آج تک ہی صورتِ ارمانِ مفلس پا رسا

کچھ تو کم ہو جوشِ محرومی خدارا ای فلک
پھر چندی انقلابِ لطفِ بختِ نارسا

فیضِ اربابِ ہمم سے قوتِ بے مایگان
کشتیِ درویش کو دستِ کرم ہی ناخدا

گھر مین بیٹھا عالمِ ایجاد کی کرتا ہون سیر
دل مری پہلو مین ہی آئینۂ قدرت نما

میری اوسکی رابطہ ہی صورتِ مصراعِ بیت
ایک ہین معنی مین دونون اور ظاہر مین جدا

گو اسیرِ گل ہون لیکن نکہتِ گل کی طرح
مجکو سوی اصل ہے ہر دم کشانِ جذب ہوا

میرا ہر نالہ دلیلِ منزلِ مقصود ہے
رہنمای کاروان ہے جو صورتِ بانگِ درا

سر سری اے شیخ میری نقشِ ہستی کو نجان
قطرۂ ناچیز ہوں لیکن ہوں دریا آشنا

عشقِ کامل چاہیے فیضِ جمالِ پاک سے
زینت رفتہ رفتہ نور ہو جاتا ہے پُتلا خاک کا

امتحان گر چاہتا ہے دیکھ سینے کو مری
ہو رہا ہے مشرقِ خورشیدِ مہرِ مصطفےٰ

جسکا ادنیٰ مرتبہ یہ ہے کہ مثلِ روح و تن
ہر گھڑی آغوش میں تھا شاہدِ قُربِ خدا

طی کیے نہ پردۂ گردون شبِ معراج میں
جیسے عینک سے گذر جائے نگاہِ تیز پا

ایک ذاتِ پاک تھی کونین میں مل کے عزیز
فرشیون کی نورِ ایمان عرشیون کے پیشوا

یعنی بیتِ دو عالم یون سمجھنا چاہیے
تھی خبر ذاتِ مقدس جسکی فکر تھا مُبتدا

عین کثرت میں ہے جتا بندِ وحدت مثلِ شمع
نور بخشِ بزم تھی اور بزم سے مطلب نہ تھا

اک توجہ میں دو عالم کی حقیقت کُھل گئے
قلب تھا لوحِ طلسمِ گنجِ اسرارِ خدا

زندگی بخشِ دلِ مردہ تھا ہر حرفِ سخن
آبِ حیوان تھا دہن لب موجۂ آبِ بقا

سینۂ حاسد سے پوچھا چاہیے اوجِ کمال
سو جگہ سے چاک ہے جس طرح مفلس کی ردا

واہ رے عظمت کہ خاکِ پا کو راہِ فخر سے
کھینچتا تھا ہر ملک آنکھوں میں جائے توتیا

اہلِ بینش تھی مگر بینش تھی ہر دم اوٹ سے
مثلِ دامانِ نگاہِ چشمِ اعلیٰ پارسا

بسکہ فانی ذاتِ حق میں تھے کراماً کاتبین
دم بخود میں صورتِ تصویر گیا تھا کیا ہوا

بی نیازی کی ہے دولت جسکی دولت ہر میں
ہو گیا سنگِ شنیدن جیسے میرا ماجرا

کیا کہوں تم کِ ادب ہے دل تھا یا کوئی صنم
جسکے سایے تک پہونچ سکتی نہ تھی حرص و ہوا

دیکھکر زہد و عبادت اُسکی تسبیح و دعا
عالمِ علوی سے آتی تھی صدای مرحبا

ذرہ ذرہ آئینہ تھا آفتابِ حشر کا
صبحِ عیدِ ہشت جنت اوسکی کوچی کی فضا

ایک ذات پاک تھی صورت چار اوصاف کی
خضر پی علیسیٰ نفس موسیٰ سخن یوسف لقا

واہ ری لطف تکلم وقت ارشاد بیان
حرف ہو کر لب سی آتا نکتۂ علم خدا

تیغ کی جس دم کی تھی سرفروشی اختیار
تشنہ کام زندگی خضر ہستی تھی قضا

کھینچے تیغ دو دم جس دم میان کارزار
روح کا فدیہ اس سے کہتی رضینا بالقضا

سامنی جو آگیا اس سے ہوا سوی عدم
بنگئی شمشیر عریان جادۂ دشت فنا

تھا یہی تسلیم کیجیے ترک ادب کا پاس کر
خاک تو لکھی گا اوصاف جناب مصطفیٰ

چپ ہی تھی ہر دم حضور دل سی یہ کہتا رہی
ای شہ والا حسب صل علی صل علیٰ

قصیدۂ دوم در مدح حضرت ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ قیصر زمان سلطان عالم محمد واجد علی شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

ٹپکی ہین دیدۂ بیخواب سی صد ہا گوہر
دیکھتی دیکھتی مٹ مٹ گئی کیا کیا گوہر

داغ اپنی کی وہ نون ہین نہایت بی فیض
کیا مری آبلۂ پای جنون کیا گوہر

بی ثباتی کو مری دیکھ کے آنسو کی طرح
خود بخود ٹوٹ گیا ہاتھ جو آیا گوہر

اشک سی پھر کہین قسمت نگری تر دامن
دیکھتا ہون مین سدا خواب مین گویا گوہر

اشک آلودہ خون ہی تجی غریب تقدیر
دیتی ہین لعل مین کا بھی دھوکا گوہر

پارۂ دل تہ دامن ہی یہان یا آنسو
لعل ایسا ہی مری بخت مین ایسا گوہر

اشک ریزی نہوئی حیرت اندوہ سی کم
ابر تصویر سی برساتا ہی کیا کیا گوہر

تھا وہ غم دوست کہ صناع ازل آگی کی
اشک ہوتا مین بگڑ کر جو بناتا گوہر

چین غربت مین سوا زخم جگر کے معلوم
خوب بیدا گیا جب بحر سی نکلا گوہر

آبرو لاکھہ ہو تمکین جو نہین کچھہ بھی نہین
قیمتی ہو نہین سکتا کبھی ہلکا گوہر

وہ سیہ بخت ہین وریا مین اگر سایہ پڑی
بیگمان قلب صدف مین ہے سویدا گوہر

دل نہین صاف تو کیونکر ہو قبول عالم
سچ ہی کیا خاک نظر سے چڑہی چھوٹا گوہر

دیتی ہین اہل صفا اہل صفا کو قوت
ضعف دل کی لیئی لکھتی ہین اطبا گوہر

کس طرف جوشش مین جاتا ہی ہر اک تسلیم
تا کجا تار پریشان مین پرونا گوہر

چھوڑ انداز غزل وقت قصیدہ آیا
نہ لٹا بیخودی شوق مین عمدا گوہر

عذر شوریدہ سری ہی جو تجہی سن ہمسی
مطلع صاف کہ ہر نقطہ ہو جسکا گوہر

مطلع ثانی

غور سی دیکھہ ذرا مسدحم والا گوہر
آبرو مین در مضمون ہین سوایا گوہر

لاکھہ بیقدری دوران ہی مگر اسپر بھی
مجسی گر پوچھی تو ہمسر نہین اسکا گوہر

یہ دل و جان ہے دل و جان صفا طینت کا
آبلہ ہی جگر چاک صدف کا گوہر

دیکھتا ہون اسی نور دل لوح محفوظ
مارا پھرتا ہی جہان مین تہ دریا گوہر

اسمی ہی حشر تلک زینت نام ممدوح
چند دم ہی سبب رونق دنیا گوہر

گر تامل ہی تو چل منصف دوران کی حضور
نرہی شک سخن اچھا ہی کہ اچھا گوہر

شاہ جمجاہ مرتبہ واجد علی آفاقستان
بحر لطف و کرم و جود کی یکتا گوہر

روز و شب کو ہو اگر عزم تصدق آویز
لعل خورشید بنی عقد ثریا گوہر

شہرت دست کرم قابل نظارہ ہے
دیکھنی آتی ہین دریاسی تماشا گوہر

انقلاب اوسکی طبیعت کو اگر آئی پسند
بحر مین لعل ہو اور کان مین پیدا گوہر

یون ہین چندی جو رہا ہو صلہ ہمت کرم
عالم بحر مین ہو جای گا عنقا گوہر

ہیم لحظہ ہی نہوں ہمت سخا کو کاسنے | ہمہ تن گر نہین کونین سے کے دریا گوہر

بحر و نیسان ہی کوئی اوسکی سخاوت پوچھے | نظر آتی ہین جہان مین تہ و بالا گوہر

دُر فشانی کا یہ عالم ہی کہ ہر کوچے مین | صورت ذرہ نظر آتی ہین صد ہا گوہر

کریہی ہمت و بخشش ہے تو بازاری سے | بدلی خرمہرہ کی محتاج نہ دے گا گوہر

سنے نیاز نہ اگر جانب دریا دیکھے | کم ہوا کے قطرۂ شبنم سی زیادا گوہر

پرتو عارض روشن جو دکھائی اعجاز | دم نظّارہ ہوا کے دیدۂ بینا گوہر

واشدِ عدل سی گر عقدہ کشائی وہ کری | روشِ غنچۂ نسرین ہو شگفتا گوہر

رنگ رخ رعب سی ایسا ہو دم رزم سفید | کہ بنے قطرۂ خون تن اعدا گوہر

قطرہ ہای عرقِ چہرہ ہی نادم جو ہوئے | چھپ رہے جا کی تہِ دامنِ دریا گوہر

آبرو بخشی جو ہر بادِ ازل کو وہ کبھے | صاف بنجای ہر اک ذرۂ صحرا گوہر

مشتری ہمت والا ہوئی جب سے اوسکی | لعل ہی دی کی عدن مین بہ بدلتا گوہر

آب یہ قطرۂ نیسان ہین نمانون گا مین | ہوگا اوسکے رخ صافی کا پسینا گوہر

سمجھو سے سخن صاف لبِ رنگین سے | ہوتی ہین لعل مین سے یہان پیدا گوہر

دیدۂ کور کو گر خاکِ کفِ پا سی ملے | پر کہی مر کر ہی شب گور بہین اعمی گوہر

اسقدر ہے سر مظلوم پہ دستِ رحمت | رکھتی ہین گردِ یتیمی کی تمنا گوہر

نقش پا ہی سبب زینت عالم ایسا | جیسے ہو تاجِ سر شاہ کو زیبا گوہر

دیکھ لی گر نگہ گرم سے ہنگام غضب | پگھلی ایسا کہ ہو سیماب کا ٹکڑا گوہر

دیکھ انصاف کہ صدمہ جو دیا گردون نے | سر کھلے سحر سے فریاد کو آیا گوہر

اور اک مطلع روشن پڑھون لیا مین | رگ جان [illegible] ہین مضمون مصفا گوہر

مطلع ثالث

تجھپہ کیا صدقی کرون ای شہ والا گوہر
اب نہ کہتا ہی یمین لعل نہ دریا گوہر

لاجرم بحرِ معانی مین لگا کر غوطے
فکرِ غوّاص نے پیدا کیی صد ہا گوہر

سامنے جسکی ہی اک قطرۂ خون لعلِ یمن
پانی پانی ہی ندامت سے دوبارا گوہر

جلتے ہین سببِ غیرِ نظرِ اہلِ نظر
کہتی ہین اہلِ صفا رشکِ مصفا گوہر

فیضِ مدحت سے تری موجۂ نیسان ہی بان
ہر سخن کا مری ہم بہرتی ہین دریا گوہر

پاس ہے خاطرِ نازک کا وگرنہ مین حزین
کس لئی آج سی تا حشر لُٹاتا گوہر

دامنِ چرخ و گریبانِ زمین پُر ہوتا
جس طرف آنکہہ اوٹہاتا نظر آتا گوہر

لب تک آتی ہی جب ہو دعای مقبول
عرشِ اعلی پہ لُٹاتی ہی تمنّا گوہر

ای خدا بحرِ معانی رہی جبتک جاری
جب تلک فکرِ سخنور کری پیدا گوہر

جب تلک قطرۂ نیسان کی صدف ہی مشتاق
جب تلک بطنِ صدف مین ہنی قطرا گوہر

مشغلہ ہو کفِ ہمت کا جہان مین ہردم
شعرا کی دہنِ پاک مین بہرنا گوہر

فرقِ اقدس سے رہی تاجِ شہی کو عزت
تاج ہو جلوہ دہ آپ مصفّا گوہر

قصیدۂ سوم تشبیہ

کس طرح نہ دل تڑپی رگِ جان کی برابر
ہر دم ہی دمِ خنجرِ بُرّان کی برابر

ناکامیِ قسمت سی ہی مجکو تہِ گردون
ہر روزِ تمنا شبِ ہجران کی برابر

تدبیرِ سحر شام کو ہوتی ہی دگرگون
کیا کیا ہین کرم گردشِ دوران کی برابر

نادم مری تدبیر ہی تقدیر سی ایسے
جسطرح پشیمان ہو شیمان کی برابر

روتا ہون یہ قسمت کو کہ رہتا ہی ہمیشہ
گردابِ یم گریہ گریبان کی برابر

آرام یقیں نہیں دمِ ہمسرِ گردون
چکر ہے مجھی گردشِ دوران کی برابر

اللہ ری برگشتہ نصیبی کہ شب و روز
برباد ہون مین گردِ بیابان کی برابر

کیا کیا نہیں ہیں کشتۂ تمنا مین جگر مین
سینہ ہی مرا گنجِ شہیدان کی برابر

آنسو بھی خفا ہین جو خفا بخت ہے مجھسے
رک جاتی ہین آکر سرِ مژگان کی برابر

دشوار ہی جنبش صفتِ نقشِ کفِ پا
گہ ضعف سے ہی گوشۂ زندان کی برابر

کچھ سن کو چھپائی ہوئی جاتی ہی عدم کو
امید مری عمرِ گریزان کے برابر

عالم پہ مری داغ ہو گلزار مین جا کر
ٹھہرون جو کبھی مین گلِ خندان کے برابر

ہر شاخ نصیبون سے سری تیر کی بجای
ہر غنچۂ گل ہو مجھی پیکان کی برابر

ہلتی نہین ہم ہجر دلِ مایوس سی میری
حسرت ہے مجھے داغِ عزیزان کی برابر

دودِ جگری سی نظر آتا ہی جہان تار
ہی صبحِ وطن شامِ غریبان کی برابر

پروانہ تہین سوزِ جگر سے کے نہ عدو کو
جلتا ہون چراغِ شبِ ہجران کی برابر

ناقدریِ دوران سی نہین بات کی قابل
ہر چند کہ ہون ناظمِ شروان کی برابر

لیکن مجھے با اینہمہ ہر وقت ہی تسکین
ہر مشکلِ دشوار ہی آسان کی برابر

کہتا ہون کوئی غم نہین حامی ہی اگر شاہ
جم مرتبہ شوکت مین سلیمان کی برابر

واجد علی آفاق مین کامل صفتِ ماہ
بیمثلِ جہان مہرِ درخشان کی برابر

تا حشر مرا حوصلہ مجھسے رہے بیزار
دارا کو جو سمجھون کبھی دربان کی برابر

قوت دہِ عاجز ہو اگر اوسکی حمایت
روباہ بھی ہو شیرِ نیستان کی برابر

دانش مین فلسفت مین فلاطون ہو کہ بقراط
دونون ہین یہان طفلِ دبستان کی برابر

کس طرح بیان ہو کفِ ہمت کا فسانہ
عالم مین گہر ریز ہی نیسان کی برابر

افلاس کا لیتا نہین دنیا مین کوئی نام — مفلس سے ہے غنی قیصر و خاقان کی برابر

احسان و کرم مین کرم و فیض ہی اوسکی — ہر مور کو دعوی ہی سلیمان کی برابر

حال غربا پر یہ ترحم ہی کہ جیسی — بیکس ہی کوئی رحمت یزدان کی برابر

دلشاد رعایا ہی یہانتک کہ شب و روز — رہتی ہین دعائین لب خندان کی برابر

کیا خوف سیاست ہی کہ بجلی بہی تڑپ کر — چمکی نہ کبہی خرمن دہقان کی برابر

عالم مین بہادر کبہی ایسا نہین آیا — دیکہی ہین ورق دفتر دوران کی برابر

قوت مین شجاعت مین فن تیغ زنی مین — رستم سی فریدون سی سام نریمان کی برابر

کہینچے صف اعدا مین جو ہنگام وغا تیغ — دریا ہو روان خون کا طوفان کی برابر

حاسد کو اگر چاہی گرفتار جراحت — تن پر سر مو ہو سر پیکان کی برابر

کیا رتبہ و شوکت ہی کہ باہین ہمہ عظمت — فغفور نہ بیٹہے کبہی دربان کی برابر

کیا خاک لکہون قصر معلی کی مین تعریف — رفعت مین ہر اک ذرہ ہی کیوان کی برابر

جبریل ازل سی جو اوڑی روز ابد تک — پونہچی نہ کبہی کنگرہ ایوان کی برابر

ہر نقش ہی رنگ گل تر تازہ و رنگین — ہر صحن مکان گلشن رضوان کی برابر

کیونکر نہ مجہی فخر ہو تقدیر پر اپنی — ثابت ہی کہ مین آج ہون حسان کی برابر

گروہ تہی شب و روز دل و جان و جگر ہی — اوصاف شہ قبلہ و ایمان کی برابر

پایا ہی وہ رتبہ ہی کہ پڑہتا ہون قصیدہ — سلطان اولی الامر جہانبان کی برابر

کیا حسن خداداد ہی دیکہی تو عجب سے — کلمہ پڑہے گبر مسلمان کی برابر

جب دیکہی پیشانی و رخسار ہین روشن — ذرات مہ و مہر درخشان کی برابر

انسان و پری کیون نکرین حلقہ بگوشی — فرمان ہی توقیع سلیمان کی برابر

خطبی مین پڑہا جاوی اگر نام نہ اوسکا — اسلام بھی ہو پیشِ کشیشان کی برابر
تسلیم کہان تک ہو بیان مدح سرا سے — مانا کہ روان طبع ہی عمّان کی برابر
ہنگامِ دعا ہاتہ سی دینا نہین اچہا — کہہ جا کی دعا حضرتِ یزدان کی برابر
جب تک مہ و خورشید الہی ہین سیّار — ہی نقشِ قدم عالمِ امکان کی برابر
جب تک جگرِ شمع فروزان ہی الہی — داغِ دلِ پروانہ سوزان سکے برابر
احبابِ شہنشاہ کی خاطر ہو جہان مین — ہر شام رخِ صبحِ درخشان کی برابر
حاسد کو دکہائی فلکِ دشمن آرام — ہر صبح شبِ شامِ غریبان کی برابر
دن بھر رہی پروانی کی مانند پریشان — راتون کو جلی شمعِ شبستان کی برابر

قصیدۂ چہارم ضیا

کوئی میکش مجھی پہلو مین بٹہاتا کیونکر — نہ بنا شیشۂ بادہ نہ بنا مین ساغر
صفتِ جامِ تہی بزم گہِ عالم مین — بی سبب ہی مری قسمت مین لکہی ٹہوکر
نامِ ساقی ہون کہ ہون پیرِ مغان کی تہمت — اہلِ میخانہ مجھی کہتی ہین باہر باہر
دور سی ساغرِ لبریز جو دیکہا مین نی — پی لیا دیدۂ پر آب مین آنسو بھر کر
اس طرح بھول گیا ساقیِ دوران مجکو — جیسی اقرارِ وفا کو کوئی یارِ دلبر
بیکسی دیکہہ کی روتی ہی مری صورت کو — آرزو کہتی ہی کیا مرتی ہو اس جینی پر
جل کی دیتی ہی یہ طعنی مری حسرت مجکو — کیا کہون تجکو پڑین بخت پہ تیری پتہر
کیا کرون کشمکشِ دردِ جگر کا اظہار — اپنی ہستی کو مین دوبہر مجھی ہستی دوبہر
تجکو سنتا ہون جو سنواتی ہی میری تقدیر — لبِ خاموش پہ رہتی ہی نہین ہان مین ہر
فکر میہم سی دل و جان ہین گرفتارِ بلا — شام آفت کی گذرتی ہی مصیبت کی سحر

شکر و شکوہ نہ کسی سے نہ کسی سے تکرار
مجھسے چارہ نہ الم کو نہ مجھے غم سے مفر

تنگ آتا ہون تو آتا ہے مرے دل کو خیال
اے خداوندِ زمین مالکِ چترِ اخضر

داد خواہِ ستمِ دہر ہون اب کس سے کہون
جوشِ غم داغِ ستم کاہشِ دل دردِ جگر

دیتی ہے سُنکے تسلی یہ صدائے غیب سے
ہان نہو خستہ و دلریش و پریشان مضطر

عرض کر جلد یہ افسانۂ حسرت اپنا
آستانِ درِ سلطانِ جہان پر جاکر

شاہ واجد علی ایجادِ جہان کا باعث
صاحبِ طبل و علم مالکِ تخت و افسر

جسکی کوچے مین ہے اک ذرہ تہِ چرخِ برین
روز و شب جلوہ فشان ہے صفتِ شمس و قمر

مل گیا خاک مین یون نامِ ستم عالم مین
جس طرح طالعِ برباد کا میرے اختر

پرتوِ عارضِ پرنور سے روشن ہے جہان
مثلِ خورشیدِ جہان تاب ہے جلوہ گہر

عقل مین شوکت و اقبال مین نیرِ گردون
نہ ارسطو ہے مقابل نہ سکندر ہمسر

عجز سے روح بھی ہین تابعِ فرمان اوسکی
آگ بے حکم نہ دے لاکھ برس تک پتھر

پرورشِ قطرۂ نیسان کی اگر وہ نکرے
موتیا بند سے ہو چشمِ صدف مین گوہر

گر سنے شہرتِ بخشش تو پئے عرضِ سوال
گور سے حاتمِ طائی نکل آئے باہر

زرفشانی کی اگر وصف لکھون کاغذ پہ
تارِ مقیش کی بنجائین خطوطِ مسطر

در پہ اوسکی صفتِ مفلسِ بے برگ و نوا
روز پھرتا ہے فلک اوڑھ کی نیلی چادر

اس توقع پہ کہ خالی نہ پھرے ہاتھ نہین
کاسۂ مہر کبھی ہے کبھی ہے جامِ قمر

غرق گوہر مین کرے جو صلۂ سائل کو
جس طرح آب مین ہے غرق سراپا گوہر

بہرِ تکلیف ابر موجِ تبسم ہر دم
دہنِ زخمِ عدو مین ہے زبانِ خنجر

خشک ایسا نگہِ قہر کا نظارہ کرے
کہ سرِ تیرِ نظر تک بھی نہو خون مین تر

آنکھ سے ستم کی جھپک جاے اگر خواب مین بھی ‏ ‏ دیکھ لے روز وغا قہر و غضب کے تیور

اوسکی محفل مین ہے جم کیف زمانِ زینت ‏ ‏ جام بردار ہے جم آینہ دار اسکندر

حکم خدام کو دے عود جلانے کا اگر ‏ ‏ مجمرہ چرخ بنے اخگر سوزان اختر

اس طرح اہلِ غرض کی ہے نگاہونکا ہجوم ‏ ‏ پردۂ چشم کا ذرات ہے پردہ در پر

رفعتِ قصرِ معلی کی نہ پوچھو تعریف ‏ ‏ دیکھکر بارہ دری چرخِ برین ہے ششدر

یہ کوئی گھر ہے کہ ہے عرش زمین پر پیدا ‏ ‏ یاکہ ہر درجہ ہے بیت الشرفِ ہفت اختر

جھوٹھ بھی سن لے اگر اوسکی فضا کا عالم ‏ ‏ ہشت جنت ہو شب و روز تصدق آکر

لب و دندان کا اگر عکس دکھائے اعجاز ‏ ‏ لعل گوہر ہو بنے لعلِ بدخشان گوہر

اسقدر لطف سے بخشا ہے ہر اک کو آرام ‏ ‏ کہ نہین ہیچ دلِ سیماب بھی ہو مضطر

وہ اگر طول شبِ عیش کو چاہے تا حشر ‏ ‏ پنجۂ مہر سے پکڑی نہو دامانِ سحر

آج تک مدح سے اوسکی نہوا حرف بھی کم ‏ ‏ شعرا نے لکھی ہر چند ہزارون دفتر

کثرتِ خیل و حشم کا جو سنے افسانہ ‏ ‏ چوم لے آکے قدم دستۂ سب سے محشر

باتون باتون مین حضورِ شہ عیسیٰ تقریر ‏ ‏ ہوتی ہین زندہ ہزارون دلِ مردہ آکر

مین جو سمجھا ہون لبِ روح فزا کو اوسکی ‏ ‏ کیا کہون خوف ہے اے حباب کہین گے کافر

نگہ لطف اگر سرخی الفت دکھلاے ‏ ‏ مثل یاقوت کرے دور حرارت اخگر

وہ دبیتا رہے گر اپنی طرح ترتیب ‏ ‏ دفترِ کن فیکون منتظم ہو آکے ابتر

جسکی کہتی ہے ہی فکر و نظمِ سخن ‏ ‏ اور صورت پہ دکھا طبع رسا کی جوہر

پڑھ کوئی مطلعِ باآب کہ سن اسکی جیسے ‏ ‏ غرق حاسد عرقِ شرم مین ہوتا یکسر

مطلع ثانی

کوئی وعدہ ہو جہان آئین پئی تخت افسر
کہاتی ہی گرز شہنشاہ کی سوگند ظفر

گر پڑی ہی فرقِ عدو پہ تو وہ صدمہ کہلای
کہ ہی نقشِ سُمِ گاوِ زمین کا مغفر

جانِ بدخواہ کو اک دم مین جو کہاتی ہی عدم
تیغ ہی یا ملک الموت کی موجِ شہپر

گر دمِ سیر ہو منظور سواری کا عروج
ماہچہ ماہ بنی کوکبہ مہرِ انور

کیا کہون مین اثرِ گرم مزاجیٔ سمند
تر ہو قطرۂ عرق کا صفتِ آب گہر

صرصرِ تیز قدم پاسکے کیونکر اوسکو
ہوش رفتار مین شوخی مین لگی برقِ نظر

تازیانی کا اگر نام بھی سن لی وہ کبھی
ہو یہ جولان کہ نکل جائی گمان سی باہر

سرکشی کیا کری اوس سی کوئی پامالِ غرور
در سواری ہی انجم سی زیادہ لشکر

آستان تک جو رسائی ہو کبھی خواب مین بھی
شکر کی سجدی کری کتنی ہی مین جا کی قیصر

کیا بیان ہو خدم و خیل و حشم کا اوسکی
اسقدر ہین کہ فغفور رہی اونکی چاکر

مختصر ہی سخنِ طول دعا بہ تسلیم
مدحِ سلطان ہی بہت حدِّ بیان سی باہر

کیا ترا حوصلہ کیا تیری حقیقت نادان
ہمہ دانی سی بیان ہیچ ہی اسنی بہتر

صدقِ دل سی یہ دعا کر کہ الٰہی جبتک
جلوہ افروزِ جہان ہین فلک و شمس و قمر

شاہ کی حاسد و بدخواہ عدو کو ہو نصیب
گردشِ بخت سی شورشِ دل و داغِ جگر

قصیدہ پنجم ایضاً

طبعِ رنگین نی کہلائی پھر نئی وہ بہار گل
پھر چراغِ ہوشِ حاسد ہو گیا یکبار گل

دیکھکر چپ ہی مگر کہتا ہی دل مین وا فقط
گلشنِ جنت مین بھی ہی یہ کہین بسیار گل

ہمعصر ہی غیر ہمرتبہ مرا ہو کیا مجال
وہ گلِ ہر رنگ و بو ہی جمع ان کی دستہ بار گل

بلبلِ موزون فغان ہون شعر ہی میرا چمن
نخل ہین مصراعِ رنگین معنیٔ بنجار گل

عطر بیزی گر مری الفاظ قدسی کی سنی
زرد ہو غیرت سے مثل نرگس بیمار گل

راز دار شور و خاموشی ہوں کچھ کہہ دوں اگر
گل ہی بلبل خفا بلبل سے ہو بیزار گل

دیکھ رنگینی بیاض فکر کی بی قصد ہے
دامن ہر لب سے گرتی ہیں بہ ہم گفتار گل

ہوں وہ کامل جذب الفت میں اگر چاہوں کبھی
چھوڑ کر بلبل کو ہو میری گلی کا یار گل

صلح کل میں سب سے ہے مرا بل چلتا نہیں
لائیں گی میری لحد پر کافر و دیندار گل

لیکن اس گلشن میں قحط قدرداں ہے ہوں خراب
جس طرح ہو موسم دی میں ذلیل و خوار گل

وہ گریباں چاک ہوں جاؤں اگر سوی چمن
دیکھکر مجھکو بنی اک دیدۂ خونبار گل

ہوں وہ سودائی جو اپنی چاک سینے سے مثال
کوڑیوں کی مول بکتی ہیں سر بازار گل

ہوں مصیبت آشنا کیا دیکھوں سیر بوستاں
میری نظروں میں کھٹکتی ہیں بشکل خار گل

داغ سودا داغ حسرت داغ دل داغ جگر
پھیلی ہم چار باغ عنصری سے چار گل

ہوش میں تسلیم آتا جب شکوہ دہر کا
سنکے ہر بلبل پریشاں ہی جگر افگار گل

آرزو ہی اور کوئی مطلع رنگین سنا
بی تکلف جس سے ہو ہر نقطۂ اشعار گل

مطلع ثانی

غفلت افزا بسکہ ہی بہر دل میخوار گل
پھول کی بدلی لی آیا ساقی سرشار گل

اوج پہ ہی اعتبار جوشش فصل بہار
کیا عجب بنجائی گر خار سر دیوار گل

جسطرف دیکھو نظر آتی ہی بلبل وجد میں
کر رہی ہی پیچھے سے لے کر بہ منقار گل

کہہ رہے ہیں راز دل ہمجنس باہم شوق میں
مونس پروانہ بلبل شمع کا غمخوار گل

عشق میں ہے سبزۂ دل صیاد و گلچیں بے خبر
ہنس رہے ہیں کھیلکر مثل لب ہشیار گل

کوئی پوچھے دل سے میخواروں کے اعجاز بہار
ہو گئی نقش و نگار خانۂ خمار گل

آرہی ہین نکہتین ہر سمت سو سو ناز سی — ہو رہی ہین یادگارِ طبلۂ عطار گل

شور ہین لاکر دلِ بلبل کو چپ ہین ناز سی — بن گئی لطفِ مزاجِ شاہدِ عیار گل

نور بخشِ دیدۂ سعد و رہی دیدِ چمن — کیا تعجب گر بنی چشمِ اولی الابصار گل

شکرِ قسمت کیا کرون مجکو دکھایا وہ چمن — ہر گھڑی ہی تف فشان جسمین ہی تکرار گل

مدحتِ واجد علی شہ جسکے قدِ جاہ پر — چرخ ہی آبی ربائی کہکشان تیغی وار گل

اس چمن آرا مین نقشہ ہی سراپا باغ کا — زلف سنبل چشم نرگس سرو قد رخسار گل

گر نگاہِ کم سی دیکھی اوسکی قصرِ جاہ کو — مردمک بنجای بہرِ دیدۂ اغیار گل

ہو جو پیدا شوقِ طرہ ہوشِ بلبل کیطرح — اوڑکی پہنچی باغ سی تا گوشۂ دستار گل

روئی روشن کا پڑا پرتو جو وقتِ سیرِ باغ — بنگئی مانندِ خاور مطلعِ انوار گل

جوشِ غفلت مین ہی کیا کیا مدحِ رنگین کا خیال — خواب مین بھی کھلا رہی ہین طالعِ بیدار گل

سر کی بل آتی چمن سی آپ کی پابوس کو — رکھتی گر مانندِ نکہت طاقتِ رفتار گل

گر زبانِ قہر ہو دلبین ہوای سیرِ باغ — خونِ دشمن سی کھلائی شاخِ نخلِ دار گل

تم پہ صدقہ کرنی کو پست و بلندِ دہر سی — آسمان کہتا ہی انجم دامنِ کہسار گل

شہرتِ الطاف اجلسی ہی نگین مزاجی آپکی — ہو گئی میری طرح عالم مین بیمقدار گل

صدقی ہمت کے پہنچو سی بی نیازی ہر زمین — ہین تو کیا ہر فصل مین اچھی گئی ہین ابتدا گل

بن کی گلدستہ جگہ پائی ہی جبسی بزم مین — رکھتی ہین باغِ جنان سی مثلِ ترنج عار گل

طولِ مدحت تا کجا تسلیم روک اپنی زبان — ہو ہما جا ناز کی سی قدردان کو بار گل

وقتِ رحمت ہی چمن پیرائی گن کی سامنی — بھیج باغِ مدعا کی جلد تر دو چار گل

ای خدا جبتک وہ کھائی سر دی گل گریبان — شعلہ ہی جبتک حضورِ مرغِ آتشخوار گل

ای جبتک ہے یاں ضرب و حرب مین مشہور ہے
بہر زخم داغ بلبل مرہم زنگار گل

رزمگاہ دو جہان مین ناوک [illegible] کا
خون اعدا سے ہی ہر دم لب سوفار گل

قصیدہ شیفتہ ایضاً

نغمہ سنجی کی نہ قابل ہی نہ سزاوار فغان
بلبل تصویر ہون کہتا نہین گو بازبان

لاکھ چھیڑ چھاڑ خاطر سے بھی کچھ کہتا نہین
بند رکھتا ہون تنگ غنچۂ پیکان دہان

ہر طرح پوشیدگی حاصل ہی مجکو غیب سی
سینے مین مانند دل ہون دل مین ہون مثل گمان

ہون نہان پیر بانی رمزدان آگاہ سے
میری خاموشی ہی میری اصلی طرح بیان

غیر لاہی کا کہان ہی لطف مضمون بلند
قابل پرواز کب ہی شہپر زاغ کمان

چاہتا ہی خلل بیجا سی کسی دل مین جگہ
بدگمان مجکو بھی سمجھا ہی مزاج قدردان

بسکہ ہون فیض نسیم صبح سے ہوئی ہی کامیاب
گنگ ہی آگی میری سحبان وائل کی زبان

آفتاب صبح عشرت ہون ولیکن [illegible]
ہوتی ہی شام مصیبت کے سیاہی سی عیان

بوی گل ہون گل کو بھی صحبت سے ہی ننگ و عار
ہون سبکروحی سی اپنی طبع نازک پر گران

ہین عبث اغواء اسیری اپنی آزادی کی ہین
تنگ ہی وحشت پہ میری وسعت کون و مکان

جز پریشانی شریک ماتم ہستی نہین
ہون گرد چراغ آہ بزم بیکسان

خاک کی ہی [illegible] غبار دل ہی [illegible] عنصر مین شریک
جی بہر آئی گر مین دیکھون سبزی کشت زعفران

گھر کیا خانہ خرابی سے دل برباد مین
آج کل ہی اپنا سینہ غیرت ہندوستان

عین پستی مین خیال سربلندی ہی مجھی
ہون ترقی آشنا مثل غبار کاروان

شوکت تخت سلیمان ننگ ہمت ہی مجھے
گرچہ ہون منت کش پابوس مور ناتوان

حرف [illegible] ہون کہ منہ سے پھر نہ ہرگز نکل سکون
کلک قدرت گر لکھے سون نہ رو ہی امتحان

گرد آتی ہو پیدا بعد میرے جا بجو
ہین اسیر قافلہ تہا وہ ہی گرد کاروان

رفتہ رفتہ اب یہ دولت بی بری کی ہر مین
بن گیا ہون اعتبارِ وعدۂ وصلِ بتان

اتنی ہی بیجا نہین ہین جو آئی خیال
کون آوارہ کیون پہرتا ہون رہتا ہون کہان

تا کرین پیدا نہ شکلِ قرصِ نان پر کاروار
مجکو چپکا بہی نہین دیتا ہی سنگِ آسمان

سخت مشکل ہو گیا دم بہر بہی جینا دہر مین
خضر نی کیونکر بسر کی آہ عمرِ جاودان

غرض ہین کس سی کرون یہ ماجرائی بیکسی
دوست دشمن جو ہین بیگانہ ستمگر مہربان

دیکھنا کیا فریبِ آمدِ روسی ہو خراب
ہان نہین انصاف کرنا غمگسار قصہ سوان

مجکو سودائی سرِ گیسوی بختِ ارجمند
اور وہ زنجیرِ پای غفلتِ خوابِ گران

ہوشیار ای خامۂ بیہودہ پیما ہوشیار
تا کجا وقفِ زبان آئین و رسمِ شاعران

گل کہلایا چاہتی ہی آمدِ فصلِ بہار
رنگ لایا چاہتی ہی اب آہنگِ فغان

پہر دکہاتا ہی ترقی جوشِ مستانہ مرے
کرتی ہی پہر نازِ معشوقانہ طبعِ نوجوان

پہر نگاہین ڈہونڈہتی ہین مجمعِ احباب کو
پہرتی ہی پہرتی آنکھون مین [illegible] دوستان

بی تعلق ہون تعلق کی تمنا سی مجھے
لپٹی جاتی ہی ہر اک تصویرِ دیوارِ مکان

صورتِ آدم جو دیکھون چاکِ پہلو اس گہڑی
مثلِ حوا [illegible] پہلو سے [illegible] خوش نشان

مطلع مضمون تھا یاد آیا ہے مجھے
جس سے پیدا ہی عروج التماسِ قدسیان

مطلعِ ثانی

اوج دکھلاتا ہی حسن بیست فطرت زبان
بوسہ دیتی ہی زمین لیتا ہی کہیا آسمان

دیکھکر جوبن بہارِ سبزۂ نوخیز کا
گر گیا [illegible] ہی حسن [illegible] نشان

چومتا ہی ہر جہان غنچۂ گل باغ مین
زمزمہ ہو کر بن گیا [illegible] بلبل کی زبان

جوشِ مستی مین جوانانِ چمن کے سامنی
چلتی ہی بادِ صبا کرتی ہوئی اٹکھیلیان

دیکھکر مستون کو دخترِ رز کنارِ جام سے
ٹپکی پڑتی ہی ہمہ تنگِ اشکِ چشمِ گلفشان

ہر خسِ رضوان کا بھی نخوت سی نہین ملتا جواب
بنگیا معشوقِ بی پروا مزاجِ باغبان

خستۂ آوارہ و رسوا و ذلیل و بی وطن
پھرتی ہی پھیری طرح بادِ خزان بیخانمان

سنبرِ شاخ پر پڑھتی ہی بیٹھی عندلیب
خطبہ ہی مدحتِ امجد علی شاہِ جہان

جسکے اوتی ریزشِ زر کی بدولت ہر مین
مختصر ہی طولِ دامانِ زمین و آسمان

پڑ گئی تھی اک نگاہِ مہر جو روزِ ازل
آج تک ہی کاسۂ خورشیدِ انور زرفشان

عادل و مسکین نواز و مہر بخش و ظلم کاہ
صاحبِ جود و سخا و دستگیرِ بیکسان

نکہت افشانیِ دامانِ شمیمِ خُلق سے
ہو رہا ہی حلقۂ آغوشِ عالم عطردان

گر سنی تقریرِ روح افزا تو فرطِ شوق سے
بلبلِ تصویر بہرِ گفتگو کھولے زبان

ہر گدا ہی دہر مین فیضِ جبین سائی سی شاہ
بنگیا ہی داغِ سجدہ کوکبِ بختِ جوان

پشتِ دشمن سے اگر پڑ جاے سایہ تیغ کا
بطنِ مادر سی عدو زادہ ہو پیدا خستہ جان

جس گھڑی کیجی نگاہِ قہر سی سوی عدو
عافیت پیدا کری تاثیرِ مرگِ ناگہان

تیغ اوسکی گر میان عرصۂ رستم چلی
آتی کوسون بہرِ استقبال شورِ الامان

دیکھکر اوجِ مراتب سینۂ گردون ہے چاک
واہ ری نادانی کہ سمجھی ہین اوسکو کہکشان

ہون مین حیران اوسکی اسپِ خوش عنان کو کیا کہون
نبضِ بسمل یا نظر یا جلوۂ برقِ طپان

یا تو آتش پارہ ہی یا مزاجِ گرمِ یار
یا پری یا رنگِ جستہ یا تصور یا گمان

گر خلافِ رای عالی بند و بستِ دہر ہو
دورِ دوران کی طرح برہم ہو ترکیبِ جہان

رفعتِ قصرِ معلی کی لکھون تعریف کیا
تارکِ عرشِ برین ہی زیرِ چترِ سائبان

خاک ہو بوسہ علیسر آستانِ پاک کا
بستی گا و زمین ہی اوجِ فرقِ فرقدان

کھینچتے ہین آنکھہ مین جن بشر غلمان و حور
ہو گیا ہی سرمۂ بینش غبارِ آستان

عالمِ علوی ہی اوسکی دلفریبی پوچھی
گرد پھرتی ہین تصدق کی لیئی آسمان

اس قدر طبعی دی غیرت نی وقتِ ہمسری
چھپ رہا آخر نگاہِ خلق سی باغِ جنان

اوسکی کوچی کی ہوائین رشکِ انفاسِ مسیح
اوسکی چوکھٹ سجدہ آموزِ جبینِ انس و جان

کیا مصفا ہین در و دیوار جسکے سامنے
دیکھہ لیتا ہی بشر سب دل کی اسرارِ نہان

چرخ پر حکمِ قضا سی پھرتے ہین وصفا
صورتِ جاروب بنجاتی ہی شب کہکشان

قصرِ والا مین فروغ افزا ہی ان ذاتِ مکین
شمع روشن جسطرح محفل مین یا قالب مین جان

پھر وہ مین نہی ہی اسطرح بی کیف و کم
جیسے خطِ استوا پر آفتابِ آسمان

شوکتِ اسلام دکھلائی اگر وہ شاہِ دین
پانی پانی ہو کی بہ جائی دلِ سنگِ بتان

ذات اوسکی دشمنِ بتخانہ مانندِ خلیل
مسجدون کی واسطی داؤدِ ثانی ہیکلیان

آفتِ امید کا فِ لطفِ جانِ حق پرست
برقِ کشتِ شرک ابرِ نوبہارِ مومنان

حکمرانِ ملکِ جان سر دفترِ دیوانِ دل
شوکتِ دینِ محمد قوتِ اسلامیان

آسمانِ بخت و دولت آفتابِ عز و جاہ
مشرقِ صبحِ سعادت مطلعِ نام و نشان

بہترین نقشِ حکومت و ادب دارا حشم
دادگر نوشیروان شمشیر زن چنگیز خان

باعثِ تسکینِ دل آرامِ جانِ مبتلا
لمعۂ نورِ خدا روحِ تنِ روحانیان

تا کجا تسلیم جوشِ مدح خوانی ہان خموش
ہو رہی گا پھر کبھی طبعِ رسا کا امتحان

ہاتھ اوٹھا پھر دعا جلدی کہ بامِ عرش پر
کب سی ہین آمادہ آمین لبِ روحانیان

ای خدا جبتک عروسِ نظم ہی خاطر فریب
خوش ثنائی ای خدا جبتک ہی سحرِ شاعران

اے خدا جبتک ہے رعنائی جمالِ اہلِ سخن ۔۔۔ اہلِ معنی اے خدا جبتک ہے رسوائی جہان
شعر میں جبتک ہے غیبت ممدوح کو حاصل رہے ۔۔۔ شوکت و اقبال و جاہ و دولت و نام و نشان

قصیدۂ ہفتم در مدح عالی مناقب والا مناصب نواب مجید یار خان دام اقبالہٗ زیب سورت

مژدۂ مرگِ عدو ہے انقلابِ روزگار ۔۔۔ آرزو بنکر نکلتا ہے مرے دل سے غبار
رات دن بیت و بلند ہو رہا ہے پیشِ نظر ۔۔۔ شوخیاں دکھلا رہا ہے ابلقِ لیل و نہار
جوشِ خاطر ہو رہا ہے داستانِ زلف و دست ۔۔۔ عرضِ مطلب طول ہو جاتا ہے وقتِ اختصار
طرفہ سامانِ طرب ہے آتی آتی تار بان ۔۔۔ نغمہ بجاتی ہے فریادِ دلِ بی اختیار
سینۂ صفحہ ہے صحنِ بزمِ عشرت آجکل ۔۔۔ رقصِ شادی کر رہا ہے خامۂ مضمون نگار
کاروانِ اشکِ حسرت نے کیا ترکِ سفر ۔۔۔ سینۂ عشاق کی مانند خالی ہے کنار
فرق لایا جوشِ شادی خاطرِ عشاق میں ۔۔۔ جای نالہ قہقہہ ہوتا ہے منہ سے آشکار
پاک ہے آغازِ مطلب تہمتِ انجام سے ۔۔۔ ہر تمنا میں ہے طولِ ہمتِ پروردگار
روح بھی مجروح جاتی ہے چلو کی تا افلاک ۔۔۔ آج کل موجِ ہوا کرتی ہے کارِ ذوالفقار
جوشِ مستی میں لحاظِ توبہ و وعظ کہاں ۔۔۔ ساقیا برخیز و ہمت کن شتابی می بیار
چھیڑتی ہے خاطرِ مشتاق کو موجِ نسیم ۔۔۔ گدگداتی ہے طبیعت کو ہوای لالہ زار
مطلعِ رنگین چمن پیرا باغِ فکر ہے ۔۔۔ دامنِ اندیشہ ہے ہمرنگِ دامانِ بہار

مطلعِ ثانی

زندگی کیا مردے بھی ہیں منتِ کشِ فیضِ ہوا ۔۔۔ ہو رہا ہے سبز نخلِ شعلۂ شمعِ مزار
بسکہ ہے جوشِ رطوبت آتی آتی تا زمین ۔۔۔ سبزہ ہو لائے اگر بوئے کوئی تخمِ شرار

کیا تعجب ہے اگر ریش سفید خضر بھی — سبز ہو جائے بہ رنگ سبزۂ رخسار یار

آپ سے باہر ہی کیا کیا ہر گل تر باغ مین — گرتی ہے ڈال مین جامہ گلابی رنگ فرط بادہ بہار

شوخ چشمی کس بیباک کی ہین کیا کہون — جھانکتی ہے پردۂ برگ شجر سے بار بار

ہر حباب آب جو مشتاق حسن دوست ہے — صورت آغوش بنجاتی ہے موج جویبار

دو گھڑی بھی ایک عالم پر نظر آتا نہین — ہو گیا رخصت مزاج باغبان کا اعتبار

عقدۂ زلف صنم کی کھلتین ہین باغ مین — بنگیا ہے داغ لالہ نافۂ مشک تتار

رفعتین دکھلا رہی ہین خاکساران چمن — سرمۂ چشم فلک ہے صحن گلشن کا غبار

واہ کیا فیض بہاری ہے کہ بربادی مین بھی — آج کل ہوست پہ ہے سبکو گمان سبزہ زار

گوش بلبل کو سناتا ہے لب گل ہر طرف — رحمت وہاب یا باغبان والا اقتدار

جسکی احسان و سخاوت جود عالمگیر سے — ہر گدا و بینوا ہے مثل قارون مالدار

حسن وجہ یا کہ شب بھر اشتیاق دید مین — پھرتے گردون ہی کواکب بھی ہمہ تن چشم زار

دیکھ لیتی خواب مین جلوہ جمال پاک کا — حضرت یعقوب کو ہوتا نہ یوسف ناگوار

جلوۂ خورشید تاباں ماہ سے روشن ہوا — داغ رکھتا ہے جگر پر شاہ لیل و نہار

دیکھکر صرف سخاوت کہتی ہے حاتم کی روح — ہمت والا کی صدقے جود و احسان کی نثار

ہو اگر سو نسخہ صبح ازل شام ابد — اور ہو پیدا ترقی صفر مین ہر دم ہزار

صفحۂ کونین پر لکھین کراما کاتبین — ہو نہ تو بھی اک عطای نعم خلد کا شمار

آب گوہر فی و ہم بخشش نے دکھلایا کمال — کشتی درویش طوفانی ہوئی انجام کار

ہر سحر بالای قصر آسمان ہیری طرح — اک نگاہ مہر کا خورشید ہے امیدوار

گر سنی افسانہ جرأت تو فرط خوف سے — نبض بسمل کی طرح تڑپی رگ اسفندیار

دیوان تسلیم
مطبع منشی نولکشور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الالف

عاشق دلِ خموش ہی حسنِ قدیم کا
یہ بیزبان رقیب بنا ہی کلیم کا

لکھون گر اوسکی قامت و زلف و دہن کی وصف
ہیر سخن ہو عقدہ الف لام میم کا

سوزِ غمِ فراق مین برسون بھڑکا ہون مین
اب کیا جلائی گا مجھی شعلہ جحیم کا

ہر وقت آرہی ہی ہوا باغِ قدس کی
کسکو دماغ خندۂ موجِ نسیم کا

جب سی دلِ حزین ہی گذرگاہ نورِ پاک
مسجود مثلِ کعبہ ہون عرشِ عظیم کا

محتاج ہون غنی سی نہین تہی مین کم
نظارگی ہون حلقۂ بابِ کریم کا

صنعت کو اوسکی دیکھکی دیوانون کیطرح
چلتا ہی تنکی دو ہمہ کیا کیا حکیم کا

مین کیا جو اوسکی کنہِ حقیقت کو پاسکون
گل ہی چراغِ ہوش یہان ہر فہیم کا

پھلتا ہی دل فراق مین اوس نوبہار کی
جوبن ہی داغ ہر گلِ باغِ نعیم کا

عشقِ مسیح مہر نی ایسا کیا ضعیف
عالم ہی جسمِ زار پہ نبضِ سقیم کا

عاشق ہوں کوئی خاص اور ہوں گناہ رحیم
خواہاں نہیں ہیں آپ کی لطفِ عمیم کا

تسلیم کچھ میں شاعرِ رنگیں بیاں نہیں
گلچیں ہوں اپنی گلشنِ طبعِ سلیم کا

۲ ۱۶

گل افشاں عشق ہے دل میں شہیدِ روئے پیغمبر کا
نمونہ ہے مرا سینہ بہارِ ہشت جنت کا

تپِ عشقِ محمد سے دلِ تاریک روشن ہے
چراغِ شامِ بیکس ہے شرارہ داغِ حسرت کا

کھلیں گے قبلہ رخ تربت پہ میرے پھول نرگس کے
لیے جاتا ہوں ارماں دل میں تربت کی زیارت کا

رسالت کی گواہی دوں گا میں دل تشنہ مر کر بھی
کہ انگشتِ شہادت ہوگا شعلہ شمعِ تربت کا

جہنم کیا جلائے گا مجھے جب تنگ آؤں گا
پکار اٹھوں گا بیتابانہ لیکر نام حضرت کا

عجب کیا گر فرشتے گور میں میرا پڑھیں کلمہ
کہ ہر داغِ جگر نقشِ نگیں ہے مہرِ نبوت کا

شمیمِ خلد آتی ہے شہیدِ تیغِ الفت کو
ہر اک زخمِ دلِ صد چاک دروازہ ہے جنت کا

لباسِ کعبہ بھی ہے شہپرِ جبریل محشر تک
لکھوں گر حالِ ہو ناتواں وصفِ عظمت کا

عتابِ کم نگاہی ہے شفیعِ عاصیاں کب تک
چھٹا جاتا ہے دامن ہاتھ سے امیدِ رحمت کا

یہی حشمت اگر ہے تو معاذ اللہ محشر میں
سیہ کاری سے مجرم کی نہ لکھی نسخہ شفاعت کا

تمنا ہے مجھے گر ہمرہی کی کوئے اقدس میں
کسی ادھر کو مژدہ دو مجھے فردوسِ جنت کا

نہ جائے گا یہ سودا خاطرِ ہمدم سے مر کر بھی
گریباں ہوگا میرا ہاتھ میں صبحِ قیامت کا

وسیلہ گر نہ ہوتا آپ کے وعدے کا محشر میں
سہارا ٹوٹ جاتا میرے دل کی طرح امت کا

تو سن اے رب میں کہتا ہوں تجھے یہ انصاف کیتا ہے
گنہگاری کا مجھ پر خاتمہ ہے پھر شفاعت کا

ہزاروں داغِ الفت ہیں آتشِ سوزِ جسم بھی
خدارا داد دو ہر ہی کوئی جیتا آپ حسرت کا

بلند کیا کروں کیا شکوہ تسلیم پستی میں
کہ نقشِ پا بھی آتی ہے تقریباً حضرت کی اوست کا

مرادیں تو جوانی کی بر آئیں عہدِ پیری میں
کٹی شب صبح مجکو گویا کھلا دروازہ زندان کا

دلِ نالان کا ہمی داغِ الم دم بھر نہیں ہٹتا
اجارہ ہو گیا ہی خانۂ مفلس پہ مہمان کا

ملا ہی کونسا رشکِ سمن یارب گلی جس سی
گریبان پر گمان ہوتا ہی صبحِ گلستان کا

رفیقانِ جنون کی آمد و رخصت برابر ہی
کھٹکتا ہی نکلنی میں بھی خارِ مغیلان کا

کٹی عمرِ دو روزہ مثلِ شیشہ بزمِ عالم میں
نہ سر پیدا کیا ہمنی لیا احسان نہ سامان کا

سنو کچھ اور بھی تسلیم میری نالہ ہوں
ارادہ ہی ترقی پر ابھی طبعِ سخندان کا

۱۲ ۷۵

تماشا جامہ زیبی دیکھی کی خونِ شہیدان کا
گریبان پیرہن میں ہی ہلالِ عیدِ قربان کا

جنون میں بھی شریکِ بیکسی ہی تن جسمِ عریان کا
کبھی ہی منہ میں دامن کبھی ہاتھ گریبان کا

اجل محروم پھر جائی کوئی بوسہ جو دندان کا
کہ میری حق میں یہ موتی ہی قطرہ آبِ حیوان کا

دلاتا ہی ہمیں کیوں یاد واعظ صبحِ فردا کی
غمِ محشر کوئی ضد نہیں ہی شامِ ہجران کا

ٹپکتا ہی نہانی میں جو قطرہ اونکی بالوں سی
گمان ہوتا ہی زلفِ پُرشکن پر ابرِ نیسان کا

وہ کافر کفر و دین کی بحث کو مسجد میں جاتا ہی
الٰہی خاتمہ بالخیر ہو زاہد کی ایمان کا

صبا اوڑتی ہوئی لائی خبر جب مرگِ بلبل کی
گریبان گل نی پھاڑا اسی کہیں غنچی ہوئی مشتِ پریشان کا

جنون میں یہانتک جھک گیا ہی ناتوانی سی
کہ مجکو حلقۂ زنجیر حلقہ ہی گریبان کا

میں وہ آتش قدم ہوں گرمیِ رفتار نی میری
بنایا جادۂ صحرا کو رشتہ شمعِ سوزان کا

تلاشِ یار کی سرگشتگی مر کر بھی باقی ہی
بگولا پھر رہا ہی آج تک خاکِ غریبان کا

پشیمان کی ہوئی فصلِ جنون اے ضعف میں صدقے
کہ تو نی فصلِ گل میں کھیلا پرزہ گریبان کا

ہوئی جب قید سے رخصت جسم پر جو نوبت نظر آیا
گیا ہمراہ یوسف کی وہ جوبن کنجِ زندان کا

فلک کی شکل بدلی فرقتا جوزہ وصلت کے
عجب سختی کہتا ہون مین شب تکلیف ہجران کا

جنون کے جوش مین کہا زندگی کٹتی ہے راحت سے
کرم ہے فرقت غربت کا سبب احسان بیابان کا

اثر کرتی نہین اعلی کو صحبت پست فطرت کے
ہوا دامن گرد آلودہ عکس ماہ تابان کا

کیا ہے تیر باران اس قدر بے رحم قاتل نے
کہ پہلو مین ہر دل نازک ہے شیشہ آب پیکان کا

بستر تاہون عریان مثل طفل اشک محرومی
پشیمان ہے تیغ دامن کا نہ شرمندہ گریبان کا

ادہر سے قافلے لاکہون گنہگارون کے جاتی ہین
الہی عالم رحمت مین کیا ہے قحط عصیان کا

جنون صحرا مین بہی آکر نہ آزادی ملی ہمکو
یہان بہی حلقہ آہو ہوا ہے حلقہ زندان کا

کہلا گرمی سوز دروں نے کردیا پانی
بتائے کیا پتا قاتل دل مجروح پیکان کا

ابہی تک گہر مین بیٹہا غیر سے باتین بناتا ہے
جنازہ اوٹہ گیا غافل ترے ناکام ہجران کا

جہنم ہو کہ طوفان کہتی ہین کچہ نہ جچی ہمکو
دل پر سوز کا صدقہ تصدق چشم گریان کا

جنون پہر کفن بے سوا نکلا لاش غریبان کو
کہ بس ہے پردہ پوشی یکسان دامن بیابان کا

اوب آمیزی دست جنون طرفہ تماشا ہے
جہکا آتا ہے سوی پای دامن سر گریبان کا

مقابل آج ہے تسلیم خستہ اہل معنی سے
خدایا آبرو رکہنا تصدق شاہ مردان کا

تہ خنجر رہا تک پاس تہا قاتل کی امان کا
برنگ شمع کشتہ جل گیا خون تیغ خندان کا

گران ہے جامی جنون کیا دل پر صدمہ سنگ طفلان کا
کہ ہین جن پیرہن پایا ہو اختی وران کا

وطن مین تازہ وارد ہون طبیعت مین کہان ہلچل
ابہی پہرتا ہے آنکہون مین ہی نقشہ بیابان کا

دو عالم قتل ہو گا اک نگاہ ناز سی تیری
ستمگر کسکو دی گا خونبہا خون شہیدان کا

کبہی اشک نے دیکہا اور کچہ جز اشک محرومی
ملا [illegible] دامان [illegible] کا

فروغِ داغِ ہجرِ رفتگان و ہم ہے سینے مین
بہروسا کیا چراغِ تربتِ گورِ غریبان کا

دلون مین ہوشیاری تفرقہ انداز ہوتی ہے
کہ بیداری سی ست جاتا ہی باہم وصلِ مژگان کا

نہی شکلین ہمارون وزین بنکر بگڑتی ہین
دلِ بربادمین نقشہ ہی بازیگاہِ طفلان کا

کہون کیا اضطراب اسکا اِدہر آئی اودہر بہاگے
شبِ وصلت یہ سایہ پڑ گیا عمرِ گریزان کا

کہانتک نازِ بیجا سخت جانی ابتو فرصت دے
کہ دم گہٹنی لگا ہی اونکی شمشیرِ صفاہان کا

کیا کیون پہلکر زخمونکو پردہ آج ای قاتل
دلِ مجروح نی شاید شگافِ زخم سی جہانکا

دکہا جاتی ہین وہ تسلیم صورت چہپکی غیرون سے
اثر پیدا ہوا اتنا تو باری شوقِ پنہان کا

پہونکتی کیا نالۂ سوزان سی گہر صیاد کا
حوصلہ ہی حوصلہ تہا بلبلِ ناشاد کا

کیا کہون مین شل ہی عالم دلِ ناشاد کا
سینے سی لب تک بہرا ہی حوصلہ فریاد کا

کم نہین ہوتا ارادہ خاطرِ ناشاد کا
شام سی منہ چومتا ہون صبح تک فریاد کا

گر یہی ہی پاس او ظالم تری بیداد کا
حشر کی دن بہی نہو گا حوصلہ فریاد کا

دیکہتا ہی باغ مین عالم قدِ آزاد کا
آب جو ہی آینہ اوس غیرتِ شمشاد کا

کہہ دیا کیا تیرہ بختی نی کہ ٹل سکتی نہین
آج کچہ ہٹ پر ارادہ ہی شبِ فریاد کا

مرتی دم بہی ساتہ ہی سرگشتگی تقدیر کے
حلق پہ پہر پہر گیا منہ خنجرِ جلاد کا

کیا الگ رہتا ہی عاشق کو ملا کر خاک مین
چرخ بہی شاگرد ہی میری ستم ایجاد کا

ظالمون نے کر دیا خالی گل و بلبل سی باغ
گہر ہی گلچین کا بسا آباد گہر صیاد کا

دستِ گلچین خشک ہو کر رہ گئی صد شکر ہی
صبر ٹوٹا عندلیبِ آشیان برباد کا

کیا حرارت تہی کہ کہائی جنون سے جا بخون
پانی پانی ہو گئی نشتر یہ کیا فصاد کا

ای جنون طبع تو سلاسل پہ کرتی ہی آنکھین لال
دل اُٹھی سی توڑنا اچھا نہین جلاد کا

اپنی غفلت نے بھلایا دل سی عارض کا خیال
خود فراموشی نی گھر لوٹا تمھاری یاد کا

شام کو جو دیکھتی ہین صبحدم وہ کچھ نہین
خواب کا نقشہ ہی نقشہ عالم ایجاد کا

مجھسے مونون سیکھی شست کوہ مین آداب عشق
ہون معلم قیس کا استاد ہون فرہاد کا

مُنہ پہ چھٹتی ہی ہوائی بی تری گلزار مین
رنگ میرا ہمسفر ہے نکہت برباد کا

تہا وہ غمگین رو دیا سنکر نوید عیش ہے
شور ماتم ہوگیا غل مبارکباد کا

نالہ کیسا کہہ رہی ہی گل سی بلبل باغ مین
کچھ لکھا تقدیر کا افسانہ کچھ صیاد کا

یاد آتی ہین لحد مین حسرت اندوہ و غم
داغ ہی دلپر متاع خانہ برباد کا

اوج سی اپنی پشیمان ہوتی ہین بیداد گر
سرنگون پایا ہمیشہ چرخ بی بنیاد کا

کیا نحوست تھی ہے چہری کا سماں سادن بھر رہا
صبحدم دیکھا تہا مین نی آج منہ صیاد کا

بدگمان جلاد ہے غیرت سی ہین تیغ ماں آب آب
زخم نی پانی چرایا خنجر فولاد کا

یاد کسی پہ وہ نشین کی آگئی عصمت مجھے
آکی لب تک رک رہا نالہ دل ناشاد کا

فیض صحبت سے کوئی ادنی ہوا اعلی کیا مجال
آدمی ہونا نہین ممکن کبھی ہمزاد کا

عشق بی تاثیر کی بخشی ندامت اسقدر
روز و شب آنچل ہی منہ پہ دامن فریاد کا

باپ کچھ آوار کی اولاد کی کرتی ہی قتل
زخم گل شاہد ہی جبر نکہت برباد کا

بخت بلبل کی ہین صیاد کی فصل گل آئی نہین
پڑ گیا صحن چمن مین جھو پڑا صیاد کا

جب ملی گر گلی ہی زخم تن خندان ہوئی
ڈھنگ سیکھی تیغ آغوش مبارکباد کا

دیکھتا ہون بیکسی کا اپنی جوبن قیمت قتل
آئینہ ہی منہ مجھی نامہربان جلاد کا

خاک ہی غم کر دل پہ داغ ہی آتش فشان
پاسبان ہی غول اجری خانہ برباد کا

شعر جاں پرور لبِ شیریں سے نکلی واہ کیا
دم بھری آئینہ کیونکر گویا مادر زاد کا

قید سے آزاد ہیں رنگین مزاجانِ چمن
خار سے الجھا نہ دامن نکہتِ برباد کا

بیڑیاں لے آتا ہے پہنانی کچھ ایسی کر دعا
ای جنون مجکو مبارک ہو قدم حداد کا

وہ ہوا خواہ اسیری تھی کہ آزادی کے بعد
رو دیے ہم دیکھکر خالی قفس صیاد کا

کیا لگائی ہیں کسی نے شاخِ گل کی تیلیان
بلبلیں آنکھوں سے ملتی ہیں قفس صیاد کا

باپ کو آوارگی اولاد کی کرتی ہے قتل
زخمِ گل شاہد ہے بچۂ نکہتِ برباد کا

کیا چھپی ہے [illegible] تسلیم رازِ نیک و بد
ہر بشر کی ساتھ اک جاسوس ہے ہمزاد کا

مرگئی ہے شعلہ فشان ہے دلِ پُرسوز مرا
گرمیان کرتا ہے اب تک نفسِ سرد مرا

دیکھکر وہ گلِ نوخیز ہے ہنس دیتا ہے
اب تو ہے اور ہی جوبن پہ رخِ زرد مرا

دشمنِ عیش نہ ہو دل کی تمنا اس سے
دوستی کی نہیں قابل دلِ پُردرد مرا

وادیٔ عشق میں ہوں روزِ ازل سے برباد
پوچھتے کیا ہو ٹھکانا صفتِ گرد مرا

ہوں وہ دیوانہ کہ منشیٔ قضانی تسلیم
پہلے مجنون سے لکھا نامِ سرِ فرد مرا

کرتا ہوں ذکر میں دمِ پیری شباب کا
افسانہ گو ہوں عالمِ حسرت میں خواب کا

ہر چند فاقہ مست ہوں ہمت بلند ہے
بدلوں نہ آفتاب سے ساغر شراب کا

کاہل سے ہے مریضِ اجل کی دوا محال
رعشہ مسیح سے نہ گیا آفتاب کا

جس دم بھرا ہے [illegible] تنگ ظرف کچھ نہیں
ہستی کی ہے دلیل ابھرنا حباب کا

بیماریٔ فراق میں گذری تمام عمر
آنکھوں نے میری خواب بھی دیکھا نہ خواب کا

[illegible]
موزوں ہی [illegible] حال مری اضطراب کا

روتا ہون بر سون عارضِ گلگون کی یاد مین / سینچا ہوا ہی نخلِ محبت گلاب کا

مژگان تک آئی تہی نگہِ گرم بہی نہین / تر ہو گیا پسینے سے دامن نقاب کا

دونون جہان مین لطفِ خموشی نہین نصیب / جہگڑا ہی گور مین بہی سوال جواب کا

خالی ہی بادہ سی تو دل کو ہے / رہتی ہو سامنے مری ساغر شراب کا

حسرت گئی نہ دیکہتی ہی نیا ایامِ شباب کی / باقی ہی کچہ اثر ابہی آنکہون مین خواب کا

اہلِ زمین کی واسطی ساری ہین حادثی / صرصر سی گل ہوا نہ چراغ آفتاب کا

خالی ہر ایک تن ہی نہ ہر گز آسمان مین کہی / عالم ہی چشمِ غیر مین چشمِ حباب کا

امکان نہین ہے خضر و مسیحا کی ساتہی / کچہ حال کہہ رہا ہی مری اضطراب کا

اللہ ری شعشعی رخِ تابانِ یار کے / چہمن چمن کے نور سے پردہ بنا ہی نقاب کا

نقش آ گیا ہی دیکہ کی گلچین خزان کا رنگ / چہیٹا دی عندلیب کے منہ پہ گلاب کا

دل مین تو ان کی یاد سی کرتا ہون عرضِ حال / پہلا نہین سوال مین میری جواب کا

قدرت نما ہون مین نہین کچہ سینے کو خلل / دی تیل جل رہا ہی چراغ آفتاب کا

برباد پہر رہا ہون نہین کچہ حصول خاک / گویا بگولا ہون مین جہانِ خراب کا

ہر دم خیالِ دیدہ سیکون کی جوش مین / پہلو مین دل ہی یا کوئی شیشہ شراب کا

حیرت سی ہی دیدۂ تصویر کی طرح / شرمندہ دید کا نہ پشیمان مین خواب کا

کیون کبہی بغل مین کبہی بوسی لون اگر / قسمت لگی قبا کی مقدر نقاب کا

یاد آگئی ہی مجہ کو کسی کی نگاہِ مست / ہر قطرۂ سرشک ہی قطرہ شراب کا

ایسا ہوا جو کشتہ یہ سیماب ہو گیا / کچہ رنگ لی اوڑا تہا مری اضطراب کا

گویا ایک شیشی سی مردم آبلی تی تو بہ کی / جب دیکہو سرنگون ہی پیالہ حباب کا

آنکھیں جو بند ہوں کی کھلیں پھر نہ وہ شکل
گذرا بہ رنگِ خواب زمانہ شباب کا

تصویرِ آئینہ ہوں بتوں کی حضور مین
خوگر سوال کا نہ پشیمان جواب کا

مرتا ہوں بے ثباتیِ ہستی پہ بعدِ مرگ
بالای قبر چاہیے گنبد حباب کا

ثابت ہوا مسیح بھی آتی ہیں ای فلک
سادہ پڑا ہوا ہے ورق آفتاب کا

آنکھیں ہجومِ کیفِ جوانی سی بند ہیں
دورِ شباب دور ہی مجکو شراب کا

ہیں کیا کہ آینہ بھی ترستا ہی دید کو
شاکی نہیں ہی کون تمہاری نقاب کا

لکھی ہیں شعر مین جو بیاضِ جبین کے وصف
دیوان کا ہر ورق ہی ورق آفتاب کا

۹

تسلیم اضطراب کی بدلی ہو دل کو چین
آئی زمانہ جلد کہیں انقلاب کا

۲۰

حشر میں پوچھو نہ عالم عالمِ اسباب کا
یاد ہی بھولا ہوا اسکو فسانہ خواب کا

سوزِ غم سی کیا کہوں عالم دلِ بیتاب کا
داستانِ برق ہی افسانہ ہی سیماب کا

کشتہ ہوں ای شامِ غربت حسنِ عالمتاب کا
دی کفن مجکو سحر پر چادرِ مہتاب کا

تا فلک پہنچا ہی طوفان دیدۂ پر آب کا
کہکشاں کی موج ہی گرداب ہی مہتاب کا

سنتی ہی حالِ پریشان اوڑ گئی آنکھوں سی نیند
میرا افسانہ نہیں افسون ہی کوئی خواب کا

چشمِ مجنون سی چمن کو دیکھ ای بلبل ذرا
محملِ لیلی ہی ہر غنچہ گلِ شاداب کا

گردشِ دیوانگی مین ساتھ ہی سیلابِ اشک
حلقۂ زنجیر اپنا حلقہ ہی گرداب کا

روتی ہوتی دل مین کوئی داغِ حسرت ہی نہیں
گھر مرا لوٹا ہوا ہی آمدِ سیلاب کا

آج تو گستاخیِ مشتاق ہو ای جان معاف
رک نہیں سکتا ارادہ خاطرِ بیتاب کا

انتظارِ یار سی تھمتی نہ دم بھر شکر ہے
چشمِ والی رکھ لیا فرقت مین پردہ خواب کا

زینتِ ظالم نہین کہتی جہان مین اعتبار
چند دم رہتا ہی جوبن پنجۂ قصاب کا

اتحادِ پست فطرت باعثِ راحت نہین
پانی پانی دل ہی بطِ چاہ سی مرغ ولاب کا

دہر مین بیحرص طوفانِ بلا سی پاک ہین
کشتیِ درویش کو خطرہ نہین سیلاب کا

حشر کو اوٹھنا ہی عریان دوست کیون پہر کفن
کرتی ہین شرمندہ مجھکو عالمِ اسباب کا

جنبشِ ابروی قاتل دیکھکر مر جائین گے
ہم نہ لین گی سر پہ احسان خنجرِ بی آب کا

دل سی بیجا یہ کی پوچھی عزتِ مہمان کوئی
خانہ ویرانی کی سر پر ہی قدم سیلاب کا

بعدِ مردن بھی خیالِ صحبتِ یاران رہا
گردِ دامن بنگئی ہون پابوس مین احباب کا

کشتۂ شبہای دوری ہون مصور کو مری
موقلم کیوا سطی لازم ہی پرِ سرخاب کا

سیلِ گریہ نی دکھایا خانہ ویرانی کا جشن
رقصِ شادی بحر مین چکر بنا گرداب کا

۱۰ — ہر گھڑی ہی ساتھ دم کی فکرِ نظمِ آبدار
ہر نفسِ تسلیم رشتہ ہی درِ نایاب کا — ۲۴

عمر بھر صورتِ تصویر مین گویا نہوا
کیا تمھین سی کہا ہی جو افشا نہوا

نالہ نی چھیڑی ہوئی غیر کی پیدا نہوا
ہین لبِ نی کی طرح آپ سی گویا نہوا

داغ کیا یاس کو بھی ہجر گوارا نہوا
ایک دل پر مری کس کس کا اجارا نہوا

آبرو نشو و نما کی کہان غربت مین نصیب
طفلِ اشک آنکھ سی گر کر کبھی برپا نہوا

کچھ تو ایسا ہی تمھارا جو اڑی ہین ورنہ
پہلی در پہ کبھی غیرون کا اجارا نہوا

عہد کیا کیا تھے مگر وقتِ جدائی دیکھا
غیر تو غیر ہی اپنا دلِ شیدا نہوا

صفتِ اشک چکیدہ یہ فلک نی کھویا
کہ دمِ حشر بھی کوئی مرا جویا نہوا

ہای کیونکر نکرون مین گلۂ محرومی
لاکھون ارمان تھی اور ایک بھی پورا نہوا

عمر بھر رشکِ عدو ساتھ تھا کہتا کیا حال
وہ ملا بھی کبھی تنہا تو مین تنہا نہوا

ملک الموت کی بھی جان غضب مین پڑتی
ہای اسد عمِ سرِ بالین وہ مسیحا نہوا

خون رلاتی رہی بد فالیِ شادی ہمسو لنا
زخم کی طرح مبارک مجھی ہنسنا نہوا

نزع مین سبھی ندیا سبزۂ خط کا بوسہ
ڈوبتے کو کبھی تنکی کا سہارا نہوا

خشک آنسو نہوئی طعنۂ اعدا سُنکر
خاک اوڑائے سہی بیابان کبھی دریا نہوا

مثلِ شمع تہِ فانوس رہا جلوہ فگن
اوسنے پردہ بھی کیا ہمسی تو پردا نہوا

کیا کہون مرتی ہین کس بات پہ دنیا والے
ای اجل مجھکو تو جینا بھی گوارا نہوا

شکل وہ کہلائی دمِ نزع نہ اوسکا فرقے
کیا کہین خاتمہ بالخیر ہمارا نہوا

کاملِ راہِ طلب قید سی کبھی آزاد
موج سے سلسلہ برپا سے کبھی دریا نہوا

شکلِ تصویر ہوا خلقِ جہان مین بیدل
مین کسے طرح ہوا خواہِ تمنا نہوا

نقش بر آب تھی ہم مٹ گئی بنتی بنتی
چہرہ پرداز بھی ہیہات شناسا نہوا

تھی وہ تصویرِ خیالی کہ سوا مٹنی کے
مفت بھی کوئی خریدار ہمارا نہوا

ظلمتِ دل ہی وہی لاکھ جلایا غم نے
پھونک دینی ہی سہی اس گھر مین اوجالا نہوا

ہاے رہی شک شبِ وصل مین اوسکا فرکو
پیار کرنا ہمین اپنا بھی گوارا نہوا

اوس فسونگر کی نظر ایسی مرے دل کو لگے
چشمِ بیمار کی صورت کبھی اچھا نہوا

۱۱	کیا کہون پھوٹ گئے دل مس گل ہی سی تسلیم صورتِ نکہتِ برباد حسین کا نہوا	۲۳

زور دکھلاتا ہی کیا کیا ضعفِ جسمِ زار کا
رنگ اوڑنی کو ترستا ہی مری رخسار کا

وصف ہی ہر شعر مین ہو می میان یار کا
میرا دیوان منتخب ہی مخزن اسرار کا

دید کی قابل ہی جوبن سبزۂ رخسار کا
معجزہ ہی سبز ہونا آگ پر گلزار کا

رات دن یونہین پڑیگی عاشقونکی گر نگاہ
بند ہوجائیگا روزن خود بخود دیوار کا

سخت جان ہون ہاتھ ایسا آج اے قاتل لگا
معرکی مین نام ہوجائی تری تلوار کا

خاک تسکین دے دلِ بیتاب کو پیغامِ وصل
کچھ فریب آمیز ہی وعدہ بتِ عیار کا

لاکھ جی ترسی مگر آرامِ تنہائی محال
میری بالین پہ اجارہ ہوگیا غمخوار کا

سیکڑون ہی عرصۂ محشر مین جائی سرخرو
مُنہ دہلا دی آج ساقی مے سے استغفار کا

کیون اوٹھاتا ہی ستمگر اپنی کوچی سی مجھی
ابتو سایہ بھی نہین سر پر تری دیوار کا

ناتوان تھا خانہ ویران مٹاتی کیا مجھی
پس گیا مین گر پڑا سایہ اگر دیوار کا

باعثِ زینت ہوا سوزِ جوانی دہر مین
داغِ سودا بن گیا طرہ مری دستار کا

عالمِ فانی سی تنہا ہی لحد آتا ہون مین
قافلہ ہی ساتھ میری حسرتِ دیدار کا

دہر مین ظالم ہمیشہ رہتی ہین شادی نصیب
کم نہین ہوتا کبھی خندہ لبِ سوفار کا

کیا خراباتِ محبت مین فلک کی آبرو
ایک جامِ واژگون ہی آپ کی میخوار کا

مر رہی ہین فرقتِ ابروی جانان مین رقیب
برجِ عقرب مین ہی اخترِ طالعِ اغیار کا

نیند کیا آئی اسی کل چشمِ روزن رات دن
پاسبان ہی بختِ خفتہ دیدۂ بیدار کا

رحم کی بدلی کیا احسانِ عداوت اور بہی
حوصلہ رکھتی سوالِ زخمِ دامندار کا

اس قدر کیون پیچ مین ڈالا ہی قسمت نے مجھی
مین کوئی مضمون نہین ہون کاکلِ خمدار کا

کیا نسیم آہِ بلبل نی کھلایا ہی ابھی
داغ کی دنیا ہی بو ہر گل مری گلزار کا

دخترِ رز کی دہر کیون لیچلا ساقی مجھی
خون ہوگا گردنِ مینا پہ استغفار کا

کیون نہ مرتا تیری در پر آکی مین خانہ خراب
میری قسمت مین کفن تھا سایۂ دیوار کا

شیخ کا اشتراکِ پائی کفر سی خالی نہین | رشتۂ تسبیح سلیمانی مین ہی زنار کا

۱۴

شرطِ الفت ہی یہی تسلیم بعد حشر بہی
ہاتہ سی دامن نہ چھوٹی احمدِ مختار کا

۱۵

عالمِ نقش و نگین عشق مین اپنا ہوتا | جان کنی ہوتی ہمین نام کسیکا ہوتا
موت ہی آتی نہ بالین پہ مسیحا ہوتا | کیا برا تھا مرضِ عشق جو اچھا ہوتا
انقلاب اثرِ عشق جو پیدا ہوتا | دستِ یوسف مین گریبان زلیخا ہوتا
غش تجلی ہی مجہی صورتِ موسی ہوتا | ہای پردہ بہی نہوتا تو یہ پردا ہوتا
کاش پہلو مین نہ میری دلِ شیدا ہوتا | اور ہوتا تو نہ کم حوصلہ اتنا ہوتا
مجکو مرنا شبِ تکلیف مین جینا ہوتا | ملک الموت بہی آتا تو مسیحا ہوتا
کیا پڑی تہی جو تری در پہ پڑا رہتا مین | مثل سایہ کہین پیدا جو ٹہکانا ہوتا
مانعِ کوچۂ قاتل ہوئی ناحق احباب | آج جو کچھ مری تقدیر مین ہوتا ہوتا
نعش پہ کاہی کو آئی سر مدفن آلے | عہد پیمان شکنی خوب نبہا ہا ہوتا
خاک تہا کر دیا برباد صبا نی صد شکر | اور انجام مرا اسکی سوا کیا ہوتا
تہا مین وہ تنگِ جہان ٹوٹ ہی جاتا جو کبہی | دیکہکر چین بجبین موج سی دریا ہوتا
کرتا کیا شکوۂ سفاک کہ ہمت پہ مری | خون برسون دہنِ زخم نی تہوکا ہوتا
لاکہہ اغیار پڑہاتی نہ کبہی وہ سنتی | کیا نہ لکہتی مری قسمت مین جو لکہا ہوتا
مر گیا دشت مین صد شکر کفن کی خاطر | کیا مین شرمندۂ احسانِ احبا ہوتا
تم اگر بام پہ ای جان دمِ رویت آتی | ماہِ نو حلقۂ آغوشِ تمنا ہوتا
عشق مین لذتِ حسرت کوئی مجہسی پوچھی | نامرادی بہی نہوتی تو مزا کیا ہوتا

۱۴ ہای سنتا ہون کہ رو دیتی ہین سنکر تسلیم
کاش نالہ بہی مرا شکوۂ اعدا ہوتا ۱۵

تہوگا حشر مین کوئی کسی کا
بہروسا ہے تو اپنی بیکسی کا

نہین معلوم بگڑی آج کس سے
مزا ہے دشمنی مین دوستی کا

دل اپنا ہے جبہی چاہین گی دین گی
اجارہ ہمین کیا ناصح کسی کا

رولاتا ہے مجہے کیون اسقدر بخت
لیا تہا نام مین نی کب ہنسی کا

سدا گریان رہا مانند شبنم
نہ دیکہا منہ مری غم نے خوشی کا

نہ کچہہ دنیا مین رکہتا ہون نہ دین مین
بہلا ہو دو جہان مین مفلسی کا

مجہی مرنی دی جیتے جی ہتون پہ
یہی ناصح مزا ہے زندگی کا

ہنسی جب زخم خون حسرت سے روئی
نہ توڑا ہمنی دل افسردگی کا

لحد مین بہی وہی غفلت ہی اپنی
نہ چہوٹا ساتہ مرکر بیخودی کا

بحیرت دیکہتی ہین وہ مجہے آج
تماشا ہون مین چشم نرگسی کا

یہ جوبن چند ساعت میہمان ہے
بہروسا کیا ہے حسن عارضی کا

پریشان ہین ازل ہی صورت زلف
مداوا کیا ہماری برہمی کا

خیال آیا تری رحمت کا جسدم
جگر پانی ہوا تر دامنی کا

سلامت ہین ابہی تک زخم دل سب
بڑا احسان ہے بیچارگی کا

جو دیکہین اس بت کافر ادا کو
دہرا رہ جای تقوی شیخ جی کا

تن خاکی کو ہے چوڑا لحد مین
خیال آیا جو عہد بیکسی کا

مجہی دو گز زمین دی بعد مردن
کہان یہ حوصلہ چرخ دنی کا

١٤ | مرا جو نالۂ موزون سے ہے تسلیم
تصدق سے ہے نسیم دہلوی کا | ٩

وعدہ جو کیا شام کو وقت سحر آیا — اوس ماہ مین خورشید کا عالم نظر آیا
کیا خاک کہا تہا دلِ پرسوز نی باتش — جو اور جلا اوسنے مجھے داغ جگر آیا
اللہ ری ہمدردیِ یارانِ خرابات — خالی جو ہوا شیشۂ دل جام بھر آیا
جیتا ہون نہین جینی کی جبتک مجھی امید — مرجاؤن گا بالین پہ مسیحا اگر آیا
آرام نہین گردشِ بیجا سے کسی کو — عالم سے مجھے فانوسِ خیالی نظر آیا
ای واعظِ مسجد رہِ بتخانہ بتادی — مستی مین نہین ہوش کدہر تہا کدہر آیا
اعمال جو پوچھین گی کہون گا دمِ محشر — خالی وہین گور تہا کچھہ خاک بہر آیا
دی دل مین جگہ صورتِ آئینہ ہمیشہ — حیرت کدۂ دہر مین جو کچھہ نظر آیا

١٥ | تسلیم بیابان سی سوِ خانہ پھرون کیا
آیا دلِ عاشق کی طرح مین جدہر آیا | ٢٦

سر نگون رکھتی ہی یادِ رخِ جانان اپنا — ہمکو محرابِ عبادت ہی گریبان اپنا
گریۂ دیدۂ پُر خون ہی گلستان اپنا — خندۂ زخمِ جگر ہی گلِ دامان اپنا
آنہ جائی کہین پہر جوشِ خیالِ صحرا — دم خفا کرتی ہی کیون تنگیِ زندان اپنا
عہدِ طفلی مین یہ تہی شورِ جنون کی تعلیم — آج تک صحنِ قیامت ہی دبستان اپنا
ایک دم خون جگر سی نہین رہتا خالی — چشمِ ناسور ہی یا دیدۂ گریان اپنا
کیا کہین دشت نوردی کا مزا ہی کب سے — سبز ہوتی ہی نیا یا تہا بیابان اپنا
وصل مین یاد ہی آیا تو اوب سی ظالم — ہوگیا مہرِ خموشی غمِ پنہان اپنا

ضبط فریاد مین آتی کا نہین فرق کبہی | امتحان لاکہہ کری گردش دوران اپنا

ہی اجل مرگئی ہم نام اجل کو سُنکر | ملک الموت ہی شرمندۂ احسان اپنا

آپ سی دعوی غنچہ دہنی بیجا ہے | منہ تو بنوائی چمن مین گل خندان اپنا

پانون کیا حلقۂ زنجیر سی رکہین باہر | دل حاسد سی سوا تنگ ہی زندان اپنا

فتنی سو طرح کی ہر چاک سی برپا ہونگے | دامن صبح قیامت ہی گریبان اپنا

بیوفائی تن خاکی سی جو کی ظاہر ہی | منہ دکہاتی مجھی کیا عمر گریزان اپنا

رکہہ لیا خاک نی ہمجنس کا اپنے پردہ | چھپ گیا گور مین آکر تن عریان اپنا

پاون زنجیر مین ہم بادیہ پیمای جنون | اپنی ہمراہ لیی پہرتی ہین زندان اپنا

بہاگ گا دل خلش درد سے تنہائی مین | رہی دو سینۂ مجروح مین پیکان اپنا

کوئی موسم ہو یہان خاک اڑا کرتی ہی | زاہد خشک کا سینہ ہی بیابان اپنا

جلوی کہلاتا ہی چھپ چھپ کے حجاب تن سے | عوض جان کوئی معشوق ہی مہمان اپنا

داغ احسان جفا مین نہ لگا او قاتل | زخم ہنستی ہین تری تیغکی امان اپنا

جسم بیجان کو کیا چرخ نی پیوند زمین | وجہ تعمیر ہوا خانۂ ویران اپنا

رنگ یکرنگی الفت ہی عیان دونون سی | زلف برہم ہی تری حال پریشان اپنا

اشک آنکھون سی گری قطرۂ گوہر ہوکر | تر ہوا ہی نہ سر دامن مژگان اپنا

ای جنون اتنو نہین عذر خطا کی حسرت | پاون پڑتا ہی سر چاک گریبان اپنا

ٹوٹنا آبلۂ پا کا نہین سہے بیکار | سر ہر خار پہ رہ جائیگا احسان اپنا

ہمکو آرام اسیری سے ستم دشمن ہے | پای خفتہ کو سمجھتے ہین نگہبان اپنا

گر ہی ہی ادب عرض تمنا تسلیم | کہہ چکی یار سی تم حال پریشان اپنا

١٢ ١١

یاد سب کچھہ تھا مگر وقتِ سفر کیا کہتا — اون ہی دم بھر کی لبی دردِ جگر کیا کہتا
اپنی ہستی کی خبر جب نہ تھی پھر مجھسے — خویش و بیگانہ کوئی اونکی خبر کیا کہتا
آبرو خاک مین ملتی تھی دمِ فکرِ سخن — اونکی داتون کو بھلا سلکِ گہر کیا کہتا
داغ اوسمین ہی ترا چہرۂ روشن شفاف — تجکو مین دیدہ و دانستہ قمر کیا کہتا
بخت ہی دشمنِ ارمان تھا شبِ فرقت مین — اپنی فریاد کو محروم اثر کیا کہتا
بار تھا تارِ نظر جسکو نزاکت کی سبب — اوسکو مین یارون کی کہنی سے کمر کیا کہتا
ایک دم بھی نہ ملا روح کو تن مین آرام — چار دیوارِ عناصر کو مین گھر کیا کہتا
بوسی شب بھرِ دلدار کی چھپ چکی سینے — دیکھہ لیتا جو کوئی وقتِ سحر کیا کہتا
مشتری زہرہ سہیل مِنی صبحِ امید — یہ نہ کہتا تجھی اور رشکِ قمر کیا کہتا
اوس مین ہی رنگ تو اعجازِ مسیحا ہین — مین لبون کو تری برگِ گلِ تر کیا کہتا

١٤ — مرگیا اوستاد سہی تسلیم ہون زندہ در گور — ٩
شعر کہتا ہی تو مین خستہ جگر کیا کہتا

فریاد و فغانِ بلبلِ ناشاد کیے جا — مہمانِ قفس خاطرِ صیاد کیے جا
ہم ہون کہ نہون آہی گا کوئی مشتاق — ای چرخِ ستم پیشہ کچھہ ایجاد کیے جا
فریاد ہو یا نالہ ہو یا آہِ جگرسوز — جو ہو سکی تجھسے دلِ ناشاد کیے جا
گر خون نہین ہی نہ سہی رسم ادا کر — اپنی سی تو او نشترِ فصّاد کیے جا
جاتا ہی کہان او غمِ جانانہ ادہر آ — ویرانۂ دل کو مری آباد کیے جا
ای تو ہی خبر بلبلِ ناشاد کی گلچین — صیاد کو سمجھا اسی آزاد کیے جا
ای دل خمِ ابروی صنم مین سحر و شام — کچھہ بندگیِ حسنِ خداداد کیے جا

گلگشت عدم میں جو سفر ہی نگر ای دل | سیر چمن گلشن ایجاد کیے جا

۱۵ تسلیم اگر حسن سخن کی ہی تمنا
تو پیروی بندش استاد کیے جا ۱۱

احسان رزق غیر سے این آشنا نہ تھا | اپنا میں آپ مثل گہر آب و دانہ تھا
تیری قدم کو چھوڑ کی جانا کہاں میں یار | پامال ناز تھا کوئی رنگ حنا نہ تھا
کیون تنگ اس قدر ستم دہر نے کیا | نقش دہن تھا میں تمہاری قبا نہ تھا
مستی میں جو کیا ہی کسی یاد ہی معاف | یارب خیال پرسش روز جزا نہ تھا
تکتے ہو وحشی تھی محشر میں کس لیے | میں تھا شہید ناز مرا خون بہا نہ تھا
کیون آگ بن گئی وہ ادا شوق دیکھ کر | میں فی تو ڈرتے سوز جگر ہی لکھا نہ تھا
پہلی ہی تھا خیال جوانی اذہیں مگر | اتنا غرور حسن شکیب آزما نہ تھا
سانس میں نکل گئیں وہ انا لاں یکہ چھوڑ کر | اس کاروان کو پاس فنا ہی درا نہ تھا
تکلیف گریہ دلی ذہیں فہ بادی تو کیا | مطلب جدا کچھ اور تھا یہ مدعا نہ تھا
کیون سنگی سے دیا ہمت نا آشنا ہی رحم | نالہ شکست شیشہ دل کی صدا نہ تھا

۱۶ تسلیم رات بھر وہ رہا گرم اختلاط
دیکھا جو وقت صبح تو پھر آشنا نہ تھا ۲۱

بدگمانی نہ گئی لاکھ میں سمجھا آیا | ہای جو خاطر بیدرد ستم میں آیا آیا
میں وہ محروم ازل تھا کہ برنگ تصویر | کبھی لب پہ مری حرف تمنا آیا
اوگلا پڑتا تھی ہر اک دم کر قاتل سے | ہای خنجر بھی مرا خون کا پیاسا آیا
ہمنشیں خال نہیں مصحف رخ پر اسکی | مشک ہی کا تب قدرت سی بنا یا آیا

بزمِ رندانہ میں تھے نہ کبھی ہم بیٹھے / جام پہلو سے اوٹھا ساتھی مینا آیا

اور کیا حال کہوں ضعفِ جگر کا ظالم / سو جگہ بیٹھ کی لب تک مری نالا آیا

ہوں وہ میکش کہ مجھی دیکھکی ساقی نی کہا / دخترِ رز وہ ترا چاہنے والا آیا

دم لیا تھا نہ عافی و مطلب یہ ہنوز / کہ غمِ یاس مری بخت کو روتا آیا

پھر وہی ہے ہی اثرِ بی اثری نالون میں / پھر کسی پہ دلِ حسرت زدہ ہم تمنا آیا

صدقی میں اپنی اجل کی کہ پشیمان ہوکر / وہ بھی بالین پہ مری بہرِ تماشا آیا

برسوں اس عالمِ فانی میں بسر کی لیکن / آج تک خضر و مسیحا کو نہ مرنا آیا

کفر و دین دونوں کو چھوڑا تو خدا ہمکو ملا / کام اپنے تو نہ کعبہ نہ کلیسا آیا

شوقِ پابوس میں حسرت ہی صدقی گرداب / کون محبوب نہانی لبِ دریا آیا

اپنی غفلت کی میں صدقی کہ تمہارا شکوہ / ایکدن بھی نہ قریبِ لبِ گویا آیا

تپشِ عشق سے کسکو ہی غذا کی حسرت / بنگیا چھالا جو منہ تک مری دانا آیا

بی نشانی سے مرا نام ہوا دنیا میں / میں بھی کونے کی لیے صورتِ عنقا آیا

بعد مدت نظر آتا ہے مری پہلو میں / آج کیا جی میں تری او دلِ شیدا آیا

ہر طرف نکہتِ عطر نگی ہی چمن میں پیدا / کون اس باغ میں اے دل گلِ رعنا آیا

بی نشانون کا زمانی میں ہوا ایسن رہبر / دیکھکر نقشِ قدم کو مری عنقا آیا

سنت عی ایک کا شرمندہ ہوا طفلی میں / روح کی ساتھ عدم سی غمِ دنیا آیا

٢١

تھا وہ سرگشتۂ وادیِ محبت تسلیم
دیکھکر مجھکو گلے ملنے بگولا آیا

٢٠

شکوہ ہمسایے میں وہ شوخ جو تنہا آیا / کیا کہوں میں دلِ بیتاب میں کیا کیا آیا

ضعف نے عالم دکھایا قید مین تشہیر کا
شور ہی آفاق مین خاموشیِ زنجیر کا

حالِ صوفی کا مزا دیتی ہی الفت شیخ
وجد مین لاتا ہی دلکو زمزمہ تکبیر کا

پڑ گیا ہی کسکی چشمِ شوخ کا تیر نگاہ
دیدۂ آہو ہی روزن سینۂ نخچیر کا

ہون مجھے مطلب کیسی مطلب سے کچھ مطلب نہین
نقطۂ شک تجکو چھوٹا سا نیت تدبیر کا

کیون نہ سینہ سے لگا لون آرزوی وصل مین
تیری پہلو کا مزا دیتا ہی پہلو تیر کا

کسکو جینے کی تمنا ہی فراقِ یار مین
چارہ گر احسان نہ لی درمانِ بی تاثیر کا

خاک مین ملنا گوارا ہی پہ مین مجکو داغ
نوجوانی مین اوٹھاؤن ناز چرخ پیر کا

ذبح کرتا ہی مجھی فرقت مین میرا پیرہن
یان گریبان ہی گلی مین دامنِ شمشیر کا

ہای مری بھی نہ دی کی خوبیِ قسمت مجھی
شمع مین سنتا ہون آنا اوس بتِ بی پیر کا

کیا نشانِ بی نشانی چھوڑ جاؤن دہر مین
خواب ہی ہوتا ہون اسطرح مین نہین تعبیر کا

کوئی کیا سمجھی ادا شورِ لبِ خاموش کی
میرا ہر نالہ ہی نالہ بلبلِ تصویر کا

کسکی آمرزش نے بخشی بیگناہی کی مزے
بڑھ گیا کچھ اور دلکو حوصلہ تقصیر کا

بڑھ چکی حیات مین دی چکی عیسی جواب
ای اجل اب ناز اوٹھواتی ہی کیون تاخیر کا

بسکہ ہون طفلی سے تلخی آشنائی و غم
خونِ دل پینا مزا دیتا ہی مجکو شیر کا

عمر بھر تدبیر کی بگڑی ہی سامانِ وصل
وایِ نادانی کہ پھر قائل نہین تقدیر کا

گرم فقری سنکی تیری جل اٹھون گا بزم مین
مین ہون پروانہ چراغِ شعلۂ تقریر کا

عالمِ بالا مین بھی نکلا نہ کوئی دادرس
ہو گیا دل سرد اپنی نالۂ شبگیر کا

دیکھتا ہی ضعف سے لیکن ہلا سکتا نہین
ہون مگر خوابِ پریشان دیدۂ زنجیر کا

ناز کرتی ہو گی رحمت سے خدا کی سامنی
دیکھنا واعظ وہان رتبہ مری تقصیر کا

ہمرہانِ دشت سے کوئی نہ آیا تا وطن
ہان مگر احسان ہی مجھ پر خارِ دامنگیر کا

رنگ لایا جوشِ بیتابیِ وحشت ہر طرح
مدتون اوڑتا پھرا کاغذ مری تصویر کا

کھینچتے ہین لوگ کیونکر داغ ہجر اب دیکھیی
کسکے سینے سے ملی پیکان تمہاری تیر کا

پھیر کر سنتا ہون افسانہ جنون کا قید مین
حلقۂ احباب ہی حلقہ مری زنجیر کا

گنبدِ مدفن بنا جب ملگیا مین خاک مین
رنگ لایا بعد مردن حوصلہ تعمیر کا

تم گدا وہ شاہِ خوبان اہلِ مشکل سے بے نیاز
شکوہ اسے تسلیم کیا ایسی جگہہ توقیر کا

۲۲ ۸

یارون سے ہمنشینیِ ساعت ہوئی تو کیا
ظاہر مین صاف دل مین کدورت ہوئی تو کیا

نکلا نہ گھر سے فاتحہ پڑھنے تمام عمر
کوچے مین اوسکی نام کو تربت ہوئی تو کیا

ہر حال مین جلی صفتِ شمع رات بھر
خلوت ہوئی تو کیا ہمین جلوت ہوئی تو کیا

کیا فائدہ کفن سے چھپا کر جو منہ چلی
مر کر کبھی ہوئی سی ندامت ہوئی تو کیا

جو جو عذاب قبر مین ہونی تھی ہو چکی
روزِ جزا نجات کی صورت ہوئی تو کیا

محروم دیدہ گئی اعمال کی سبب
برگشتہ قسمتون کو قیامت ہوئی تو کیا

گلچین نے سب کو پھول دئی ہمکو داغِ دل
باغِ جہان مین ایسی بھی قسمت ہوئے تو کیا

کیا مر کے شکلِ روزِ تمنا مین دیکھتا
تسلیم یون سحر شبِ فرقت ہوئی تو کیا

۲۳ ۶

دلِ پر خون مین سے سرِ سلسلہ مو نکلا
پارۂ لعل جسے داغِ شبِ گیسو نکلا

ہمنشین پایا مین صفتِ زخمِ جگر خون ہو کر
عین تکلیف مین آرام کا پہلو نکلا

وہ بھی سخت ازل تھی صفتِ چشمِ حباب
لاکھ ہم پھوٹ بہی ایک نہ آنسو نکلا

مار ڈالا لبِ جانبخش کی باتون نی مجھ / میری قسمت سے مسیحا بھی ہلاکو نکلا
بدزبانی سے کیا اور زیادہ مفتون / حرفِ دشنام بھی تاثیر مین جادو نکلا

لاکھ احباب نی چاہا مگر ابتک تسلیم
اونسی ہرگز نہ کوئی صلح کا پہلو نکلا

۲۳ ۲۲

مضمون نہین لکھا دہنِ بیمثال کا / عنقا شکار ہی مری دامِ خیال کا
رخسارِ آتشین پہ نہین دانہ خال کا / پروانہ جل بجھا کوئی شمعِ جمال کا
اللہ ری ہر عروج تری پائمال کا / ہر ذرہ آفتاب ہی چرخِ کمال کا
دامن کہین پڑا ہے گریبان کہین جگہ / میری جنون مین جوش ہی صوفی کی حال کا
ہر سینہ داغِ عشق سے ہی وہی جلوہ گر / دیکھا نہ منہ کمال نی میری زوال کا
تھا شیفتہ جو گیسوئے برہم کا روزِ حشر / دینا پڑا حساب مجھی بال بال کا
تشبیہ دی جو ابروِ جانان سے بھول کر / ملتا نہین دماغ فلک پر ہلال کا
تقلید سے نصیب ہی ذاتی صفت محال / دیکھا نہ منہ ہلالِ سپر نی کمال کا
کیا خوب بوسۂ لبِ جانبخش اور تم / سچ ہی نہین جواب تمہاری سوال کا
عکسِ فروغِ حسن سے اوس جامہ زیب کے / پردہ ہی مہر کا تو گریبان ہلال کا
یہ بھی وہان یار کو ثابت نکر سکا / کیا کیا خیال تھا مجھی اپنی خیال کا
ثابت ہوا سکوت سے مفتاحِ مقصد سے ہی / بھرتا ہی منہ گہر سی خدا ہی سوال کا
خونریزی دیکھنی کی نمائش پسند ہین / کشتہ جہان مین کون ہی تیغِ ہلال کا
کاہش سی ابتو ہون تہی سی میان کیطرح / مجھ تک گذر نہین ہی کسی احتمال کا
موبافِ سرخ ہی تری زلفِ سیاہ مین / یا سر چڑھا ہی خون کسی پائمال کا

ترحم طینت ہین سوا سنگدلونسی ظالم
خاک مین مل گئی تھی جو ربتان لعل گیا

پوچھلی سیکڑون برباد ہین آفت مجھسی
خانہ ویرانی اگر میرا مکان بھول گیا

دھوکی ہین شامِ جدائی کی ہوذن بہکا
رنگ بدلا یہ سحر کا کہ اذان بھول گیا

ایک مدت ہوئی چھوڑی ہوئی فن کو تسلیم
کیا کہین شعر کہ اندازِ بیان بھول گیا

۲۶ : ۱۳

ہمپہ احسان ہی مزارِ پاک کا
خاک نے پردہ کیا ہے خاک کا

ہون مصیبت دوستِ ہر تیش ہین
خندہ ہون اپنی دلِ صد چاک کا

صورتِ شعلہ ہون مین نازک مزاج
ناز اوٹھ سکتا نہین پوشاک کا

کون نشاد لسوختہ مدفون ہوا
کچھہ دھوان دیتا ہی پہلو خاک کا

ذبح ہوکر بھی نہ آزادی ملی
طوقِ گردن حلقہ ہی فتراک کا

سنتے تھا تیسے ہی ثابت نہ ہوگی
وعدہ ہون وصلِ بتِ بیباک کا

اوڑکی پہنچے آستانِ یار تک
حوصلہ دیکھو ہمارے خاک کا

ہون وہ خود بین سامنے ہنگامِ ذبح
آئینہ ہی خنجرِ سفاک کا

واں بھی بید روئی نہین کوئی شریک
ماتمی صبحِ گریبان چاک کا

لوگ رو دیتے ہین مجھکو دیکھکر
ماجرا ہون خاطرِ غمناک کا

مرگئے ہی شرمِ گنہگاری سے بڑے
روز و شب ہی منہ پہ دامن خاک کا

جیتی جی صورت نہ دیکھی بعدِ مرگ
لیتے ہین بوسہ روی خاک کا

خوف کیا تسلیم روزِ حشر سے
گردِ دامن ہون شہِ لولاک کا

ہین عیان بزمِ دہر کی سامان کیا کیا
چشمِ وا دیکھتی ہی خوابِ پریشان کیا کیا

صبحِ غم تیرہ زِ بلا شامِ مصیبت ہوکر
طول دکھلاتی ہی لفِ شبِ ہجران کیا کیا

دی جو وحشتِ دلِ پروردۂ غم سی تشبیہ
بگڑی ہین بنگی تری زلفِ پریشان کیا کیا

بدگمان ناز سی کہتا ہی شبِ وصل کہ ہین
سیری ارمان کی سوا ہین تجھی ارمان کیا کیا

ہائی ہی ضعف کہ ہر اشک سی اک حسرت سی
نگران ہی طرفِ گوشۂ دامان کیا کیا

بی اجازت جو درِ یار کا کرتا ہون طواف
گھورتا ہی نگہِ قہر سی دربان کیا کیا

سخت جانی کی ارادی نہوئی آج بھی گر
رہ گئی قاتلِ بیرحم کی ارمان کیا کیا

طعنہ بی اشک ہی نی جو ندامت بخشی
پانی پانی ہوئی اشکِ سرِ مژگان کیا کیا

غمِ مقتول مین اک ترکِ حنا کی تو کیا
رنگ لائی گا ابھی خونِ شہیدان کیا کیا

زلف لہرائی جو رخ پر مجھی آیا افسوس
ہائی کافر نی لیی بوسۂ قرآن کیا کیا

چل گیا آج کوئی غیر کا افسون ورنہ
کل تلک تھی مری اوس شوخ کی پیمان کیا کیا

سیکڑون طرح کی صدمی شبِ فرقت نی دیی
کہیی کس کو بیان کیجیی ایجان کیا کیا

یونہین مشتاقِ شہادت جو رہی گا عالم
ہون گی آباد ابھی شہرِ خموشان کیا کیا

پھنک رہی ہی تپشِ سوزِ درون سی ہر شی
نالہ آتا ہی جگر سی عرق افشان کیا کیا

ساتھ زخمون کی مجھی ہی چلی آتی ہی ہنسی
گدگداتی ہین جگر کو تری پیکان کیا کیا

شب ہی شوق مین تھا سوزِ دلِ پروانہ
گرمیان کرتی رہی شمعِ شبستان کیا کیا

خویش و بیگانہ مجھی مردون سی سمجھتی ہین ذلیل
موت آتی نہین ہی عمرِ گریزان کیا کیا

قتل سی پہلی جھکا ہی سرِ دشمن تسلیم
تیغِ جلاد ابھی سی ہی پشیمان کیا کیا

۲۹ ۱۶

عزتِ رندی کا سمجھانی مین لطف آکر اوٹھا
خم سرِ شیشہ ہوا تعظیم کو ساغر اوٹھا

نیم بسمل چھوڑ کر کیون دیکھتا ہی بار بار
حوصلہ کچھ اور باقی ہو تو پھر خنجر اوٹھا

اضطرابِ دل کی صدقی دیکھکر تابوت کو
پھر استقبالِ شورِ فتنۂ محشر اوٹھا

مختصر کر طول اونکو دام مین لاتی ہی کیون
پاون پڑ پڑ کر نہ اتنا زلفِ پرخم سر اوٹھا

عجب تصویر پیشہ سی آئینہ رو چھپنا محال
پردہ چاہی چھوڑ چاہی سدِّ اسکندر اوٹھا

جب پشیمانی نہین غفلت سرائی دہر مین
جو یہان بیٹھا کفِ افسوس ہی ملکر اوٹھا

مرتی ہین ذرات تہِ زمین مکان پر اہلِ نور
کیا یہ تعمیر گلی لیجاینگی سر پر اوٹھا

وای غفلت سوتی ہین پایانِ ساحل کب تجھے
کشتیِ عمرِ روان کا جس گھڑی لنگر اوٹھا

کوی جانان مین بھی وحشت نے نہ دم لینے دیا
گرد کی مانند بیٹھا صورتِ صرصر اوٹھا

دیکھنی والی ہین ہم بھی تیری چشمِ ناز کی
دی اگر رخصت حیا گردن ذرا اوپر اوٹھا

سبزۂ روئیدہ بس ہی پردہ پوشِ بیکسان
ای صبا تربت سی میری پھول کی چادر اوٹھا

کٹ چکی شامِ جدائی صبحِ وعدہ ہی قریب
اور دم بھر صدمۂ فرقت دلِ مضطر اوٹھا

بزمِ نوشا نوش مین واعظ بیانِ زہد کیا
طاقِ نسیان پر کتابِ پند رکھ ساغر اوٹھا

بعدِ مردن بھی ہی باقی وہی سرگشتگی
خاک بھی میری بگولا کھا کی سو چکر اوٹھا

دیکھکر آبِ بقا کو مانگ مرنی کی دعا
تشنگی کی ناز کر چشمہ کو ٹھکرا اوٹھا

تا کجا ای النسا ای دہر مین تسلیم خواب
دیکھ آغازِ سحر بیدار ہو بستر اوٹھا

۱۲ ۲۹

مضطر بہ پاس کی دم بھی کوچۂ قاتل مین تھا
ایک شورِ بیقراری سو وہ میرے لہو مین تھا

پرورش کی ہی کنارِ بیقراری نی مری
ہون وہ ارمان تو جو سینۂ بسمل مین تھا

کوئی صحبت ہو مجھی چھپ کر تماشا دیکھنا
مین بھی گویا رنگِ محفل تھا کہ ہر محفل مین تھا

آکی تمنی ہای جوشِ آرزو کو کیا کیا
آج وہ ارمان نہین کل تک جو میری دل مین تھا

تھا ازل سے ہی مین اسپندِ خاطرِ افتادگی
خاک مین ملنا برنگِ اشک آب و گل مین تھا

شورِ بختی نی کہا محشر مرِ عرضِ حال سے
ہر حبابِ بحر تبخالہ لبِ ساحل مین تھا

عاشق و معشوق ہوتی ہین مقرر رازدان
کہہ رہی ہو تم وہی جو آج میری دل مین تھا

شہرتِ بی اعتباری تھی جو حسن و عشق کو
نجد مین لیلی تھی مجنون پردۂ محمل مین تھا

قسمتون سے لگی ہوئی ورنہ بلا تھی راہِ عشق
راہزن رہبر تھا رہزن خضر اس منزل مین تھا

یہ غلط ہی یاد کرتی تھی مجھی تم ہجر مین
غیرِ الفت تھا جو آپ کی ہمین دل مین تھا

تھا تمنا مرگ کی یہ دل مین حیلہ ساز کی
مطلب آسان تھا لیکن پردہ مشکل مین تھا

٢١ — وہ ہوا تسلیم ثابت مجکو نفیِ غیر سے
حق تو یہ ہی حق بہی پنہان جو وہ باطل مین تھا — ٢٢

پھر خیالِ زلف برہم مشک افشان ہو گیا
پھر مرا مجموعۂ خاطر پریشان ہو گیا

ہجر مین خنجر ہلالِ عیدِ قربان ہو گیا
غیب سے پیدا مری مرنی کا سامان ہو گیا

جب گیا سیرِ چمن کو بی تری بارا پڑا
برگ خنجر تیر شاخین غنچہ پیکان ہو گیا

پائی قاتل سے نہ اوٹھا سر سبکدوشی کی بعد
سایۂ شمشیر مجکو بارِ احسان ہو گیا

آشنای لذتِ زخمِ جگر طفلی سے ہون
شیر کا قطرہ مری منہ مین پیکان ہو گیا

تا فلک پہنچا ہی ہر جوشِ سیل نم اشک
لخت ہی ہونی پہ یہ قطرہ ایک طوفان ہو گیا

لاکھ چاہا پہ نہ نکلا سینۂ صد چاک سے
دردِ دل بہی آپ کی ملنی کا ارمان ہو گیا

لی رہا ہی مرگ کی نیند مین جو اک طفلِ سرشک
گوشۂ دامن مرا شہرِ خموشان ہو گیا

سیکڑون کہا تا ہی قسمین اعتبار آتا نہین
وعدۂ محبوب بہی اہد کا ایمان ہو گیا

انگلیان اٹھتی ہین جسم زار پر شکل ہلال
جسقدر مین کم ہوا اوتنا نمایان ہو گیا

پرورش کرتا ہی میری آہ کس کس پیار سے
حلقۂ زنجیر آغوش عزیزان ہو گیا

پہنکتا ہی اک جہان سوز دل بیتاب سے
آفتاب صبح محشر داغ پنہان ہو گیا

گہر کیا دل مین حسینان جہان نی اسقدر
رفتہ رفتہ اپنا پہلو یوسفستان ہو گیا

التفات عشق سے دل کی خرابی ہی بہی
یہ وہ گہر ہی جب ہوا آباد ویران ہو گیا

داغ ناکامی غم فرقت جفای آرزو
ایک اس دل پر نہین کس کس کا احسان ہو گیا

اک بہار تازہ ہی رنگینی ادائی یار سے
داغ الفت سے مرا سینہ گلستان ہو گیا

قتل بہی ہو کر کیا دشمن کو بہی ہمراز
خون اپنا خلعت شمشیر عریان ہو گیا

اعتبار ظلم کہو یا انتہای صبر نی
چار آنکہین جب ہوئین مین خجل پشیمان ہو گیا

دی کبہی تکلیف صرصر نی کبہی برسات نے
مین چراغ تربت گور غریبان ہو گیا

اس قدر روئی لپی سنگ در دلدار کی
بدگمان آخر مری جانب سے دربان ہو گیا

انتظار یار مین امید نی مارا مجھے
پہر گیا جو دم دہن تک آ کی پیکان ہو گیا

۱۳ | اب کہان تسلیم لطف صحبت جام و سبو
چند دن احسان دور مےفروشان ہو گیا | ۱۶

ہین اشارات مین نقش سحر کی پہلو پیدا
بات کرتی ہی تری جنبش ابرو پیدا

ایک عالم پہ نہین حسن و رنگی تیرا
فتنہ آنکہون سے کبہی ہی کبہی جادو پیدا

یاد کسکی لب رنگین کی رولاتی ہی مجہی
صفت لعل ہین ہر آنکہ سے آنسو پیدا

چاہتا ہی دل سوزان ہو اسیر کاکل
حسن کرتا ہی چراغ شب گیسو پیدا

پیشتر مجھسے مری نام نے پائے شہرت
گل سے پہلی ہوئی اس باغ مین خوشبو پیدا

گر چھپا مجھسے تو کیا پھر نمائش صد جا
صورتِ رشتۂ تسبیح ہوا تو پیدا

مژدہ ای دل کہ بڑھی تیری تڑپنے کی جگہ
چاکِ پہلو سے ہوئی وسعتِ پہلو پیدا

سرمہ آنکھون مین لگایا تو یہ سمجھی عاشق
عین وحشت مین ہی گردِ رمِ آہو پیدا

یہ وہی لب ہین جو اعجاز کا دم بھرتے ہین
انہین آنکھون سے ہوا کرتی ہین جادو پیدا

آبرو رونے کی شبنم نے چمن مین کہو دی
چشمِ نرگس مین ہوئی غیب سے آنسو پیدا

درد پہلو مین خلش دل مین غرض عالم مین
کچھ نہ کچھ کرتی رہی جنبشِ ابرو پیدا

پردۂ گل مین بھی پردہ دری نکہت کی
چھپ کے نظرون سے ہوا اور وہ ہر سو پیدا

کیا کہون وصل کی شب آج ہون کسکی بدولت بیہوش
ہر ادا کرتی ہے کیفیتِ جادو پیدا

ہمسری کیا قدِ موزون سے کرے گا یہ بھی
چال تو پہلی کرے سروِ لبِ جو پیدا

طائرِ جان نے پایا پروازِ عدم مقتل مین
اوڑ کے کرتا ہے پر تیر سے بازو پیدا

۱۶	نازِ اربابِ سخن کی نہ اوٹھی اے تسلیم مر مٹے جبکہ ہوا چرخِ جفا جو پیدا	۳۱

پھر مری جوشِ جنون کا چار سو چرچا ہوا
پھر جہان مین شور ہی تسلیم کو سودا ہوا

پھر وہی بندہ نوازی ناصحِ مشفق نے کی
پھر مری بالین پہ ہنگامہ وہی برپا ہوا

پھر قدم رنجہ کیا پھر خلشِ فصاد نے
پھر مجھے نشترِ زبان طعنۂ اعدا ہوا

پھر ہوئی پردہ دری شامِ مصیبت دیکھکر
پھر گریبان سحر کی طرح مین سوا ہوا

پھر لیے جاتا ہے مجکو دل حسینون کی طرف
پھر کسی کی چاہنے کا حوصلہ پیدا ہوا

پھر سکھائی مجکو بیتابی نے بجلی کی تڑپ
پھر مرا رونا بعینہ ابر کا رونا ہوا

پھر ہوا ہیں تازہ پروارِ فریبِ عیش و غم
پھر بہ رنگِ زخم خون روتی لگا ہنستا ہوا

پھر وہی بے اعتباری عشق نے بخشی مجھے
پھر مین اپنے وعدۂ محبوب کا شکوہ ہوا

پھر بتون کی لن ترانی سنکی رہتا ہون خموش
پھر خدائی دیکھتا ہون مے پرین بیٹھا ہوا

پھر کھٹکتا ہی مری آنکھون مین سامانِ طرب
پھر بلای جان خیالِ شیشہ و مینا ہوا

پھر مجھی سمجھا ہی کوئی بیخبر خوابِ خیال
پھر بنا افسانہ مین تقدیر کا بھولا ہوا

پھر عدو سُن سُنکی خوش ہوتی ہین میری حال کو
پھر صدای خندۂ معشوق مین کھویا ہوا

پھر بہ رنگِ قیس وحشی ہو آرامِ دل
پھر غزالِ وادیِ غربت سگِ لیلی ہوا

پھر سمجھتا ہون اجل کو حاصلِ عمرِ عزیز
پھر امیدِ التفاتِ مرگ پر جیتا ہوا

پھر کسی کی انتظاری نی بنایا ہے مجھے
پھر بہ رنگِ چشمِ روزن چشم کا حلقا ہوا

پھر مجھی نازِ عدو و خندۂ نیازِ گور ہی
پھر بدولت آسمان کی خاک مین ملتا ہوا

پھر ہوا جامی سی باہر نکہتِ گل کی طرح
پھر کسی کی جستجو مین کو بکو پھرتا ہوا

پھر ہی کوئی بیخبر صورت نمای تجھ سے
پھر کسی کے یاد مین ہجران آنکھو بھولا ہوا

۳۴ پھر سکوتِ مدعا قفلِ لبِ اظہار ہی
پھر احبا کہتی ہین تسلیم تمکو کیا ہوا ۱۶

خون رولائی گا مجھی مہندی لگانا یار کا
رنگ لائی گا مقرر رنگ لانا یار کا

سر بکف دوڑا خوشی سی بہرِ استقبال کے
ہای جب میںنی سنا مقتل مین آنا یار کا

تیغ مین نظارۂ دلدار کی فرصت کہان
اب تو یکسان ہی مجھی آنا نہ آنا یار کا

ناوک افگن ہی وہ جیپر ناکسِ ہمچین جن
ہی فلک سیر انشانہ مین نشانا یار کا

ٹھنڈی سانسون پر گمان سرد مہری کی مجھی
کم بہانے سے نہین آنسو بہانا یار کا

مرگ کی باعث ہی یادِ بیوفائی بعدِ وصل
قتل کرتا ہی حیا سی سر جھکانا یار کا

ای غمِ تکلیفِ دوری ناتوان ایسا نکر
عمر بھر مجھکو ابھی ہی ناز اوٹھانا یار کا

حشر تک خوابیدگانِ خاک کا اوٹھنا محال
سو رہی ہین چین ہی سنکر فسانا یار کا

آتشِ یاقوت رشکِ دودِ سبزہ ہو گئی
اک طلسمِ تازہ ہی مسّی لگانا یار کا

خاک میری دشتِ غربت سے اوڑا لائی صبا
مرکے بھی مجھسے نہ چھوٹا آستانا یار کا

گو بظاہر میری نظروں سی ہی پنہان ہو گیا
خاطرِ ناشاد سی مشکل ہی جانا یار کا

خوب رویا قبر مین جس دم چلی منکر نکیر
یاد آیا مجھکو تنہا چھوڑ جانا یار کا

مدعی کو برقِ خرمن ہم عشرت مین ہوا
دیکھکر دزدیدہ مجھکو مسکرانا یار کا

چھیڑتا ہی دیکھکر آشفتہ خاطر اور بھی
سر چڑھا ہی کسقدر زلفونکی شانا یار کا

حرفِ رخصت ہو گیا شہپرِ پرِ ازروح
مرگ کا آنا ہوا پہلو سی جانا یار کا

۳۴

ایک تو محروم ہی تسلیم ورنہ روز و شب
چھوٹتی اسپر نہین ہی زلفِ یار شانا یار کا

کیا کرون اپنی غرض کو مین قریبونسی ملا
تب کہین اوسکا پتا آج نصیبونسی ملا

ہر دوا مین اثرِ سم ہی گمان ہی مجھکو
ملک الموت کہین ہو نہ طبیبونسی ملا

عام ہی دولتِ نظارہ دمِ محشر ہی
آج تو آنکھ شہِ حسن غریبونسی ملا

ماتمِ مرگ ہوئی عید کی شادی مجھکو
جب گلی دوڑکی وہ اپنی رقیبونسی ملا

کارسازی تو بہت کی ہی تپی یا نسنی
شورِ فریاد درا اوسکی نقیبونسی ملا

دشت مین پاس جب آیا تو بگولا آیا
عمر بھر مین انہین برگشتہ نصیبونسی ملا

مکتبِ عشق کی تعلیم ہو جو تسلیم
جو ملا مجھکو محبت کی ادیبونسی ملا

کیون نہ بان تیغ تم پر عالم ہی قائل نور کا
کیا زبانِ تیغ نی چاٹا ہی پتھر طور کا

حشر مین بھی کشتگانِ عشق کی پرسش نہین
رہ گیا منصور کی گردن پہ خون منصور کا

اس طرح دنیا سے آیا گور تک مرکی مین
جیسے منزل پر تھکا ماندا مسافر دور کا

ساقیا مستِ ازل ہون کیا کرون پیکر شراب
جامِ دل پہلو مین شیشہ ہی مِی انگور کا

یاد آتی ہی بتون کی سرد مہری کی بہی
کیا ہی مین جلتا ہون آتا ہی جب کافور کا

عالمِ اسباب ہی زینت اسبابِ حسن
پاک ہی آرائشِ شانہ سے گیسو حور کا

ہی امیدِ وصل یاس نامرادی دور دو
دل مرا گھر ہی خیالِ شاہِ مستور کا

اسقدر گھبرا گئی کیون ہو نہ پھر جائی تو جا
اور ہی دم بھر بکھیڑا عاشقِ رنجور کا

دلکو بھی ظلمت سے خالی کی ہی میری الم نہین
ہو رہی ہی چاندنی دامن شبِ دیجور کا

مر گئی بھی برہم مزاجون سے نہ گا ربط کم
استخوان اپنا بنی گا شانہ زلف حور کا

ہای کیا پہونچا مری فریاد نی سنگ جسے
دم بخود ہی صور مین نالہ دہانِ صور کا

مالِ موذی نوش کر بیخوف پرسش ہا رہین
گھر بنا ہی لوٹنی کی واسطی زنبور کا

ہای سے ہمدردی الفت کہ جب چھانے لگی
تیرہ بختی نی لیا دامن شبِ دیجور کا

بلکتا ہی دیکھ او ظالم کہ میری حال پر
خون بھر لایا ہی دیدہ جوہرِ ساطور کا

کون ہی مہمان مستی گھر لگی فیض حسن سے
روزنِ دیوار پر عالم ہی چشمِ حور کا

اسقدر نازک مزاجی نی مجھی کھینچا ہی فرو
جانتا ہون ناز اوٹھانا کام ہی مزدور کا

بی فتیلہ جل رہا ہی کچھ نہ ہوا نہ پتا نہین
طور ہی میری چراغِ دل مین شمعِ طور کا

تم جو مثلِ قیس ہی غم تجھ تیرہ قسمت کا کرو
خیمۂ لیلی بنی دامن شبِ دیجور کا

کیون خوشی سے ہنستی ہی مجھ پر کیسی میری تی کہین
دل غنی کا ہون مین ارمان ہون بہ قیدِ ور کا

صدقے ناوکِ نظر نہوا
آہ ٹکڑے سے کبھی جگر نہوا

کرچکے چارہ گر مسیحا سے
درد منت کشِ اثر نہوا

لاکھ فریاد کی مگر وہ شوخ
پوچھنا یک طرف خبر نہوا

مہر نکلا ابھی کیا چمک کر حیف
یار اس وقت بام پر نہوا

دیکھ لے مہربانیِ قاتل
ایک سے بھی زخم کارگر نہوا

او غمِ ہجر اور کیا کہیے
حیف اب تک لہو جگر نہوا

آفریں باد تجکو محرومی
اثرِ نالۂ سحر نہوا

تشنہ جانے کچھ اور کر تدبیر
آبِ خنجر سے حلق تر نہوا

ہوں وہ افسردہ سنگِ مدفن سے
گرم ہنگامۂ شرر نہوا

کاش فرقت میں دم نکلجائے
بار ہا چاہا پیشتر نہوا

٣٩

سجدۂ بت کی واسطے تسلیم
ہاے پاے طلب سے بھی سر نہوا

١٠

آئینہ رو کی یاد میں ٹکڑے جگر ہوا
مجھکو ہلالِ تیغ ہلالِ صفر ہوا

کس رو سے تھی مجھے بھی اسیری کی آرزو
نوچا گیا جو قابلِ پرواز پر ہوا

دیکھیں شبِ فراق گذرتی ہے کسطرح
دن تو فریبِ وعدہ میں ایدل بسر ہوا

پیری میں لیچلی ہے قضا جانبِ عدم
جب دست و پا تھکے تو ہمارا سفر ہوا

اندہا بنا دیا مجھے جوشِ سرشک نے
نورِ نظر ہی دشمنِ نورِ نظر ہوا

ملتا نہیں وصال میں اب کیا علاجِ مرگ
جینا تو ہجر میں تری امید پر ہوا

جوڑا جو کھل گیا نہ اوٹھی فرطِ ناز سے
آخر کو بارِ زلف وبالِ کمر ہوا

بعد فنا بھی ہین وہی آتش مزاجیان — نخل چنار سبز مری خاک پر ہوا
اپنی ہی ہو حصول تمنا محال ہے — دریا سے آج تک لب ساحل نہ تر ہوا

۲۹
تسلیم کین اگرچہ عوض سر زبان تو کیا
حاصل نہ اس زمین مین کوئی شعر تر ہوا
۱۳

مرکی بھی برسون خیال اسباب کا آیا کیا — مین لب شیرین پر اونکی زہر کیون کھایا کیا
بلکتی کیا بھی ہوگئی تھی اسقدر بکنی کی خو — مدتون ناصح مجھی ناحق ہی سمجھایا کیا
لی اجازت لی لیا تھا ایک بوسہ خواب مین — مرتی دم تک مجھسی پھر اشوق شرمایا کیا
یار کیا صدمی خیال یار بھی دیتا رہا — روز جوش بیخودی مین مجھکو ترسایا کیا
کار فرما جبتلک تھی نوجوانی کی امنگ — کیسے کیسے رنگ جوش آرزو لایا کیا
کشتہ قلق رہا ننگ ہستی مین کبھی میری قتل پر — استخارہ اونکو واجب عمر بھر آیا کیا
وای قسمت وصل کی شب حسرت تسکین یار — صبح تک سنتا رہا اور دل مین گھبرایا کیا
جستجو ہم گشتگی کا عمر بھر جھگڑا رہا — روز دل کھویا کیا مین روز وہ پایا کیا
غیر کی ہمراہی کا درد چھپا آنکھ سی — دیکھکر دامن کو خالی اشک بھر آیا کیا
کچھ تو تیری نازکی سمجھا دیا تھا اور کچھ یون — مدعی بنکر مرا دل مجھکو دھمکایا کیا
غیر کا احسان بھی کام آیا ہمسے سوز عشق کے — حشر تک پانی لحد پر ابر برسایا کیا
آفت سی بیتابی کہ مین ہر روز اوسکے در گیا — شوق مین جایا کیا او وہانسی پھر آیا کیا

[illegible]
حشر مین تسلیم اوسکا ظل رحمت چاہیی
ابر تر نی جسکی سر پر دھوپ مین سایا کیا
۱۴

پیام مرگ جو پیغام پر عتاب ہوا — جواب نامہ مجھی نامی کا جواب ہوا

مثال حباب کی صورت تو بحر آب ہوا
بنا ہین خوبی قسمت سے جب حباب ہوا

بجھا دیا عرق شرم کی تلاطم نی
مری سبب سے جہنم کو بھی عذاب ہوا

شکستِ توبہ کی لہر آئی دیکھکر دریا
حباب بھی مجھی پیمانہ شراب ہوا

شبِ فراق مین کوئی نظر نہین آتا
خیالِ یار بھی آنکھون نکو میری خواب ہوا

نگاہِ پست سی دیکھا جو اوسنی دریا کو
حباب مین اثرِ ساغرِ شراب ہوا

مثال بھی نہین عمرِ خضر سی دیتی
تمہاری زلف کو ناحق بھی پیچ و تاب ہوا

وہ دیکھتی ہین مجھی مین کفن مین ہاتھ اون پوشر
اودہر نقاب جو اوٹھی ادہر حجاب ہوا

ہوا نہ دوست مرا وہ کبھی بھی دشمن سے
یقین کیا ہو زمانی مین انقلاب ہوا

ابھی سنی نامِ خدا کم سنی سے آفت ہے
جہان مین ہم نہین ہونی کی گر شباب ہوا

فنا ہی ساتھ قیامِ جہانِ فانی کے
حباب کیا لبِ جو بیٹھکر خراب ہوا

دکھایا منہ نہ مسیحا نی آج تک پھر کر
دمِ اجل جو مری درد سی حجاب ہوا

۱۲۱

نہ سوئی چین سی تسلیم کنجِ مدفن مین
بلائی جان ہمین مر کر بھی اضطراب ہوا

۱۲۲

آگی بیٹھا ملک الموت بھی سیدہا اوٹھا
مجھسی دم بھر بھی اجل کا نہ تقاضا اوٹھا

تھا وہ سرگشتہ کہ سنکر خبرِ مرگ مری
خاک اوڑائی کی لیی سر پہ بگولا اوٹھا

خاک اوڑائی لبِ ساحل جو تری مجنون نی
بدلی گرداب کے دریا مین بگولا اوٹھا

ضعف سی صورتِ نقشِ قدم توڑ کی پاؤن
جس جگہہ بیٹھ گیا پھر نہ اوٹھایا اوٹھا

تھا وہ ناکام سحر جسنی دعا کی خاطر
بھول کر بھی نہ کبھی دستِ تمنا اوٹھا

سنکی میری لبِ پر شور کی افسانی کو
نہ رہی تابِ دلِ عہد کو چلا اوٹھا

خارِ صحرا کو ہوا بارشِ نیسان کا خیال
جس گھڑی سیر کو مین آبلہ فرسا اوٹھا

عاشقی مین بھی کلشنہ رہی معشوق مزاج
نازِ بیجا نہ کبھی ہمسے کسیکا اوٹھا

تم نہ آئی دلِ محروم تمنا آخر
بیٹھی بیٹھی شبِ تنہائی مین گھبرا اوٹھا

ہون وہ شوریدہ کہ ہمسی مری ہر محفل مین
بیٹھتی بیٹھتی سو طرح کا فتنا اوٹھا

چشمِ مجنون کو ہوا محملِ لیلی کا گمان
جب کوئی وادیِ وحشت مین بگولا اوٹھا

۴۳

دلِ گم گشتہ اگر تھا تجھی پیارا تسلیم
پاس کیون اوس بتِ عیار کی بیٹھا اوٹھا

۱۷

قریب کام مری وقت پر نہین آتا
بجھانی دل کی لگی کو جگر نہین آتا

کہان گئی جو عیادت پہ جان دیتی تھی
ہزار مین کوئی لینے خبر نہین آتا

حجاب دیدۂ نرگس سے باغ مین نکرو
یہ دیکھنی کی ہین آنکھین نظر نہین آتا

لحد کو نشۂ دولت مین بھولی ہین منعم
خبر نہین کہ وہان کام زر نہین آتا

جہان مین صورتِ تصویر ہون سراپا خوب
مگر یہ عیب ہے کوئی ہنر نہین آتا

وہ شمع ہون کہ جلاتی ہین دوست و دشمن سب
کسی کو رحم مری حال پر نہین آتا

حیا ہوئی سببِ تو یہ جفا شاید
کہ تیرِ ناز کوئی تا جگر نہین آتا

خیالِ گریہ جبھی تک ہے ابر و طوفان کو
کہ اشکِ دیدۂ تر جوش پر نہین آتا

جو بوسہ و لبِ جان بخش کا تو احسان ہے
دگرنہ قرض مرا آپ پر نہین آتا

تپِ فراق اسی ہی جلا چکی شاید
کہ دم کی ساتھ وہ دود جگر نہین آتا

سُنا کی یاس کی باتین نہ جلینی دیگا مجھے
فرشتہ موت کا ہی نامہ بر نہین آتا

خیالِ خام ہی اپنی ہی مستفیض ہونا
صدف کے کام کسی دن گہر نہین آتا

غضب کے بلبل ہمکیں سی پڑ گئی ہی ضد
چمن کو چھوڑ کی صیاد گھر نہین آتا

اجل خفا ہی فلک مدعی زمین دشمن
مرا جہان مین کوئی نظر نہین آتا

ہنسائین کیا تری اٹکھیلیان مجھی کہ ہنوز
تجھی وہ ناز نسیم سحر نہین آتا

قفس مین تھی یہ رہائی سی پاس بلبل کو
کہ آشیان مین ہی بادر مگر نہین آتا

ابھی ہی کیا کرین دعوای شاعری تسلیم
یہ کام وہ ہی کہ جو عمر بھر نہین آتا

بیجا باندھی کیف جوش مستانہ مرا
چومتا ہی لب مری مستی مین پیمانہ مرا

تاب وہی آتشین سی داغ ہوتا ہی ہرا
سبزہ برلاتا ہی سوز شعلہ سی دانہ مرا

جیتے جی گمنام مجکو کر دیا تقدیر نی
مجھسے پہلے اوٹھہ گیا دنیا سی افسانہ مرا

جلوہ گر ہی ربط حسن و عشق بزم عیش میں
شمع تیری ہمنشین دلسوز پروانہ مرا

ناز اوٹھاتا ہون کس و ناکس کے ای تسلیم مین
اب کہان اگلا مزاج میرزایانہ مرا

دل ہے مفتون بت ستمگر کا
شیشہ دم بھر رہا ہے پتھر کا

عشق زندان سی زندگی ہی مری
آب و دانہ ملا ہے گوہر کا

سخت جانی نے کشمکش دیکھو
دم سماتا نہین ہی خنجر کا

کیون اکڑتا ہی سرو قد کے حضور
یہ بھی ای گل ہے کیا برابر کا

رند ہون چاہتا ہون عالم مین
اوج ساقی کا دور ساغر کا

نہ لگائیگا پھر گلے کوئی
میری دم تک ہی ناز خنجر کا

پردہ پوشی ردای اشک نی کی
ہای ری پاس دیدۂ تر کا

صورتِ نقشِ پا ہون خاک نشین
شوق بالین کا ہے نہ بستر کا

برق لائی کہان سی بیتابی
سب یہ صدقہ ہی جانِ مضطر کا

۴۵

حالِ تسلیم کیون نہین سنتے
کیا کوئی شکوہ ہے مقدر کا

۱۱

اللہ ری احسانِ ستم ضبطِ زبان کا
ہونٹھون نی مری خواب بھی دیکھا نہ بیان کا

کیون پاس سی تکتا ہی تو منہ ضبطِ نہان کا
ای نالۂ بیتاب ارادہ ہی کہان کا

ہر مستِ ازل کو نہین کھٹکا رمضان کا
کیا روزہ ہو پنبہ کسی شیشی کی دہان کا

جز نام نشانِ تنِ لاغر نہین رکھتا
مجھ پر بھی پڑا سایہ تری موی میان کا

تصویرِ خیالی ہی نظر آئی گا کیونکر
تن نام رکھا ہی مری کاہش نی گمان کا

کیونکر ہین شبِ وصل مین خوش ہو کی ہم صبح
دلبر ابھی ہونا ہی ستم شورِ اذان کا

چٹکی ہی بیان کر خبرِ رخصتِ گل کو
گلچین کہین بلبل نہ سنی نام خزان کا

کیون ڈھونڈتی ہین مست وعدہ مجھے احباب
کونین سی باہر ہی پتا میری مکان کا

محروم رکھا وصل سے تکرارِ عبث نی
لو صبح ہوئی آ ہی گیا وقت اذان کا

برباد بھی رکھتی ہی کیون گردشِ تقدیر
عنصر مین ہی خلل ہی کیا ریگِ روان کا

۴۶

دم بھر بھی نہین ہی کبھی اک حال پہ تسلیم
چہری کا مری رنگ بنا رنگ جہان کا

۱۲

سنے ترے ماتمکدہ گلشن ہوا
خندۂ گل نالۂ شیون ہوا

ہو گیا صد چاک بی دستِ جنون
اپنا دامن صبح کا دامن ہوا

سر اوتارا قید مین قاتل نی آہ
آج میرا طوق سنگ گردن ہوا

حیف ہے اوسنے وفا نا آشنا
تو بھی میرے جان کا دشمن ہوا

پھر نہ اوٹھی ضعف سے مانندِ اشک
ہم جہان پر گر پڑے مسکن ہوا

کچھ نہ تھا جب تک وہ ہم سے صاف تھا
پیار جب کرنے لگے بدظن ہوا

دیکھتے ہی زخم دل کے کھل گئے
چشمِ بدبین دیدۂ سوزن ہوا

تیرگی سے ہے شعلہ رویوں کا مآل
شمع کے بجھنے سے پیدا روشن ہوا

کیا کہیں سوزِ محبت بعدِ مرگ
خاک جل کر سبزۂ مدفن ہوا

وقتِ گریہ اشک ٹپکے اس قدر
اپنا دامن ابر کا دامن ہوا

دیکھنے جب دیکھتا ہی یار کو
آنکھ میری دیدۂ روزن ہوا

مثلِ طفلِ اشک عریان ہی رہے
ہم پہ کب احسانِ پیراہن ہوا

ایک عالم ہے شہیدِ تیغِ ناز
آفتِ جانِ یار کا جوبن ہوا

اور بھڑکے آنسوؤں سے دل کی لگے
آبِ گریہ آگ پر روغن ہوا

جس جگہ عکسِ رخِ روشن پڑا
ذرہ ذرہ شعلۂ ایمن ہوا

کیون نہو ترکِ محبت غیر سے
تو بھلا کب کا بتِ پرفن ہوا

۳۳

گر نہیں قسمت میں عشقِ شعلہ رو
سوزِ غم سے سینہ کیون گلخن ہوا

۲۰

جب بہار آئی گی بلبل کا وطن جل جائیگا
آتشِ گل بھڑکی گی سارا چمن جل جائیگا

گر یہی سوزِ محبت بعدِ مردن بھی رہا
جسم تک آنی نہ پائیگا کفن جل جائیگا

سوزِ دل میرا نہ کہنا شعلہ و سے نامہ بر
مفت میں ہی یان تیرا دہن جل جائیگا

دستِ نازک کو ابھی تکلیفِ آرائش نہ دو
آتشِ رنگِ حنا سے جانِ من جل جائیگا

ضبط کرنا آہِ آتشناک کا اچھا نہیں
استخوان مانندِ شمعِ انجمن جل جائیگا

سوختہ قسمت ہی ای قاتل اگر بسمل ترا
سبزہ گورِ شہیدِ خستہ تن جل جائیگا

عکسِ روی آتشین سے آئینہ بھی ایکدن
دیکھتی ہی دیکھتی ای سیم تن جل جائیگا

سوزِ غم سے ہون سراپا شعلہ ہاتھونکو باندھ
دم میں ظالم حلقۂ تارِ رسن جل جائیگا

یہ تو کیا وہ سوختہ قسمت ہون پہونچیگا اگر
چادرِ آبِ روان کا پیرہن جل جائیگا

کیون نہ کرتا نوجوانی میں عبث سامانِ عیش
کیا خبر تھی دیکھکر چرخِ کہن جل جائیگا

تا بسر سے شعلہ ہی محفل جو آئیگا قریب
صورتِ پروانہ شمعِ لگن جل جائیگا

ان بتونکو حیرت ہے وفا میں کیا کہون
آگ لگ جائیگی گا سنگِ بتن جل جائیگا

بیسود پوچھی ہی اجل کی بیقراری شمع کو تھا
مثلِ شمعِ کشتہ خون کا کفن جل جائیگا

اپنی خونِ گرم کی چھینٹین شفق سے کم نہیں
کھینچ دامن ورنہ ای شمشیرزن جل جائیگا

پیری سوزِ عشق کی کھاتا تو ہی جھوٹی قسم
منہ ترا اکدن بہت پیمان شکن جل جائیگا

چھیکی گا ہنگامِ پیری داغ سوزِ عشق کا
قد سراپا صورتِ نخلِ کہن جل جائیگا

دیکھکر دندان لب تیری شرم و رشک سی
پانی پانی ہوگا در لعلِ یمن جل جائیگا

ای جنون جس دشت میں رکھ دونگا میں آتش قدم
جادہ مثلِ تارِ شمعِ انجمن جل جائیگا

کچھ تو آہِ گرم سی کم ہوتی ہی دل کی جلن
غم نہیں فرقت میں گر بیت الحزن جل جائیگا

لکھی ہی تسلیم ہمنی نوکِ شعلہ سی غزل
دیکھکر بدبین یہ اندازِ سخن جل جائیگا

۴۹

چارہ سازِ زخمِ دل وقتِ رفو رونے لگا
جی بھر آیا دیدۂ سوزن لہو رونے لگا

بسکہ تھی رونی کی عادت وصل میں بھی یار سی
کہکی اپنا آپ حالِ آرزو رونے لگا

ہجر مین اوس سرو قد کی جب گیا گلشن کو مین
بیٹھکر تنہا قریب آبجو رونے لگا

صدمہ ہجر جی ساقی نہ اوٹھا بزم مین
جی بھر آیا دیکھکر خالی سبو رونے لگا

خندۂ زخم جگر نے دل کو گھایا اور بھی
جس گھڑی ٹوٹا کوئی تار رفو رونے لگا

آگیا زاہد کو بھی زہد ریائی کا خیال
سر سی اپنی توڑکر ظرف وضو رونے لگا

نبض تک بیمار الفت کی ابھی دیکھی نہین
ای مسیحا جیتی جی کیون مجکو تو رونے لگا

تھا مصیبت آشنا بعرض مطلب حشر مین
جاتی ہی فریاد کرکی روبرو رونے لگا

ہای کیون شرم وفا تاثیر بخشش دل ہوئی
قتل کرکے مجکو یار جنگجو رونے لگا

کیا اثر اولٹا تھا میری سرگذشت عشق کا
وہ تو ہنسنے ہنس دیا سنکر عدو رونے لگا

تھا عدم مین کھینچ لایا آب و دانہ جب یہان
دیکھکر بیچارگی بھی چارسو رونے لگا

کیا کہون نظارۂ سنبل نے کیا تکلیف دی
یاد آئی تیری زلف مشکبو رونے لگا

ہون بخواہ اسیری جب نظر آیا ہلال
مین سمجھکر ایک طوق بگلو رونے لگا

آگیا کعبے مین جب محراب ابرو کا خیال
بیٹھکر تسلیم خستہ قبلہ رو رونے لگا

۴۹ ۱۶

آتی آتی آہ بھی دل سوی لب پر پھر گیا
لو ہی پھر کی وہین بیتاب ہوکر پھر گیا

گردش تقدیر بھی ہمراہ بیتابی رہے
شوق لایا بارہا محروم اکثر پھر گیا

اسقدر تکلیف بہر پند بیجا کیا ضرور
سنتی سنتی ناصحا جی پک گیا سر پھر گیا

سخت جانی کیا شرمندہ قاتل ہی مجھے
دم چرا کر رہ گئی شمشیر خنجر پھر گیا

بحث کرنی کو جو آیا بام پر وہ ماہ حسن
فرط غیرت سی رخ خورشید انور پھر گیا

کسقدر غفلت میں تھا خواب آغوش مزار
ہم نہ چونکی آکی سر پر شور محشر پھر گیا

مجھسے فیضِ عام مین بھی بخل ساقی ہی ہی ‏— جب مری نزدیک آیا لی کی ساغر پھر گیا

حوصلہ کیا کیا نتھا عیسے کو لیکن شکر ہی ‏— سنکے اعجازِ لبِ جان بخشِ دلبر پھر گیا

کھینچ رہی تقدیر سے توڑین جو مینی بیڑیان ‏— میری پھرنی کی لیے مجھسی مقدر پھر گیا

گر پڑا نامہ کہین یا بھول آیا خطِ شوق ‏— کیا کہون کیون دیکھکر مجھکو کبوتر پھر گیا

میری ترسانی کو عہدِ وصل بھی کچھہ کم نتھا ‏— جب یقین آنے لگا مجھکو ستمگر پھر گیا

فہم مین آتا نہین کیون آج میری خاکپر ‏— چند قطری اشک کی ظالم بہا کر پھر گیا

جب ملی جھک کر گلی سے شمشیرِ قاتل رو دیا ‏— آنکھہ مین طرزِ تپاکِ اہلِ جوہر پھر گیا

بوسۂ لب تا کجا کچھہ اور رخصت دیجیئی ‏— ذائقون سی شہد کی دل بندہ پر پھر گیا

تھا فریبِ اشک بی تاثیرِ آبِ خضر مین ‏— چشمۂ حیوان تلک آکر سکندر پھر گیا

۵۰

رخصت ای دربان اگر آئی تو کہنا یار سے
آج بھی تسلیم آکر تیرے در پر پھر گیا

۲۰

سکوتِ غیر سی سوزِ جگر بیان ہوگا ‏— زبانۂ شمعِ لحد کا مری زبان ہوگا

فریبِ عشق پسِ مرگ بھی عیان ہوگا ‏— مرا فسانہ سنیگا تری زبان ہوگا

نہ مرنی دی گی تمنای وعدۂ جانان ‏— فریبِ خضر مجھے عمرِ جاودان ہوگا

دکھائی گی سحرِ ہجر حشر کی سامان ‏— صدای صور مجھے نالۂ اذان ہوگا

لحد مین داغ دکھائین گی جلوۂ مہتاب ‏— مرا کفن مری آغوش مین کتان ہوگا

پسِ فنا یہ جفائین سبکی سہانون گا ‏— تہِ زمینِ لحد کوئی آسمان ہوگا

گھڑی گھڑی نہ رُلا چارہ گر کہ پھر مجکو ‏— نصیبِ خندۂ زخمِ جگر کہان ہوگا

بلا نصیب ہون کیا عمر کی کہون امید ‏— خلاف ہوگا فلک بخت بدگمان ہوگا

جرس کہان ہے بیابان مین جو طرف نالان
مری طرح کوئی گم کردہ کاروان ہوگا

جلائی شمع جلاؤ نہ بیکسی کو مری
کہ وہ نہ شمع کہ لب گور نوحہ خوان ہوگا

لگائین لاکھ فرشتے خدا سے ڈر کیا ہے
گواہ عذر مرا جلوۂ بتان ہوگا

گھڑی گھڑی نہ قسم لی کہ مجسے اے ظالم
مرا گمان بھی تری طرح بدگمان ہوگا

عدو نصیب ہے کیونکر کہون پہر آئیگی
مری دعا کا مرا بخت پاسبان ہوگا

وہان بھی شوق مین پائی طلب کا دیکہین
بتاوی عرصۂ محشر مین تو کہان ہوگا

صنمکدہ ہو کہ ہو کعبہ ہم تو عاشق ہین
کرینگی سجدہ ترا نقش پا جہان ہوگا

چہپاتی کیون تہ خاک یونہین ہی دو
کوئی تو لاش غریبان پہ نوحہ خوان ہوگا

لحد مین ہیلی گا کیا خاک دل وحشی
نہ رازدان کوئی ہوگا نہ ہمزبان ہوگا

جو ہی اسیر کیا ہی تو پہونک دی صیاد
جو مین نہونگا تو پہر کیا یہ آشیان ہوگا

مزار پہ مری لاؤ نہ پہول کی چادر
مرا چراغ لحد مجھپہ گلفشان ہوگا

۵۱ — خبر کسی کو بھی جو دل پہ گذرے گئی تسلیم
مرا فسانہ مری بعد کیا بیان ہوگا — ۵

غم نہین گر ستم کاوش خنجر دیکھا
آرزو رہ نہ گئی موت کو مر کر دیکھا

ایک حسرت نے مجھے دینی ہین تامل اتنا
بس ترا حوصلہ او چرخ ستمگر دیکھا

ہجر مین پیش نظر ہی دیکھی چھپکے آنسو
جی بھر آیا کوئی لبریز جو ساغر دیکھا

ان حسینون سے بھی ملنے کی تمنا بیکار
مین نہ کہتا تھا تجھے او دل مضطر دیکھا

۵۲ — مجکو ندی پہ تری آتا ہے رونا تسلیم
سیکڑون مین عوض نقش قدم سر دیکھا — ۱۱

کیا کیا فریبِ گریۂ بیتاب سے بہر تھا
دیکھا تو صبح کو سرِ مژگان بھی تر تھا

بلبل نے بخیہ تارِ نفس سے کیا نہ کیون
چاکِ قبای گل کوئی زخمِ جگر تھا

باغِ جہان مین مہر چراغان کیطرح مین
وہ نخل تھا جو موسمِ گل مین بھی تر تھا

کیون سُنکی شعلۂ غضب اتنا بھڑک اوٹھا
ذکرِ وفا تو شکوۂ سوزِ جگر تھا

بھڑکا رہی ہی آتشِ غیرت کو بوی زلف
کیونکر کہون کہ زانوی دشمن پہ سر نتھا

آوارگی مین عمرِ دو روزہ گذر گئے
اپنا کہین غبار کی مانند گھر نتھا

کیون سُنکی وہ وہی مری آمد وہ بزم مین
مین کچھہ نوید مرگِ عدو کی خبر نتھا

جلی کی برنگِ شمع رہِ منزلِ عدم
کوئی سوای سوزِ جگر ہمسفر نتھا

کاہش نے بے نشان مجھے کس لیے کیا
نقشِ دہن نتھا رگِ موی کمر نتھا

کیون زخم ہنس پڑے لبِ سوفار کیطرح
پیغامِ وصل یار خدنگِ نظر نتھا

۵۳ — تسلیم بات بات پہ قول و قسم ہی کیون
ایسا تو بدگمان تو کبھی پیشتر نتھا — ۳۲

بی تعلق ستمِ دہر سے آزاد آیا
سنگِ طفلان نہ کبھی تا سرِ شمشاد آیا

بدگمانی یہ بڑھی ہی ستمِ دشمن سے
اپنی سایی کو سمجھتا ہون کہ جلاد آیا

تھا وہ آزاد کہ حسرت ہی اسیری کی رہی
دہوکی دہی وی کی مجھی باغ مین صیاد آیا

تو ہی اے مرگِ عدو باعثِ احسان ہو جا
چھیڑنی پھر مجھی ہنگامۂ فریاد آیا

کیون پشیمان ہی مری نام کو سنکر ظالم
کیا کوئی عہدِ وفا ہی کہ تجھی یاد آیا

صحبتِ روح بھی تھی ننگِ تجرد مجکو
صورتِ قالبِ تصویر ہون آزاد آیا

شادیٔ مرگ سی بھولا غمِ ہستی دل کو
نغمہ خوان مین طرفِ خانۂ جلاد آیا

کسقدر شوق شہادت نے کیا ہی بیہوش
آپ جلاد سے کہتا ہوں کہ جلاد آیا

کیا عداوت تھی کہ جب جام میں لائی قسمت
دیکھتا ترچھی نظر سے مجھے صیاد آیا

خندہ تھا وقت ولادت مرے مردن گریہ
خوش عدم سے میں گیا دہر سے ناشاد آیا

بے سبب آنکھ نہیں پڑتی ہے خنجر پہ تری
پھر کوئی آج فراموش قضا یاد آیا

قد شعلہ کبھی منت کش پوشاک نہیں
زیب ظاہر سے بری حسن خداداد آیا

سبب مرگ ہوا چھیڑ کی زخم دل آ
چارہ گر کاہے کو آیا کوئی جلاد آیا

دعوی خون ہے اوسے نہ زبان تک لائے
کیا فسون حشر میں پڑھتا ہوا جلاد آیا

دہن زخم میں حسرت سے بھر آیا پانی
بوسۂ تیغ ستم کا جو مزا یاد آیا

ماتم عاشق ناشاد کیا شیرین نے
کام آخر اثر تلخی فرہاد آیا

قید میں حوصلۂ آہ کو روتا ہوں میں
تنگی کنج قفس دیکھ کے دل یاد آیا

نیک طینت کے نہیں صحبت بد سے چارہ
دامن روح سے لپٹا ہوا ہمزاد آیا

توسن عمر رواں تیز قدم تھا کتنا
اک تراری میں قریب عدم آباد آیا

زحمت کشمکش جوش جنون کیا کہیے
تا صبح اوٹھا نہیں بالیں سے کہ فصاد آیا

عہد پیری میں ہیں آغاز جوانی کے گلے
قصۂ شام مجھے وقت سحر یاد آیا

دہن زخم سے طعنے نہ سنوں میں کیونکر
غیر کی بنکے زبان نشتر فصاد آیا

کیا بری ہوتی ہے مرنے کی تمنا ظالم
سر بکف آپ مرے سامنے جلاد آیا

بے سبب شورش محشر نہیں حشر کے دن
فلک پیر کو پھر فتنہ ایجاد آیا

کسقدر سچ فراموش ہے ہستی میری
ظلم جب تم نے کیے شکر خدا یاد آیا

نیند آئی نہ کبھی اس مدفن میں مجھے
تیری پہلو میں جو سونے کا مزا یاد آیا

وہ ہوا خواہِ قضا ہوں کہ عدم سے چھپ کر
سایۂ تیغ میں تا خانۂ جلاد آیا

ماتمِ عاشقِ ناشاد کی شادی دیکھو
سرخ پوشاک میں کر ستم ایجاد آیا

بگڑی تقدیر کی تقدیر سے بنتی دیکھی
غیر کی ضد سے مری گھر وہ پری زاد آیا

تھی وہ آفت تری تصویر کہ چہرے کے عوض
آہ کھینچی جو کبھی ہوش میں بہزاد آیا

تیری محفل ہوئی تعلیم گہ سوز مجھے
شعلۂ شمع نظر سیلیِ استاد آیا

۱۴ — نکہتِ گل کی طرح باغِ جہاں میں تسلیم
خانہ بر دوش گیا صورتِ آزاد آیا — ۵۵

سلامت کون پھر کر کوچۂ قاتل سے یہاں آیا
کوئی بسمل کوئی مجروح کوئی نیم جان آیا

وہ ہوں میں سوختہ جسم کہ تربت سے شرر جا نکلا
اوٹھا تعظیم کو شعلہ گلی ملنے ہوا ان آیا

کفن سے مجھکو بو پیراہنِ یوسف کی آتی ہے
طوافِ قبر کو کس کا غبارِ کارواں آیا

بتاؤں کیا شرر کی طرح گر پوچھے کوئی مجھ سے
غرض کیا تھی کہ مرجاتا ہوں کیوں آیا کہاں آیا

خیالِ خاکساری عالمِ بالا سے بالا تھا
زمیں سمجھا کیے زیرِ قدم جب آسماں آیا

نکالے شمعِ بزمِ وصل نے اپنے گریباں سے
شرر کی طرح کچھ دم کی لئے ہم میہماں آیا

جنوں میں بھی لیا احساں نہیں ہے اہلِ دنیا کا
ہمیشہ طوق بن بنکر ہلالِ آسماں آیا

رہا قفلِ ادب فکرِ دہانِ یار میں لب پہ
طبیعت پیچ کھائی یادِ جب بھی میاں آیا

کمالِ ضعف نے ہمجنس کو تکلیفِ احساں دے
اوٹھائی نعش بعدِ مرگ مورِ ناتواں آیا

محبت سے جو نوخیزوں سی اکثر وحشت بھی تیز
خضر جب سامنے آیا مری بنکر جواں آیا

کرے گر ذبح بھی کوئی تو منہ سے کچھ نہیں کہتا
عدم سے ہو کے ہستی منزلِ میں بے زباں آیا

گرفتارِ اسیری میں ہا بعدِ رہائی کے
قفس یاد آ گیا جسدم قریبِ آشیاں آیا

وہ رندِ صاحبِ شوکت ہوں جب آتے ہوئے کہا
درِ میخانہ تک لینے مجھے پیرِ مغان آیا

۵۵
سحر سے منتظر بیٹھے ہو جو اے اسر جانان
سمجھتے ہو تم اے تسلیم کیا قولِ بتان آیا
۱۲۸۱

وصل کی شب بھی ادای رسمِ حرمان میں رہا
صبح تک میں التماسِ شوقِ پنہان میں رہا

ایک دم بھی نہیں صیاد و گلچیں سے اگر
کیا مزا رہنے کا پھر بلبل گلستان میں رہا

مر گئے لاکھوں شہیدِ ناز کچھ پروا نہیں
وہ تماشائی ہلالِ عیدِ قربان میں رہا

چھیڑ کر ہوتا ہے رسوا دستِ وحشت کو عبث
ای جنون اب کیا مرے جیب و گریبان میں رہا

شکل دکھلائی نہ طفلِ اشک نے مرکر کبھی
دیکھنے کو مدتوں آنکھوں کے مژگان میں رہا

زخمِ تن چلنے لگے بھلا پائی قاتل کی
عمر بھر میں نازبردارِ پیکان میں رہا

صبح سے تا صبح رویا ہوں فراقِ یار میں
روز و شب کا فرق میری چشمِ گریان میں رہا

تیرے لب کے سامنے پایا فروغِ قدر کیا
لعل آخر عمر بھر سنگِ بدخشان میں رہا

کب میں فارغ ہی پستِ بلند دہر سے
چاہ سے نکلا جو یوسف کنجِ زندان میں رہا

زخم کی بھٹی سے ٹکڑے پیرہن کے ہو گیا
شورِ الفت خندۂ چاکِ گریبان میں رہا

بعدِ مردن بھی ہی تکلیفِ ہستی عشق میں
بن کے میں فکرِ تماشای حسینان میں رہا

ہو تیری حیران کس توقع پر دل امیدوار
آج تک تیری فریبِ عہد و پیمان میں رہا

اختلاطِ شمع و پروانہ نے پھونکا اور بھی
شعلہ زن داغِ تمنا ہر رگِ جان میں رہا

سونگھ کر پیراہن کہتا ہے وہ بدگمان
سچ بتا تو پاس کس گل کی گلستان میں رہا

کام پیدا کر چکی بیماریِ عشقِ بتان
میں فریبِ نسخہ و تاثیرِ درمان میں رہا

واہ رے پاسِ وفا اسد ری شرمِ آرزو
ہر نفس ہمراہِ عمرِ گریزان میں رہا

۵۶	کیا پڑھے اشعار تسلیم جگر افگار نے شور تحسیں ہر طرف بزم سخنداں میں رہا	۱۱

وصل میں کیا عرضِ غم کا سلسلہ جاتا رہا
یہ گلہ کب ہے کہ میرا ہر گلہ جاتا رہا

دور بھی آپ کو بیٹھے اگر آ کر قریب
فاصلہ پیدا ہوا جب فاصلہ جاتا رہا

ہمسفر پہنچے عدم کو میں سوالِ گور میں
باتوں باتوں میں خیالِ قافلہ جاتا رہا

اب سنبھالو انکو سمجھانی اجل ہے عنقریب
دوستو ٹھہرو کہ وقتِ فیصلہ جاتا رہا

ناامیدی اسقدر بخلِ فلک سے ہو گئی
حوصلے کا اپنے دل سے حوصلہ جاتا رہا

پھوٹی قسمت نے دلایا مجھکو کیا کیا شیشتیں
جب قریبِ خار پہنچا آبلہ جاتا رہا

پیار کر دامن کیا دیوانگی نے چاک چاک
آج ہی دستِ جنوں کا مشغلہ جاتا رہا

ہوش میں بھی اضطرابِ دل ہی بیتابی رہے
کوئی دم آیا تو مشکل زلزلہ جاتا رہا

منہ سے ہی اہلِ سخن کا نہیں گھٹتا وقار
کس جگہ پہنچی ہے حرفِ حوصلہ جاتا رہا

چاہتا ہوں جوشِ پیری میں جوانی کی امنگ
ولولہ کچھ گھٹ گیا کچھ ولولہ جاتا رہا

۵۷	اسقدر فکرِ سخن تسلیم کسکے واسطے قدرداں ہی با لطف احسان صلہ جاتا رہا	۱۸

یہ غنچے مسکراتے ہیں عجب کیا
کوئی تازہ چمن میں گل کھلا کیا

ادا و ناز و طرزِ خودنمائی
سکھایا کس کو آئینے نے کیا کیا

نہ کی تھی بے نیازی کچھ گلو نے
دمِ گردش ترا خنجر رکا کیا

شرر ہے جلوۂ شمعِ عدم تھا
فروغِ زیست پر اپنی ہنسا کیا

تمنا ہے تری یا میں سینہ تخت
شبِ تنہائی میں نالہ جیا کیا

وہی سنے پرو کی شیشے مین بھی ہی
بنی سب ہے دخترِ رز پارسا کیا

دمِ آخر عبث تکلیفِ درمان
بھلا ای چارہ گر مجھہ مین رہا کیا

غبارِ کاروانِ بی نشان ہین
ہمارے ہمرہی بانگِ درا کیا

ہین عاشق اپنی مطلب کے کہین گے
تمنا کیا ہمارے مدعا کیا

ہوا کیون سُنکے برہم یار جانی
بتا ای نامہ بر تو نے کہا کیا

جہان مین ہر بشر آتا ہی عریان
عدم میں بھی ہی کوئی وحشت سرا کیا

اگر رسوائی عالم نہ ہون مین
تو پھر اس دل لگانی کا مزا کیا

غرورِ حسن ہی کچھہ دن کا مہمان
سدا عالم رہے گا بیوفا کیا

وہ افتادہ ہون ننگِ دستگیری
جو اوٹھا بھی تو مثلِ نقشِ پا کیا

اگر چھیڑا نہین بادِ سحر نے
ہر اک غنچہ چمن مین ہنس پڑا کیا

ہے جز داغ تو کیا اور دیگا
ترا چرخِ ستمگر حوصلا کیا

عبث قاتل نے کھینچے تیغِ ابرو
شکستِ رنگ عاشق دیکھنا کیا

۵۸

عبث تسلیم مشقِ غیبتِ غیر
بُرا کہنے سے ملتا ہے بھلا کیا

۱۵

بتا مین کیا کہ ہوا غفلتِ شباب مین کیا
خبر نہین ہی کہ ہم دیکھتی تھی خواب مین کیا

پدر کی مال پہ پھولے نہ بدنصیب پسر
متاعِ بحر بھی ہی خانۂ حباب مین کیا

کیا ہی وعدۂ فردا سحر کو آئین گے
ابھی بھی ہی دلِ بیصبر اضطراب مین کیا

وہ دیکھکر مجھی نہ پردہ کیون ہوئی ایدل
نگاہِ شوق نی سمجھا دیا نقاب مین کیا

ابھی جو وعدۂ تکلیفِ حشر باقی ہے
عذابِ روزِ جدائی نہین حساب مین کیا

پھری نہین طرف چشم منتظر اب تک — نگاہ شوق نی سمجھا دیا نقاب مین کیا

جگا کی خواب اجل سی جلاؤ گی اب کیون — پھنساؤ گی مجھی پھر تم کسی عذاب مین کیا

گلہ کیا ہی تو اپنی سیاہ بختی کا — تمہاری گیسوی شبگون ہین پیچ و تاب مین کیا

ہمیشہ یاس کسی آ کی دیکھ جاتی ہے — کوئی امید ہی باقی دل خراب مین کیا

کبھی ہی مرگ کا رونا کبھی نشاط حیات — پھنسے ہوئی ہین زندگی کی ہم عذاب مین کیا

یہی سوال وفا ہی جو روز سنتی ہو — سکوت ہی لب خاموش کو جواب مین کیا

جلا ہی گی تپش ہجر یار اسکو — رکھا ہی سوز الم نی دل خراب مین کیا

اوسکی حلق سی بیہوش کر دیا مجکو — بجھی تھی تیغ جفا آپکی شراب مین کیا

پس فنا بھی کیون ہی یقین جنت کا — بھی گی حور مری روح انقلاب مین کیا

خبر نہین ہی ہمین تسلیم اوسکے نامے کو
پڑھا ہی شوق مین کیا لکھا اضطراب مین کیا

جب سنگ آیا وہ بت بھی پیر کیا — آج بگڑی ہی شیب کی تقدیر کیا

اوڑکی پہنچی خاک کوی یار مین — کام آئی گردش تقدیر کیا

بعد مردن کہاتے ہین ہی پیچ — خاک اوڑا سکی تما کی دلگیر کیا

آنسوون کو وون جگہ دامن مین کیون — آبرو ہی اشک سے تاثیر کیا

شوخیان ہوتی ہین ہر ایجاد مین — نوجوان اب بھی ہی چرخ پیر کیا

ہون مین وہ آتش قدم کہتا ہی قیس — پھونک دوگی خانۂ زنجیر کیا

روز کیون دیتی ہو صدمی ہجر کی — پھر سنوگے نالۂ شبگیر کیا

ایک دم مین سیکڑون ہوتی ہین قتل — چال سیدھی چلتی ہی شمشیر کیا

جیتی جی سب تھی مرکی جب دیکھا | نکوئی دوست تھا نہ دشمن تھا
کیسکے آنے کے تھے خوشی بلبل | آج بکیمہ باغ باغ گلشن تھا
شب کو دلسوزیِ عبث پہ مری | جل کے ہنستا چراغِ مدفن تھا
کیا دلایا تھا تمنے آکر یاد | مسکراتا شگافِ مدفن تھا
کچھ نہین تھا تو یون ایسِ دیوار | بی سبب کوئی گرمِ شیون تھا
مرکے سنتے ہم ہے اسیرِ جنون | طوقِ قمری کہ طوقِ گردن تھا
پوچھتا کون حالِ بیتابی | تم خفا تھے نصیب دشمن تھا
اک جہان دیکھتا تھا حیرت سے | بیکسی پر سے میری جوبن تھا
غمِ بلبل مین عمر بھر صیاد | ہاتھ تیرے تھا تو برگِ سوسن تھا
خال و مژگانِ عشق سی دل مین | سیکڑون داغ لاکھون روزن تھا

عذر مانع نتھا کوئی تسلیم
ترکِ شعر و سخن قصداً تھا

۶۴ — ۹

مصروفات بادب ضبطِ ہو مین تھا | نالہ برنگِ قلقلِ مینا گلو مین تھا
سنکے سوالِ وصل نہ انکار کر سکے | گویا بلحاظِ غیر مری آرزو مین تھا
پیرِ مغان کچھ اور بھی خیراتِ میکدہ | کہتا ہے مجھ سی ہوش مرا کیا سبو مین تھا
بیتاب ہو کی خنجرِ قاتل لپٹ گیا | سو سو طرح کا ناز ہماری گلو مین تھا
خالی نہین فریب سے اپنی کی دوستی | دل بھی رقیب تھا کہ تری جستجو مین تھا
مقتل بھی بوسہ گاہِ قضا بعدِ مرگ بھی | تیری حنا کا رنگ ہماری لہو مین تھا
کسکو کیا تھا شوقِ اسیری نے غرقِ آب | گرداب شکلِ طوقِ گلو آبجو مین تھا

آرزومند رفو ہی وجہ زخم تن نہین
جامۂ ہستی پرانا ہی نیا ہو جای گا

ایک بوسے بھی نہین کچھ اصل دیتی او مجھے
تم سخی کہلاؤ گی میرا بھلا ہو جای گا

گریہ ہی انتہای سخت جانی دیکھنا
قطرۂ زہراب ہی آب بقا ہو جای گا

جسطرح ہوتا در تاثیر حسرت جای گی
نردبان آسمان دست دعا ہو جای گا

وای غفلت ابتدا مین وصل کو سمجھی تھی ہم
بیشتر چاہین گی ایسا بارہا ہو جای گا

قتل کرنا مجکو تیغ تیز سی اچھا نہین
غیر کو بھی اس ستم کا حوصلا ہو جای گا

ہون وہ سرگشتہ کہ مجکو خضر کی حاجت نہین
گردباد دشت غربت رہنما ہو جای گا

ہو گی برہم بزم سی جب مین چلا کہنی لگی
اوہ جی اک تم نہ آؤ گی تو کیا ہو جای گا

قتل کر تیغ تبسم سی دیت کا غم نکہا
جلوۂ لبہای رنگین خونبہا ہو جای گا

جذبۂ دل بھی عطا کر درد بخشا ہی اگر
ورنہ ای تقدیر نالہ نارسا ہو جای گا

ہان زبان تیغ سہنی دو دہان زخم ہین
شکر احسان ستم کچھ تو ادا ہو جای گا

ہون وہ مضطر بعد مردن امتحان کی واسطی
پہلوی مرقد مین پہلی زلزلا ہو جای گا

دل مرا یا اوس بیوفا کو سخت نادانی ہوئی
کیا خبر تہی اسقدر نا آشنا ہو جای گا

۶۵
شکوہای زلف پر ہم اسقدر تسلیم کیون
مین نہ کہتا تہا گرفتار بلا ہو جای گا
سخن میرا نہو کر بارِ خاطر ... سناؤن کچہہ تجہی اظہارِ خاطر
کہ اک دن حسرتِ پابوسِ استاد ... ہوئی نشتر فروشِ جانِ ناشاد
سو دولت تمنا رہنما تہے ... سعادت جلوہ بخشِ مدعا تہے
مسافت نی گوارا کی جو دوری ... ہوا حاصل مجہی لطفِ حضوری
بجالایا مین آدابِ غلامے ... ہوا ہمبزمِ استاد گرامے
تمامی جمع تہی احباب و اغیار ... سخن کا ہر طرف تہا گرم بازار

کوئی حافظ تھا شعرِ مصحفی کا / کوئی دیوانۂ دیوانِ سودا

کوئی پڑھتا تھا نظمِ شوق باشوق / کسی کو تھا کلامِ ذوق سے ذوق

کوئی لایا ہوا تھا با دلِ جان / جنابِ حضرتِ مومن کا ایمان

کسی کے لب پہ ناسخ کا سخن تھا / کسی جا شعرِ آتش شعلہ زن تھا

کہ اتنے میں مہربانِ اشرف علی نے / ادا فہمِ رموزِ شاعری نے

نکالی کچھ بغل سے کہنہ اوراق / شبابِ صورتِ دلہائے عشاق

تمام اوس میں خلافِ نکتہ دانی / لکھی تھی شاہِ غزنیں کی کہانی

سوا موزوں سے کے دونا ہو فسانہ / نہ کہتا تھا بیانِ شاعرانہ

نیا مضموں تھا دیسی زبان میں / نہاں یوسف تھا گردِ کارواں میں

مگر دیکھا فسانۂ شوق / ہوا میں سر بسر دیوانۂ شوق

دیا تاثیر نے نشتر جگر میں / وہ ساماں پھر گیا میری نظر میں

جلا دل آتشِ حالِ وفا سے / اوٹھی لو شعلۂ داغِ جفا سے

احبا جو یہ ہمدم ہم خوا سے / انہیں جان یہاں غم کی کہا نے

اودھر تھا خندۂ اربابِ محفل / ادھر تھا گریۂ بیتابیٔ دل

اودھر تھا لب پہ ذکرِ عاشقانہ / ادھر رویا تھا سوزِ دل زبانہ

فراموشی رہے کچھ دیر دمساز / کہ ناگہ دی مجھی ہاتف نے آواز

کہ اے دلدادۂ نازک ادا سے / شہیدِ شوخیٔ مضمونِ عطا سے

تری وہ سحر سخن شہرت نشاں ہے / زمینِ شعر تجھ سے آسماں ہے

بہ رنگِ نقشِ پا افتادہ کیوں ہے / دلِ آزردہ جنوں آمادہ کیوں ہے

تجھے اب کاہشوں سے کام کیا ہے
خیالِ گردشِ ایام کیا ہے

ملا ہے قدردان رشکِ سحبان
جنابِ میرزا محمد علیخان

سریر آرائے اقلیمِ معانی
خداوندِ جہانِ نکتہ دانی

سخن بخشِ جہان استاد جسکا
قبولِ عقلِ کل ارشاد جسکا

بلاغت زادۂ طبعِ رسا ہے
فصاحت گردِ راہِ مدعا ہے

جو نسبت ہے زمین کو آسمان سے
بجا نکلے زبانِ دو جہان سے

لکھی گر وصفِ حسنِ ماہ پارہ
بنے ہر دائرہ چشمِ ستارہ

اگر فرصت تجھے چرخِ کہن دے
اسی کے نام سے دادِ سخن دے

یہ افسانہ جو تیرے روبرو ہے
خلافِ اہلِ معنی گفتگو ہے

ہے حسنِ زبان وہی پر خدارا
نئی صورت سے رنگِ طبع دکھلا

بلندی دے ذرا اوجِ بیان کو
جلا دے جوہرِ تیغِ زبان کو

گزارش کی یہ میں نے سنکے ارشاد
کہاں سرمایۂ لطفِ خداداد

تصور میں مرے آتا ہے ایسا
شکوہِ دہلوی نے اسکو لکھا

پھر اسکے بعد باطرزِ دل آرا
ہوا انجمن میں خامہ فرسا

حیا سے وہ عروسانِ معانی
سدا مجھسے ہیں گرمِ لن ترانی

کبھی دیکھا نہیں ہے سایہ اونکا
خدا جانے ہے کیا پیرایہ اونکا

یہی کچھ عذر کا میرے سبب ہے
نہیں ارشاد سے انکار کب ہے

سوا اسکی ہو جو ایسا نظر سے
بجا لاؤں دل و جان و جگر سے

کہا یہ فکر کیا ہے بے خبر ہے
ہر اک کا طرز اپنے طرز پر ہے

چھلکا شیشہ کہ چھلکی شوق کا جام
کسی کی پیروی ہی تجکو کیا کام

مگر ہان اہلِ مطلب مین کسی جا
کہی شئے روا رکہنا نہ اصلا

بہر صورت ہوا جسوقت ناچار
لکہی بحرِ ہزج مین چند اشعار

فغانِ مر جو کچہہ یاد آئے
مصیبت آشنا تہا کہہ سنائے

بس اب لازم ہی اربابِ سخن کو
کہ جب دیکہین مری نقشِ کہن کو

نظر جس جا پڑی سہوِ قلم سے
بناوین خامۂ جادو رقم سے

تمنا ہی کہ جائی آفرین باد
کرین مجکو دعای خیر سی یاد

یہان سی ہی فسونِ عشق آغاز
زبان و خامہ ہین آپس مین ہمراز

شانہ کشیٔ مشاطۂ زبان بآرایش گیسوی داستان

کدہر او ساقی فرخندہ پے ہے
کہ پیمانہ مرا محتاج مے ہے

وہ دارو دی کہ ہوا افسردہ ماتم
تنزل پائی اوجِ نشۂ غم

رہے کبتک میِ گلگون سی انکار
شکستِ توبہ ہو جائی نہ بیزار

مری ہی زندگی جام و سبو سے
مین گذرا آبرو سے آبرو سے

کہان پہر لطفِ کیفِ نوجوانی
غنیمت ہی کوئی دم زندگانی

کسی شکلِ خضر طولِ بقا ہی
کمندِ عمر ہر دم نارسا ہی

ہر اک سو ہی فریبِ خوابِ صیاد
کمینگاہِ جہان ہی دام آباد

کبہی یکسان نہین حالِ زمانہ
برنگِ زلف برہم ہی فسانہ

کہانتک ضبطِ مضمون کی گرانی
طبیعت گدگداتی ہی کہانی

سنا ہی یون کہ محمودِ جہاندار بشکلِ بخت تہا اک رات بیدار
طبیعت پاک تہی فکرِ جہان سی لڑی تہی آنکہہ سقفِ آسمان سی
پسندِ طبعِ تنویرِ قمر تہے ہر اک چشمِ کواکب پر نظر تہے
اوسی عالم مین وہ سرمایہ ناز ہوا یون دل سی اپنی مشورت ساز
کہ سب مصروف ہین خوابِ عجب مین بہرا ہی مدعا دامانِ شب مین
زمانی مین نہین کوئی خبردار مگر یان جا بجا دلہای بیدار
پہرون تنہا میانِ شہر و بازار دلِ ہر بیخبر سی ہون خبردار
کہان ہی ماتمِ شامِ غریبی کہان ہی شکرِ صبحِ خوش نصیبی
کہان گلبانگِ عشرت ہمنفس ہی ہجومِ نالہ کسکا دادرس ہی
کہان ہی قہقہۂ لب خندۂ گل کہان بیتابئ دل رقصِ بسمل
کہان ہی اشکِ بیتابی بدامان کہان ہی غم سی سر وقفِ گریبان
کہان ہی زحمتِ پیہم سی ہر دم رگِ جان پر خراشِ نشترِ غم
کہان لطفِ فغان فرصت طلب ہی کہان راحت کہان جوشِ غضب ہی
سرود و ساز سی ہی کون ہمچنگ کسی ہی طالعِ ناساز سی جنگ
سمجہکر دل مین کچہہ ایسی ہی باتین بہت سی کنج ہین پوشیدہ گہاتین
کسی پر تا نہو یہ راز افشا لباسِ مشکفامی بر مین پہنا
بدل لی شکل مطلب کی طلب مین کہ جیسی ون چہپی دامانِ شب مین
نظر آیا شہِ محمودِ ذی ہوش مہِ کامل مگر بدلی مین روپوش
جوانب کی تماشی دیکہتا تہا قدم سرگرمِ راہِ مدعا تہا

بسر کرتی ہوئی گل جس جا گذرتا   معطر کوچہ و بازار کرتا
شبِ تاریک مین پھرتا تھا تنہا   خیالِ صبح وہ کھٹکا تھا اجل کا
غرض ناگاہ شاہِ رشکِ فغفور   جب آ پہونچا قریبِ قصرِ دستور
لگا اطراف کی کرنی نظارے   کہ دیکھون کیا ہین قدرت کے اشارے
قضارا اک جوانِ شوخ و طناز   نظر آیا پریشانی سی دمساز
شرابِ عشق سی دل مست سرشار   نظر آشوب گاہِ شوق پیدا
سرِ شوریدہ ممنونِ جنون ہی   برنگِ لالہ دل لبریزِ خون ہی
تنِ تنہا و رفتہ ہے جوشِ آرزو مین   سراپا گم ہے راہِ جستجو مین
چھپائی ہی بغل مین صورتِ دل   کمندِ پُر گرہ استادِ کامل
زیادہ طول مین وہمِ بشر سی   رسائی مین سوا تارِ نظر سی
سراپا درہم و پیچ و خم ہی   مگر وہ چراغِ شامِ غم ہی
ہر اک حلقی ہی اوسکی ہی ہویدا   کشادہ لب ہے آغوشِ تمنا
جدا ہی آسمان سی خود فراموش   جذابِ این و آن سی پنبہ در گوش
خموشی اوسکی عرضِ مدعا ہے   ہجومِ شوق مین کچھ بک رہا ہی
عیان ہی لب سی گلبانگِ ترانہ   کھڑا پڑھتا ہی شعرِ عاشقانہ
کہ شاید سنکے یارِ محوِ آرام   کری تکلیفِ جنبش تا لبِ بام
زیادہ مضطرب اسکو جو پایا   بغل مین رشتۂ جان یاد آیا
صلائی آرزو سے کام ناکام   کیا اوسکو قدمبوسِ سرِ بام
لیے جاتا تھا شوق اوسکو سوی یار   کہ رسوائی پکارے ہان خبردار

خلافِ اقتضای آسمان ہے کدہر جاتا ہی او غافل کہان ہے
کہا اوسنے مین کیا شہ نی گرفتار کہا اوس سی کہ ای بیباک و عیار
بتا تو کون ہی آیا کدہر سے غرض رکھتا ہی کیا اس بام و در سے
پہرا کرتا ہی کیون راتون کو تنہا کمندِ پُرگرہ سی وہ سطح کیا
مقرر تو کوئی ہی دزدِ شبگیر تجھی لازم ہی کرنا پابزنجیر
نظر آتا ہے مجھکو خلق آزار سزای ناسزا اکا ہی سزاوار
طمانچے مار کر روی جوان پر چُہٹی گلبرگ سوسن ارغوان پر
کبودی یون ہوئی عارض سی پیدا دہوان ہو جسطرح شعلی سی لپٹا
یہ عالم دیکہکر وہ تو گرفتار رہا حیران بہ رنگِ نقشِ دیوار
خموشی نی لبون پہ زہر کہایا ہجومِ بیخودی نی آ ستایا
الم ایسا اثر پاشِ جگر تہا کہ ہر دم حالِ دل نوعِ دگر تہا
عوض اشکون کی خونِ دل بہایا کمالِ ضبط کیا کیا رنگ لایا
کہا تو کون ہی ای فتنہ ایجاد مجہی دیتا ہی کیون تکلیفِ بیداد
خطا کیا ہی ہوئی کیا مجہسی تقصیر مین ہون کسو اسطی شایانِ تعزیر
غریب و بیکس و ناچار ہون مین بلاکش ہون جگر افگار ہون مین
نظر آتا ہی کچہہ بیرحم و بیدرد ستمگاری مین ہی تو یکہ و فرد
ستم ایجاد ہے بیداد گر ہے کسی کے بیکسی پر کب نظر ہے
نہ لب ہین غنچہ آسا طرزِ فغان سے نہ واقف ہی جگر دردِ نہان سے
نہ دل سے لئے نازِ بیتابی اوٹہایا نہ رخسارون پہ اشکِ گرم آیا

کہا شحنہ نی کہ ہون مین شحنۂ شہر
زمانے مین مرا مشہور ہے قہر

عدالت کا مری سنکر فسانہ
عدم آباد ہے جورِ زمانہ

نہین طاقت کہ حسبِ نازِ خوبان
دلِ عاشق سے ہون کشتہ مژگان

نکلتا ہی زبان سی ہو کی شیرین
کلامِ تلخِ معشوقانِ خود بین

چرائی رنگِ دستِ دلربا جو
کرون پامال مین وزدِ حنا کو

اگر ہو چور ناسورِ جگر مین
لگا دون آگ آبِ نیشتر مین

بلای جان ہوئی ہی تیری تقدیر
نہو گی کارگر اب کوئی تدبیر

مقرر چہدم او خانہ برباد
گلے تجھسے ملے گی تیغِ جلاد

یہ سنکر وہ اسیرِ دردِ حرمان
بجا لایا فلک کا شکرِ احسان

کہ تہا مین تنگ سیرِ گلستان سے
مگر کی چرخ تونی مہربانے

مری ہی جس سی کل تک ای پرِ افسون
زمینِ قتل کہ ہو گی شفق گون

بیان سپہرِ بی مہر ناموافق و بیجا آوردن شاطر یاری و دستِ صیاد

پلا ساقی شرابِ آتشین جوش
کہ دل کو ہی ہوای ماتمِ ہوش

رہے ہمدم لبِ پیمانہ اپنا
بلا سے ہو گیا بیگانہ اپنا

بہت کچہہ تہی تعلق جہان کی جنجال
لیا الفت نی سب سے فارغ البال

کلامِ حضرتِ ناصح سے بیجا
یہین ہا ہون رندِ خراباتی مجہی کیا

طبیعت پاک ہی ہر پیش و کم سے
نہین مطلب فریبِ عیش و غم سے

غرض جب دل مین [illegible]
کہ ہون قتل شہر سوم مہر [illegible] ان

پھر آیا دل ہجومِ درد و غم سی
جھکا سر بارِ احسانِ ستم سی

سنانِ دردنی چھیدا جگر کو
ہوا رونا ہنسنے ہر چشمِ تر کو

یہانتک اشکِ غم مژگاں سی ٹپکے
کہ جیبن کر بات بھر دامان سی اٹکے

تصور مین یہی کہتا تھا دل ریش
کہین بدظن نہو یارِ وفا کیش

کہ ہوتا ہے گریبانِ سحر چاک
نہ آیا کیا سبب وہ عاشقِ پاک

بشکلِ بختِ خفتہ سو گیا وہ
کہین یا صورتِ دل کھو گیا وہ

کوئے یا اور شمعِ حسن پائے
بنا پروانہ تازہ لو لگائے

اوسے اب فرصت آنی کی نہین ہے
کسی جا شرط جانی کی نہین ہے

نہین شوق سی پہلو ہی آباد
مری بھولی سی بھی آتی نہین یاد

عجب پیچ کشاکش کی یہان آن
گرفتارِ عذابِ دو جہان ہون

کہ صدقے ہو یہان مشتاقِ دیدار
وہان زیبِ زبان ہے شکوۂ یار

یہان آخر ہو وہم کی توجہ خواہی
وہان ہو ابتدائے بدگمانی

یہان ہو وجہِ ماتم لطفِ ہستی
وہان ہو تہمتِ بادہ پرستی

پسِ مردن بھی اس داغِ ابد سی
مین چونک اوٹھونگا آغوشِ لحد سی

یقین ہی سوزشِ دل سی مری جا
لحد سی حشر کو اوٹھے گا شعلا

ہزارون خنجرِ نشتر ہین دل مین اسکان
نہین سینہ مگر گنجِ شہیدان

رہے گا تا ابد ماتم مین پر شور
لبِ تن سی زیادہ تر لبِ گور

نہ صورت کوئی دم دیکھی صنم کے
سحر ہونے نپائی شامِ غم کے

کسی کی ای فلک تقصیر کیا ہے
نصیبون سی مجھی اپنی گلا ہے

فرض وہ ناز پرور مصیبت
لگا کہنے کہ اے وجہِ آفت

فنِ فرزندی ہے ننگِ طبعِ ناشاد
میں ہوں اس تہمتِ بیجا سے آزاد

نہیں مشتاق میں حسنِ جفا کا
نہیں پامال اندازِ بلا کا

مگر ہاں یہ ہوئی ہے مجھ سے تقصیر
کہ صحرا کو گیا تھا بہرِ نخچیر

پھرا دن بھر میانِ دشتِ پرخار
فریبِ شوقِ آہو میں گرفتار

کمند اسپ اصطبل لایا تھا ہمراہ
نہ بہروزی اے شبگیر و بیگاہ

ہوئی جب چلتی چلتی شام مجھ کو
فراموشی ہوئے آرام مجھ کو

ہر اک نقشِ قدم کی گرد ہر بار
تصدق میں رہا مانندِ پرکار

پریشان پھرتی پھرتی چار سو ہی
دو چار آ کر ہوا اس شہر کو سے

اجل نے رستہ ایسا بھلایا
کہ پابوسِ مبارک کو میں آیا

یہی کچھ سرگذشتِ مدعا ہے
یہی آفت زدوں کا ماجرا ہے

کبھی آوارگی سے دو پہر کو
کروں گا ناصیہ سائی سحر کو

پھرا قصد شہ کو جو نظر ہو
قبولِ دل ہو منظورِ جگر ہو

پسند پا ہمراہی صلح پیوند
کہا شہ نے فسونِ حیلہ تا چند

عبث ہی آرزومندِ رہائی
کبھی ظاہر ہی تیری پارسائی

اگر تجکو ہوس ہے خلاصی کی
عوض اپنی ضمانت دے کسی کی

پتا پہلے بتا اپنے مکان کا
نشان پھر دے کفیلِ مہربان کا

کہا جا ہے سکونت سب پہ مشہور
فلانی جا ہے اک مدت سے مشہور

یہاں سے چل مری ہمراہ گھر کو
وہاں ضامن بھی دوں گا پدر کو

براے امتحان شہ سادہ لیکر | جب آپہونچا قریبِ حلقۂ در
ہلاے صورتِ دیوانہ زنجیر | کہا سوتا ہی یا بیدار او پیر
وہ نکلا اسکی صد رنج و محن سے | برنگِ روحِ افسردہ بدن سے
گلِ رخ ہو رہا تھا زعفرانی | خزان دیدہ تھا گلزارِ جوانی
سرشتِ پاک تھی صبحِ ازل سے | ابد تھے ابتدا طولِ امل سے
ادب تھی اسکو وقتِ خط کتابت | خضر لکھتی سدا حضرت سلامت
ولی تھا سروری مین وہ ممالک | برادر خواندۂ ضحاک و مالک
درِ دولتسرا کو جب کیا وا | زبانِ چرب سی آہستہ بولا
کہا ای یارانِ اندازِ وفائی | خداوندانِ شہرِ آشنائی
بہم تم کون ہو رہتی ہو کیا نام | خلافِ وقت تمکو مجھسی کیا کام
مین اسدم محو تھا یادِ خدا مین | جبین سا تھا جنابِ کبریا مین
تعلق سے طبیعت یکسو تھے | خموشی ہمزبانِ گفتگو تھے
تجلی بخشِ دل نورِ قدم تھا | رگِ چشمِ کلیم اللہ دم تھا
بلایا کیون مجھی خلوتسرا سے | کرو آگاہ عرضِ مدعا سے
کہا سلطان نی اوس شمعِ سحر سی | خبر کچھ ہی تجھی حالِ پسر سے
کیا ہی مین نی دزدی مین گرفتار | سحر کو ہو گا قربانِ سر دار
اگر ضامن ہو تو اسکا سحر تک | مبارک ہو تجھی بیٹا سحر تک
نہین لیجاکے رکھون پا بزنجیر | کرون گا صبح کو کچھہ اور تدبیر
یہ سنکر ماجرا پیرِ کہن سال | لگا کہنے کہ ای مردِ خوش اقبال

یہ طفل خانمان برباد اکثر | نکل جاتا تھا شب کو گھر سے باہر

سدا رہتا تھا محو خود پرستی | جہان مین ایک ہی تھا ننگ ہستی

مری صحبت سے آتی تھی اسے عار | ہمیشہ پند سے رکھتا تھا انکار

ہوا ہے عاق یہ برگشتہ ایام | مجھے کیا اسکی قول و فعل سے کام

کہے دیتا ہون مین تم سے بہ تکرار | کہ رہنا اسکی عیاری سے ہشیار

نہین مطلق خیال پاسدارے | کرو جو چاہو حد شرع جارے

سنی شہ نے حدیث پیر جس دم | ہوا تصویر کا حیرت سے عالم

کہ نفرت اسنے کی لخت جگر سے | چرائی آنکھ یون نور نظر سے

چلا لاحول پڑھتا اک طرف شاہ | جوان بھی صورت سایہ تھا ہمراہ

ندامت نے دکھائے گرمجوشے | اوٹھائے لب نے احسان خموشے

لگے دامن کو تکنے دیدۂ تر | گریبان آشنا غم سے ہوا سر

اسیر شوق دل نے التفا کے | بڑہی حسرت سوال مدعا کے

کشاکش سے ہوا بس دل کی ناچار | لگا کہنے کہ اے فرخندہ کردار

لگا ہون مین پدر کی مین سراسر | بشکل طفل اشک تر ہون ابتر

مگر اک یار ہے دمساز میرا | انیس و ہمدم و ہمراز میرا

دلون مین صورت نقش تمنا | جگہ رکھتا ہے الفت سے سراپا

شرافت مین بہت عالی حسب ہے | کہ مشرب فلکزادہ لقب ہے

اگر وہ مجکو یون دلگیر دیکھے | اسیر پنجۂ تقدیر دیکھے

عجب کیا ہے کہ وہ اہل مروت | بجا لائے بدل رسم ضیافت

جوان نے جو کہی اپنی ہوا مین — جگہ دی شہ نے آغوش رضا مین
کہا یہ بھی سہی اے وزیر عیار — نہین مجکو وہان چلنے مین انکار
اوسے ہمراہ لیکر شاہ ناچار — ہوا جب آستان بوس دربار
نظر آئے عجب عشرت کے سامان — رہا نیرنگی گردون سے حیران
کہ ہے اک یار محو نغمۂ تار — گرفتار بلا ہے دوسرا یار
ادہر ہے غفلت جوش مے ناب — ادہر نشتر زن دیدہ رگ خواب
وہان ہے ہاتھ وقف گردن دوست — یہان ہے آرزوے دیدن دوست
جوان نے حکم شاہ بدگمان سے — پکارا اوسکو صد شور و فغان سے
کہا اے یار جفا دشمن وفا دوست — شفیق لطف فرما آشنا دوست
ہوئی ہے آج مشکل عقدۂ دل — خلل انداز راحت ایک مشکل
نہین ممکن سوا تیرے رہائی — خدارا جلد کر مشکل کشائی
شفاعت خواہ ہے بے اختیاری — بجا لا ہو سکے جو شرط یاری
ملکزادہ صدائے یار سنکر — چلا سیماب کی مانند مضطر
خمار مے سے چہرہ ارغوانی — بھرا آنکھون مین کیف نوجوانی
اولجھتا نشہ مین پاؤن سے دامان — بسا بوئے عروسی مین گریبان
تقاضائے تمنا وقف حاصل — مئے حسرت سے خالی شیشۂ دل
لیے اک ہاتھ مین شمشیر عریان — جواب جلوۂ سیف زبانان
قریب آکر جوان کے رستمانہ — پکارا او ستمگار زمانہ
کیا کیون یار کو میرے گرفتار — مگر ہے زندگی سے اپنی بیزار

تجھی تقدیر یون لائی ہی تیرے
مری ہاتھون اجل آئی ہی تیرے

ابھی آزاد کر قیدِ گران سے
نہین ہوتا ہی تو رخصت جہان سے

کہا شہ نے کہ ای مردِ دلاور
عبث ہی فکر مین جامی سی باہر

کہ مین ہون شحنۂ سرکارِ شاہی
مجھی ہی خدمتِ عالم پناہی

پھرا کرتا ہون شب کو تا سحر مین
ہر اک کوچی کی رکھتا ہون خبر مین

یہ ہی روز و شب آہنگ جہان گرد
تو ضامن ہو اگر آتا ہی کچھ درد

سحر کو لونگا مین تجھسے اسی طرح
نہ مانون گا کوئی حیلہ کسی طرح

ہوئی جب جہل سے آپس مین تقریر
لگا کہنے جوانِ با تدبیر

کہ ای شمعِ شبستانِ محبت
ہوا کیون باعثِ تکلیفِ حجت

نکر تو گفتگو جوشِ غضب سی
حذر کر جراتِ ترکِ ادب سے

یہ ہی فرمان روای کشورِ شاہ
اسی کا حکم ہی ماہی سی تا ماہ

ملکزادہ یہ سنکر با صد افسوس
تملق سی ہوا شہ کا قدمبوس

بجا لایا تمامی شرطِ آداب
بشکلِ خادمانِ خواجہ القاب

پسِ افسانۂ ابلہ فریبی
کہا ای چارہ سازِ بدنصیبی

یہ میرا یار ہے اسکو رہا کر
جو کچھ ہو مجھسی پاداشِ خطا کر

کہا شہ نے نہین تجھسے سروکار
فقط سرکار کا یہ ہے گنہگار

اگر ہی تجکو پاسِ آشنائی
تو ضامن ہو کہ ہو جس مین رہائی

ضمانت سی لیا آخر جوان کو
کیا رخصت شہنشاہِ جہان کو

بٹھایا گوشۂ خاصے مکان مین
نگارستانِ چین رشکِ جنان مین

بچھا کر مسند و قالین و سنجاب / کیا آراستہ اک جا پلنگ خواب

بہ صورت وہ مجوِ غمگسارے / رہا آمادۂ خدمت گزارے

ملی جب رسمِ مہمانی سے فرصت / ہوئی آپس میں تنہائی کی صحبت

ملکزادے نے پوچھا اے برادر / پڑی افتاد کیا مجھسے بیان کر

ہوا کیونکر گرفتارِ غمِ عشق تو / کہاں جاتا تھا پابندِ ہوس تو

جوان نے روبروے یارِ دمساز / کیا یوں نوحۂ دل اپنا آغاز

کہ اے یارِ جوان فرخندہ اختر / وزیرِ شاہ اک رکھتا ہے دختر

جو دیکھے شکل اوس نورِ خدا کے / زبان مشتاق ہو صلِّ علیٰ کی

اکیلی پا کے شب آغوش خالی / لپٹ جاتی ہے تصویرِ نہالی

زبان محوِ جوابِ لن ترانے / نظر نا آشنا ہے مہر پانے

ستاروں کو سمجھ کر چشمِ بینا / نہیں شب کو نکلتی ماہ سیما

چھپے حسنِ صفا کیا پیرہن سے / نظر آتی ہے شکلِ روح تن سے

نیا ہے شوق ناز و دلبری کا / سراپا ہے ابھی عالم پری کا

لکھے گر خامہ وصفِ موئے مشکین / ہر اک نقطہ ہو نافِ آہوئے چین

جبین کے لفظوں سے کب ہے تجلی افشان / قریبِ صبح ہے شامِ غریبان

خمِ ابروے پیوستہ سے ہر دم / کھچے سے ہے تیغِ بہرِ قتلِ عالم

جو دیکھے رنگ چشمِ سرمہ سا کا / کھلے گر رمِ آہو ہے پیدا

کہاں مژگانِ سرگشتہ نمودا / کفِ دستِ دعا ہے بہرِ بیمار

کنارِ چشم و نبالہ کھچا ہے / لبِ آہو میں یا برگِ گیا ہے

منور روز و شب بے خسارہ دلخواہ | بشکل آفتاب و جلوۂ ماہ
کہون کیا سرخی یاقوت لب مین | خیال بوسہ لایا ہی غضب مین
زبان کو شکوۂ قید سخن ہے | نگہبان خال ہی زندان دہن ہے
صفا ہی درِ دندان سے سراسر | زبان ہی آب گوہر مین شناور
اگر دیکھے گلو کی جلوہ افگن | جھکا لی ہر صراحی اپنی گردن
یہانتک ہین نزاکت آفرین گوش | گران ہی اونکو عکس گوہر گوش
لکھون گر وصف دست سرخ جانان | قلم رنگین ہو مثل شاخ مرجان
دو پستان یا حباب بحر ہستی | شکم یا موج زن طوفان مستی
نہین ہی ناف ہنگامِ تماشا | نظر آتا ہی عکس چشم بینا
خیال نازکی سے پیچ کہایا | کمر تک سایۂ گیسو نہ آیا
حنا کچھ پاون پر ایسی لپٹی ہی | اوسی جب دیکھو قدمون سے لگی ہی
مری اوسکی ہی ربط عاشقانہ | جگر ہی تیر مژگان کا نشانہ
نہین فرقت گوارا ایکدم کی | قسم ہی درمیان رنج و الم کی
مگر رکھتے نہین مانند گوہر | غبار لوث روی مدعا پر
برنگ طفل اشک آرزو ہم | نگہ رکھتے ہین باہم با وضو ہم
کمند تاب دادہ شب کو اکثر | اوڑا لیجاتی تہی قصر پری پر
حضور حسن ہوی ماہ سیما | ہین رہتا رات بہر محو تماشا
سوا اسکی ہو گر کچھ اور منظور | مری آنکھین ہون یارب چشم بلور
نگاہ بد ہوئے ہو گر کبہی اچار | سدا رکہہ مثل چشم یار بیمار

اگر سر کو جھکوئی ہی شوق مین بال — رہون مین جیم لف کی مانند پامال
ہوا ہو بی اوٹھا من سی جو ہاتہ — برنگ شاخ بی بر قطع ہو ہاتہ
اگر بوسی کا لب رکہتی ہون ارمان — رہین مثل جرس تا حشر نالان
رکہا ہو اوسکی زانو پہ اگر سر — نہ مجکو خشت بالین ہو میسر
ہٹا ہون ساتہ گر زیب نہالی — ہلال آسا رہی آغوش خالی
نگریان مہر لطف ہمرہا نے — گوارا سب تہی جورِ آسمانے
پڑہا کرتی تہی وہ تا صبح قرآن — مرا تہا مصحف رخسار ایمان
جبین مین جب غبار سجدہ پایا — جگر کو خاک ہونا یاد آیا
وہ پڑہتی سورۂ واللیل جسدم — مین تکتا جانب گیسوی پرخم
قضارا آج مجکو شحنۂ شاہ — ملاقت بمکان غیرت ماہ
سمجہکر دزد عیار و جفاکار — کیا بند سلاسل مین گرفتار

شعلہ افروزیِ شوق در آتشکدۂ سینہ جوان بازرفتن بسرای نزدیک حضیت جانان

کہان ہی ساقیِ وعدہ فراموش — وداع صبر دل ہی رخصت ہوش
پڑی ہی میکدی مین وہ خرابی — گلے مل مل کی روتی ہی گلابی
جدائی مین تری لبریز ساغر — نظر آتا ہے مثل دیدۂ تر
وفور گریہ سی حالت ردی ہی — گلوی شیشہ مین ہچکی بند ہی ہی
تری فرقت مین دل خون ہو گیا ہی — کہان شیشہ بغل مین آبلا ہی
غرض اوسی سی وہ دیوانۂ عشق — بیان جب کر چکا افسانۂ عشق

کہا ای غمگسارِ عاشقِ زار — مرا کل خاتمہ ہی آخرِ کار
حباب آسا ہی پر پیمانۂ عمر — فنا ہر وقت ہی ہمخانۂ عمر
خبر دیتا ہی امروزِ مصیبت — مری فردا ہی فردای قیامت
مجھی آوازِ مرغِ صبحدم کی — مبارکباد ہی شامِ عدم کی
کری گا عشق سر پر سایہ اپنا — دکھائی گی محبت پایہ اپنا
ہوای وصل مین میری بصد جوش — زمین مقتل کی ہی وا کردہ آغوش
کوئی دم مین عیان ہو گا سحرگاہ — طلب مجکو کری گا شحنۂ شاہ
میانِ مقتل گہ تیغ دو دم سے — کری گا سر کو ہم صحبت قدم سے
مصیبت گریہ زاری مین ہو گی — تمنا سینہ افگاری مین ہو گی
فغان و آہ سب بالین پر آکر — مری ماتم مین ہونگی خاک بر سر
گھڑی بھر کی لیی گر دی اجازت — مین اپنی یار سی ہواون رخصت
نہین محشر مین اس شرم و فا سے — رہین گی نیچی آنکھین دلربا سے
کہا اوسنے کہ ای یارِ دل افگار — نہین ہون مانعِ دیدارِ دلدار
ولی ہی خوف چرخِ حیلہ جو سی — نہ جل جائی حصولِ آرزو سے
مبادا پھر کسی کا سامنا ہو — وہی زندان وہی زنجیرِ پا ہو
وہی ہو لطفِ ماتم رشکِ شادی — وہی جوشش مرادِ نامرادی
کہا پھر چارہ و تدبیر کیا ہے — علاجِ کاوشِ تقدیر کیا ہے
اجل سے کم نہین تاخیر مجکو — ہر اکدم ہی دمِ شمشیر مجکو
مرادون کو نہ اسدم روک دل سے — ابھی آتا ہون مین اوس گل سی مل کے

شہ محو زیرِ پشتِ دیوار
کھڑا سنتا تھا باہم قول و اقرار

چلا وہ جس گھڑی با نالہ و آہ
ہوا یہ ساتھ برنگِ سایہ ہمراہ

رہِ مطلب میں بس تھا گرمِ رفتار
کفِ پای صبا تھی آبلہ دار

ہوا جب کوی جانان میں جبین سا
کیا بیتابیون نے حشر برپا

توکل کرکے سلطانِ ازل پہ
کمندِ پیرگرہ پھینکی محل پہ

نہ فرصت دی ہجومِ آرزو نے
کیا خود گم خیالِ جستجو نے

رسے وہ حلقہای تابدادہ
برنگِ زلفِ محبوبان فتادہ

شہنشہ بھی اوسی کی رہبری سے
ہوا لطف آشنا بامِ پری سے

ولیکن صورتِ تصویرِ بیجان
رہا اک گوشۂ خالی میں پنہان

میانِ شب پسِ دیوارِ خانہ
نظر کرتا ہے کیا شاہِ زمانہ

کہ سوتا ہے پہ اک رشکِ مہتاب
خمار آلودہ کیفِ شکرِ خواب

نزاکت ہائے تکلیفِ تن سے
ردای نورِ مہ سایہ فگن ہے

نظر آتی ہیں وہ خوابیدہ مژگان
بہم لپٹی ہوں جیسی دو پُراران

نہیں بکھری ہوئی رخسار پر بال
شبِ غم سی عیاں ہے صبحِ اقبال

جوان آکر قریبِ ماہ سیما
برابر شمع کے بالین پہ ٹھہرا

تصور میں یہی کہتا تھا ہر بار
فدای چشمِ خفتہ بختِ بیدار

بھرا آنکھوں میں کیفِ جوشِ شب ہے
جگانا ایسی فتنے کا غضب ہے

ہوا مانع جو آدابِ تمنا
رہا ہنگامہ آرای تماشا

ولی جب دیکھتا کوتاہی شب
ٹپکتا لب سے ہے پیہم جوشِ یارب

یہ کہتا ہی فلک وقتِ کرم ہے
فغان غم بہت ہی رات کم ہی

مصیبت مین شبِ یک حلِ مشکل
ہوئی آخر جب راحت کاریِ دل

کہ ٹپکی ہوئی گل میں مثلِ شبنم
سرشکِ گرمِ الفت زادۂ غم

اثر آکر دردِ دل پہ پکارا
ہوئی تکلیفِ بیداری گوارا

کہلی جب آنکہ اوس شاکِ پری کے
ادا غمزی نی رسمِ کافری کی

نہ لایا تابِ چشمِ جادو وانہ
ہوا تیرِ ادا کا دل نشانہ

گریبانِ صبوری ہوگیا چاک
لیا بیہوش ہوکر بوسۂ خاک

جوان کو دیکہکر طاقت فراموش
اوٹہی گہبرا کی وہ غارتگرِ ہوش

جو دیکہی شکل پامالِ جفا کے
نظر آئی عجب قدرت خدا کے

کہ ہی مجموعۂ خاطر پریشان
مکدر ہے بہ رنگِ گردِ دامان

جنون اپنا اثر دکہلا رہا ہے
جو پیراہن ہی مشتاقِ قبا ہے

دلِ بیتاب ہی از خود رمیدہ
حواس و ہوش ہین دامن کشیدہ

جو پائی اوسنی بوی دامنِ یار
ہوا بیہوشیِ پیہم سے ہشیار

کہلین آخر پریِ دیدار آنکہین
ہوئین حسرت سے باہم چار آنکہین

پری پیکر براےِ پرسشِ حال
ہوئی یون جلوہ بخشِ شاہدِ قال

کہا ای تازہ بہارِ کامرانی
گلِ بیخارِ گلزارِ جوانی

یہ کیا عالم ہی تجہکو کیا ہوا ہے
یہ کیون بیوجہ رنگت و ہوا ہے

ہجومِ غم سے دل ناشاد کیون ہی
جگر آمادۂ فریاد کیون ہی

تجہی دامن سی کیون نفرت ہوئی ہی
گریبان گیر کیون وحشت ہوئی ہی

یہ کس کا طائر بیتاب ہے خوش آیا | یہ کس نے طائر بسمل بنایا
یہ کیسی داغ ہین رخ پر نمودار | یہ پونہچا کسکے ہاتھون تجکو آزار
خداوندا تری آگی ہی فریاد | تصدق بیکسون کا دی مری داد
یہ عارض جسکا دست جور لگجای | برنگ پنجۂ خورشید جلجای
ہوا نیلا یہ جس سی وہی رنگین | وہ شل ہو ہاتہ مثل پای چوبین
کہا ای غمگسار و یار جانے | کہون کیا طول ہی میری کہانی
گرا ہی طشت بدنامی فلک سی | ملا ہی داغ ناکامی فلک سی
ہوس مجکو نہ تھی تا بام لائے | عسس کی شکل بنکر مرگ آئے
کیا بیرحم و ظالم نے گرفتار | چلا لیکے مجہے مثل گنہکار
ضمانت سی ہوئی آخر رہائے | پی رخصت تمنا کہینچ لائے
بس آکر و یکہلو کر دیکھنا ہو | خدا جانی سحر کیوقت کیا ہو
چراغ دامن صحرا بنا ہون | کوئی دم مین ہوا خواہ فنا ہون
وہ قطرہ ہون کہ مثل اشک حسرت | سر مژگان سی ہو مشتاق رخصت
برنگ نکہت گل جور خزان سے | سفر کرتا ہون مین باغ جہان سے
یہ سنکر اوس بت کافر ادا نے | قیامت ایک برپا کی سرہانے
ہجوم اشک نے دریا بہائے | فغان لب تک ہوا خواہی کو آئے
نظر آئی کدورت یار خاطر | اذیت ہوگئی غمخوار خاطر
ہزیمت اشکر عشرت نے اوٹہائی | الم کی پہر گئی دل مین دہائی
ہزاہا سلسلہ دیوانگی سے | کسی کے خدمت فرزانگی سے

کیا ہاتھوں نے میل جیب و دامان | مصیبت کی ہوئی پروا نکی ہان
کبھی گر التفات ہوش کرتے | پریشان سنبل گلپوش کرتے
جوان سے نے دیکھکر آمادۂ شوق | کہا اوس سے کہ ای دلدادۂ شوق
تامل کر کہ ہے مثل ابر تصویر | جہان ہے خواب نادیدہ کی تعبیر
جو اس عالم مین ہے جز ایزد پاک | مقرر جائیگا اکدن تہ خاک
برنگ بوی گل محو فنا ہے | شرر کی طرح آتش زیرپا ہے
حباب آسا ہے اس بحر فنا مین | جگہہ پائی ہے آغوش بلا مین
ثبات بے ثباتی ہر کہین ہے | یہ منزل جای آسائش نہین ہے
یہی مدت سے ہے رسم زمانہ | کوئی آگے کوئی پیچھے روانہ
مرا ہے وقت رخصت جبکہ آیا | اجل کو اک بہانہ ڈھونڈلایا
شب ماتم کا میری غم نکر تو | خدا ہی دو جہان پر رکھہ نظر تو
زہی قسمت کہ ننگ ہمت عشق | ہوا قربان کوی حضرت عشق
فراز دار ہے عاشق کو معراج | اسی کی رہتی ہین یہ لوگ محتاج
عروج پایۂ الفت یہی ہے | یہی ہے باعث عزت وہی ہے
اسی سے قصۂ مجنون ہے مشہور | کیا گویا اسی نے خون منصور
پس دلداری یار وفا کار | ہوا یون حرف زن سینہ افگار
کہ اوٹھہ او اختر برج نکوئی | فروغ مہر چرخ ماہروئی
پڑھین اب چند ساعت ہم جگر چاک | سعادت تا کلام ایزد پاک
معاذ اللہ کہ ذکر این و آن سے | ہوئی غافل خداوند جہان سے

غرض خلوت میں دونوں پریشان — بہم بیٹھی ہوئی پڑھتی تھی قرآن
کہ اتنے میں بجی نوبت گجر کے — لگی آنے ندا مرغِ سحر کے
قضا نے مثلِ اوراقِ تمنا — حجابِ شب رخِ عالم سے اولٹا
موذن نے فغانہای اذان سے — جگایا خلق کو خوابِ گران سے
نظر آئی نہ وہ شب کی سیاہی — ہوئی رخصت صدای کوس شاہی
جوان وہ سنتی ہے نوبت کی آواز — ہوا یون شاہدِ مطلب سے دمساز
کہ ای نورِ نگاہِ چشم عالم — مری رخصت مبارک ہو بصد غم
بس اب میں چھوڑتا ہون آستانکو — تجھی سونپا خدای مہربان کو
یہ سنکر گفتگو شوریدہ سر سے — برنگِ آرزو لپٹی جگر سے
لگی رونے وہ پامالِ تمنا — بنائی چینِ دامن موجِ دریا
کہا ای میہمانِ جانِ بیداد — مرادِ خاطرِ چرخِ ستمزاد
شہادت تیری قسمت میں لکھی تھے — ندامت میری قسمت میں لکھی تھے
کہ میں زندہ رہون تو حیف مرجاے — وفادارون میں شہرت اپنی کرجاے
ہوای جانفشانی کی ہوا ہے — کرون کیا بی بسی زنجیرِ پا ہے
نہ اسدم رازِ دل مجھسی نہان کر — جو کچھ تجکو تمنا ہو بیان کر
بہر صورت میں ہون تیری پرستار — نہیں ہے کچھ بجالانے میں انکار
یہی غم ہے کہ میری روبرو سی — چلا ہے تو پشیمان آرزو سی
عدم میں دیکھکر سب تجکو ناشاد — کہیں گے یہ کوئی ہے حسرت آباد
ہوای وصل اگر عشرت طلب ہے — حجابِ آرزو دامانِ شب ہے

ولی ہی ننگ وضعِ پاکبازے
کہ ہین ہم تہمتِ عشقِ مجازے

قیامت کو اگر ایجان جئین گے
شرابِ وصل جنت مین پئین گے

کہا ای شاہدِ یکتای عصمت
ضیای دیدۂ لیلای عصمت

خیال آتا ہی کیا اکدم کی خاطر
کرون مین پیروی نفسِ کافر

نہین اندیشہ چشمِ این و آن کا
مجھی ڈر ہی خداوندِ جہان کا

کہ آگے جسکے رازِ دل ہمارا
برابر ہی نہان و آشکارا

مگر ہان بہرِ تسکینِ دلِ زار
تجھی دیتا ہون آگہ کہ اب یار

کہ آخر بہرِ استقبالِ بیداد
سحر کو ہون گا مین با ہوس جلاد

ہجومِ جن و انسان و ملک سی
زمین چھپ جائی گی چشمِ فلک سی

اگر تو بہی کسی صورت سی تنہا
وہان ہو ایک ساعت جلوہ فرما

عجب کیا شادیِ دیدار اسدم
بہلا دی دل سی یادِ کاوشِ غم

بہل جاؤن تہِ خنجر مین ناشاد
نہ دیکہون بیکسانہ روی جلاد

مناسب ہی مگر ای یارِ جانی
بتادی کچہ مجھی اپنی نشانی

کہا تن پر سیہ پوشاک ہو گی
الم سی شکل وحشتناک ہو گی

شہنشہ بن نشانِ صبح پا کے
ہوا راہی طرف صحرا کے

جوان ہی بعدِ رخصت بادلِ زار
ہوا داخل میانِ خانۂ یار

جو کچہ تہی سرگذشتِ غم وہان کی
ملکزادی سی سب باتین بیان کین

رفتن عاشق جانب قتلگاہ و کدخدا شدن مجنون صحرا

پلا ساقی شرابِ جانفشانی
قریب شب ہے روزِ زندگانی

حدیثِ نوحہ افزا روبرو ہے
عزا آمیز رمزِ گفتگو ہے

بھری ہین ولولی دل مین الم کی
بہت کچھ حوصلی باقی ہین غم کی

پریشانی اثر ہے شادمانی
اجل تعبیر ہے خوابِ جوانی

خمارِ نشۂ وحشت ہے سر مین
جنون ہیبت آمیز ہے دردِ جگر مین

فراغِ جان ہوئی ہے پا بزنجیر
سرِ آغاز ہے اتمامِ تاثیر

گریبان کو تمنا چاک کی ہے
سرِ عریان کو رغبت خاک کی ہے

رقم کرتا ہون حالِ رنج افزا
کہ قصہ ہے فراقِ جسم و جان کا

شبِ عشرت ہوئی روپوش جس دم
نمایان کی فلک نے صبحِ ماتم

سحر کو وہ شہِ ظلِ الٰہی
ہوا زینت فزای تختِ شاہی

ادب سے تخت و دولت سر جھکائی
حضوری مین قدمبوسی کو آئی

دعا عمرِ خضر کی دی فلک نے
کیا وردِ زبان آمین ملک نے

کھڑے ہر چار سو تھے حسبِ دستور
امیر و بخشی و دیوان و دستور

کہ اس مین پاسبانِ شہر آیا
پئے تسلیم سر اوسنے جھکایا

نگہ کی شہ نے چشمِ مہربان سے
کیا آگاہ اوسکے رازِ نہان سے

کہ جا سمتِ ملکزادہ اسی دم
مری جانب سے پونہچا حکمِ محکم

کہ حاضر روزِ شبکو کر شتاسے لے
نہین ہوگا گرفتارِ خطر اسکے لے

یہ سنکر حکمِ سلطانِ یگانہ
ہوا شہرِ مطالب کو روانہ

کہون کیا تیز رفتاری مین کیا تھا
سوارِ توسنِ بادِ صبا تھا

روان مثلِ برقِ شعلہ رفتار ہوا ہمخانۂ یارِ صفا اندار

جو سودا اگر پہرے رات ساری بسر کی تہی بہسیانِ آہ وزاری

کیا وا ماندگی نے دل کو بیتاب ہوا وقتِ سحر شرمندۂ خواب

مگر بیدار یارِ مہربان تہا بحسرت دیکہتا شکلِ جوان تہا

کہا ہان واقعی مین ہون گنہگار مجہے لیچل جہان ہو حکمِ سرکار

یہ سنکر شحنۂ سلطانِ ذو سجاہ چلا لیکر ملکزادی کو ہمراہ

زبس تہا از دحامِ خلق سر پر ہر اک کوچہ ہوا آغوشِ محشر

یہانتک شور و غل نے سر اوٹہایا جوان کو خوابِ راحت سے جگایا

ہوا معلوم اوسکو آخر کار وہی ہی فتنۂ خوابیدہ بیدار

عسس کی روبرو آکر وہ ناشاد لگا کہنے کہ اے سرمایۂ داد

پریشان دیکہکر یہ حال میرا مروت سے فقط ضامن ہوا تہا

متقر ہون آپ مین اپنی خطا کا اسے کرتا ہے کیون مورد جفا کا

عسس نے دیکہکر دونون کو ہمدم کیا وابستۂ زنجیر باہم

کہ بیتابی سے ہین چلنے کو طیار نہین معلوم کیا باہم ہین اسرار

ہوس کہتی ہین کیون جلدین وہان کی غرض کیا ان سے ہے شاہِ جہان کی

ادب سے ہے مانعِ انکار کسکا عدوے صبر ہے اقرار کسکا

یہ کیون دامن کشِ اہلِ جفا ہین الم سے کیون یہ راحت آشنا ہین

تقاضاے دلِ ناشاد کیون ہے ہواے لذتِ فریاد کیون ہے

غرض چرخِ ستمگر کے ستاے حضورِ حضرتِ سلطان جب آے

عسس نے ان بہر حکم رسم تعزیر ... ہوا شانہ کش گیسوی تقدیر

کہ خاصہ ہین یہ دونون خانہ برباد ... بجالاؤن انہیں جو کچھ ہوا ارشاد

کہا یعنی اسو مقتل جوان کو ... رہا کر جلد یار مہربان کو

ملک زادہ ہوا آزاد خاطر ... چلا مقتل کو یہ ناشاد خاطر

ہر اک کو اسکی مظلومی کا غم تھا ... جگر صد چاک دل محو الم تھا

یہی کرتی تھی باہم لوگ تکرار ... کہ یارب کون ہی تازہ گرفتار

یہ کس پر آسمان غم ہی ٹوٹا ... مصیبت نے یہ کسکی گھر کو لوٹا

کمی کی کسکی بخت نارسا نے ... چلی لی کر اجل کسکو مٹانے

ستم کے انتہا جسنے جفا کے ... اجابت آشنا ہو کر دعا کے

کبھی کہتا کوئی چرخ کہن سے ... نہ آیا باز تو اپنے چلن سے

وہی رسم جفا اندیشگی کے ... وہی آئین عداوت پیشگی کے

کوئی کہتا گرفتاری بجا ہے ... خرد بیگانہ وحشت آشنا ہے

یہی تھی ہر طرف چرچی کہ ناگاہ ... ہوا پیدا جوان اک غیرت ماہ

سوار و اسپ خوش رو تیز رفتار ... بسان ہوش عاشق جلوہ بار

سمند شوق کی پھوٹی ہوئی باگ ... محبت کی جگر مین شعلہ زن آگ

سیہ پوشاک پہنی ہی بغل مین ... کہ جیسے زہرہ آغوش زحل مین

بڑھا کر اپنی رخش خوش عنان کو ... دکھائی شکل یار نوجوان کو

ملین جب حسرت آلودہ نگاہین ... ہوئین رخصت جگر سے سرد آہین

زبس تھا کار فرما شوق دیدار ... نگاہین تھین کشاکش مین گرفتار

بیان کرتی تھی رازِ دل اشارے ۔ زبانِ حال تھی گویا نظارے
امنگیں خاطرِ ناشاد میں تھیں ۔ تمنائیں مبارکباد میں تھیں
خموشی سی کیا کہوں عالم جوان کا ۔ سراپا نار بردارِ تمنا
عجب کچھ محوِ دیدِ بی خلل تھا ۔ نہ پاسِ جان نہ سودای اجل تھا
ہوای خاطرِ پر آرزو سے ۔ کھڑا تھا لو لگائی شمعِ سر سے
کہ اسمین دیکھکر وہ شاہِ عالم ۔ لگا کہنے کہ او دستورِ اعظم
نظر کر وہ میانِ جمل خاموش ۔ کھڑا ہی اک جوانِ ماتمی پوش
اسی قیدی کو ہر دم دیکھتا ہے ۔ بتا یہ کون ہی کیا ماجرا ہی
یہ سنکر حکمِ سلطانِ جہاندار ۔ کیا پیکِ نظر کو گرمِ رفتار
نگہ بس دیکھتی ہی شوکتِ حسن ۔ ہوئی محوِ فریبِ حیرتِ حسن
لباسِ مرد مین دیکھا حسین کو ۔ نہ پہچانا جوانِ نازنین کو
نگہ کی عقل نی پیدا رسائی ۔ جو کچھ تھی شکلِ مطلب دیکھ آئی
پسِ ادب اک دستورِ یگانہ ۔ لگا کہنے کہ ای شاہِ زمانہ
مقرر یہ جوانِ چست چالاک ۔ مری بیٹی ہی ننگِ گوہرِ پاک
یہ چھپکر دیدۂ مادر پدر سے ۔ تماشا دیکھنے آئی ہی گھر سے
کہا شہ نے کہ ای دستورِ بیجا ۔ حقیقت سے میں ہوں دونوں کی آگاہ
سمجھ سکتے ہیں یہ آشفتہ حالت ۔ برنگِ بلبل و گل پاکِ الفت
میانِ جہلِ عصیان مثلِ گوہر ۔ سرشتہ نہیں ابتک ہوا تر
حیا سی گو نظامیں کچھ زبان تک ۔ مگر یہ پاکدامانی کہاں تک

تری وہ دختر حسن آفریدہ / مرا یہ طفل جانے نور دیدہ

بطرز شوکت شاہانہ اسدم / شتابی عقد کر دی انکا باہم

یہ سنکر گفتگوی شاہ والا / توقف ایکدم جائز نہ دیکھا

اوسی ساعت بلا کر اہل تنجیم / دکھائی سعد ساعت بلا تقویم

ملا کر زائچہ نیک اختری سے / کیا عقد جوان رشک پری سے

لگی رہنی وہ دونون بادلشاد / میان عیش و عشرت وصل آباد

در بیان خاتمہ کتاب و وجہ تسمیہ

پلا ساقی شراب جام حسرت / کہ ہون خاضع سی مشتاق رحمت

جو تو نے شیشہ و ساغر اوٹھایا / مجھے قول غنیمت یاد آیا

بیا ساقی بیا ای قبلۂ شوق / کہ دور آخر شد و باقیست این ذوق

طبیعت جوش پر آئی نہ ہائے / عروج فکر دکھلائی نہ ہائے

سخن سنے التفات صفحہ کم کے / قلم کو رہ گئی حسرت رقم کے

نہ نکلا حوصلہ اپنی زبان کا / قلق ہے دلکو انجام بیان کا

احتسابی کہا ہنگام اتمام / کہ اسکا نالۂ تسلیم رکھ نام

یہانتک یہ پسند طبع آیا / کہ گویا دل سی میری نقل پایا

زیادہ تر نہ اسمین بہر ہوس کے / اسی پہ جستجوی شوق بس کے

ہوا ہاتف سی بہر سال ارشاد
قبول خاطر ارباب فن باد

قطعۂ تاریخ تمامی تصنیف از مولانا استاذنا بالجناب میرزا محمد اصغر علیخان نسیم دہلوی

چون نظم نمود این فسانہ — تازہ گل من زباغ تعلیم
گفتیم نسیم سال تصنیف — قربان جمال نالۂ تسلیم
۱۲۶۹

قطعۂ تاریخ اختتام طبع از منشی اشرف علی صاحب متخلص باشرف

بتوفیق خدا چون این فسانہ — ز طرز نو بلند آوازگی یافت
بگفت اشرف پی تاریخ ختمش — کہن افسانہ ساز تازگی یافت
۱۲۶۹ھ

رشک گلزار ہمیشہ بہار مثنوی تاریخ ریختۂ خامۂ جادو نگار عبد اللہ خان صاحب ہمدم

بیا ساقی کہ فیض اوستادم — چشاند بادۂ مضمون دمادم
انیس خلوت معنی نگاران — جلیس مجلس شعری شعاران
شراب شوق پیما عشق تعلیم — خطیب ذوق امیر اللہ تسلیم
رقم زد نالۂ تسلیم بشنو — کہن افسانہ دارد جلوۂ نو
بشوق دیدنش چشم گہر چید — شنیدن از دلم تاراج گردید
بمضمون جگر خا گشت دل خون — چسان گویم فسانہ بلکہ افسون
سنتی تاریخ تصنیفش تمنا — بدل افزود شوق خواندنش را
نوشتم این سال ہجری جان پرورد — جگرزا نالۂ تسلیم پرورد
۱۲۶۹ھ

بعون صانع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان
مطبع منشی نولکشور میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اجازت او خیالِ قاصدِ دل — کہ آ پہونچا دمِ تکلیفِ مشکل

طبیعت پھر مری کچھ ناز پر ہے — کوئی مطلب مگر آغاز پر ہے

مضامین لپٹے ہین فکرِ رسا سی — زبان جنبش مین ہی حمدِ خدا سی

بنایا جسنی کن سی دو جہان کو — کیا پیدا زمین و آسمان کو

مہ و خورشید و سایہ کو فلک وار — سکھایا بی قدم اندازِ رفتار

طلسمی کارخانہ اک بنا کے — نظر سی چھپ رہا صورت دکھا کے

بلند و پست سب اوسنے بنایا — عدم سی عالمِ ہستی مین لایا

جہان مین اہلِ بینش کی عجب کو — وصال و ہجر بخشا روز و شب کو

کیا پیدا نشان ہر بی نشان کا — دکھایا رنگِ نیرنگِ جہان کا

دیا سامانِ شاہانہ کسیکو — بنایا خاکِ ویرانہ کسیکو

کسی کو عشق کی لذت عطا کی — مزا دیتی رہی اندوہنا کی

دکھائی جلوہای حسنِ خوبان — بنایا صورتِ آئینہ حیران

چھپائی سیکڑون جلوی کہا کی ❊ مٹائین صورتین کیا کیا بنا کے

نہ غافل ہی نہ ہی فرزانہ باقی ❊ فقط عالم مین ہی افسانہ باقی

تماشا دستِ یارِ خود نما ہے ❊ تصور بن کے پھرتا جابجا ہے

کہین شوکت ہی شانِ انبیا کی ❊ کہین عظمت ہی ذکرِ اولیا کی

کہین ہی ہمتِ اخوانِ یوسف ❊ کہین ہی عصمتِ ایمانِ یوسف

شرارِ شعلہ افزا ہی کہین وہ ❊ ادیبِ ہوشِ موسی ہی کہین وہ

کہین ہی التماسِ شوقِ دیدار ❊ کہین ہی محرمِ اسرارِ انکار

کہین طالب کہین مطلوب ہی وہ ❊ غرض ہر رنگ مین کچھ خوب ہی وہ

سنبھل اے سرخوشِ پیمانۂ شوق ❊ خرابِ بادۂ خمخانۂ شوق

زیادہ تر ندی رخصت قلم کو ❊ مئی وحدت کی بدلی کھینچ دم کو

کہان تک ایک سی آہنگِ فریاد ❊ بدل اب اور کوئی رنگِ فریاد

ملک مشتاق ہین حرفِ دعا کی ❊ فلک پر بھیج سے تحفے التجا کے

مناجات عاشقانہ

الٰہی دی کوئی دل سر بسر جوش ❊ برنگِ زخمِ خندان غم فراموش

ہمیشہ سایۂ خنجر مین تڑپی ❊ اگر محشر بھی ہو محشر مین تڑپی

وہ دل ہو جو ستم کو ناز سمجھے ❊ وہ دل ہو سوز کو جو ساز سمجھے

سدا ناکامیون سی کام رکھے ❊ جو نکلی کام کوئی نام رکھے

ہنسے رسوائی حالِ زبون پر ❊ بہائی اشک تدبیرِ جنون پر

بہی عج ہوائی پایمالے | سنی زنجیر کی ہرزہ خیالے
جنون انگیز وہ سامان کہائے | خیال پاک مجنون مین نہ آئے
تہو پامال غم کی سرکشی سے | اوٹہائی ناز دشمن بہی خوشی سے
رہی وضرات خود دیوانہ اپنا | برنگ شعلہ ہو پروا نہ اپنا
نہ ہم آغوش ہو جانان سی اپنی | پشیمان ہی رہی ارمان سی اپنی
بڑہی گر بدگمانی چشم تر کی | قسم کہائی سر داغ جگر کی
منائی شادیان رنج و محن سے | اوٹہائی عیش لو داغ کہن سے
نہو کامل مذاق تلخکامے | رہی ہر مدعا مین ناتمامے
حباب آسا طلسم یک نظر ہو | کہ اپنی جنبش داماں سی ڈر ہو
دکہائی اضطراب وقت مشکل | رہی سینہ سدا آغوش بسمل
ترقیخواہ تکلیف جفا ہو | بلا گردان سامان قضا ہو
نہین بس آشنا اسیر بہی خاطر | لب مضمون سی ہی کچہہ اوظاہر
اجل ہو مہربان دشمن کی بدلی | کفن مجکو ملی دامن کی بدلی
برنگ شمع کشتہ بعد مردن | بنی فانوس تن آغوش مدفن
لحد سی اوٹہکی بہی مضطر بنون مین | غبار عرصہ محشر بنون مین
نہ آنکہون مین نشان خواب دیکہون | اگر دیکہون کبہی تو آب دیکہون
رہی سر پر ہجوم مہ جبینان | سنون ہر دم تقاضای حسینان
نہون شاکی مری ہمراز مجسی | رہین راضی نیاز و ناز مجسی
رگ سودا جنون مین خون کوترسی | سنی طعنی زبان نیشتر سے

گرین لخت جگر آنکھون سے باہر ۔ برنگ اشک بلبل پھول ہوکر
نہ چھوٹے مجھسے تا انجام ہستی ۔ بشکل آئینہ صورت پرستی
نہ دیکھون شکل ارباب ریا کے ۔ حریص خرقہ مشتاق عبا کے
عمامہ قصر ہو جبہ بلا ہو ۔ درازی ریش کی عرض دعا ہو
رہون زندہ تمنای قضا سے ۔ امید یاس حسرت غم سے
کبھی پیدا کرون ابرو کی صورت ۔ پریشان دل رہون گیسو کی صورت
رہی مثل گریبان چاک دامن ۔ پھرون تا عمر ہستی پاک دامن
کرے داماں صحرا سر پرستی ۔ دکھائے مستیان ویرانہ مستی
قیامت لائے سر پر داغ سودا ۔ بنے خورشید محشر داغ سودا
مرون تیورا کر بدلین الم کے ۔ رگین سینے مین مرگنی سے غم کے
شفای دل ہو بیتابی کا آزار ۔ شکیبائی رہی صورت سے بیزار
اجل سامان شادی کا سبب ہو ۔ صف ماتم صف بزم طرب ہو
پشیمان چارہ گر بالین سے اوٹھی ۔ مسیحا چشم تر بالین سے اوٹھی
نکل جائین سب ارمان روح و تن کے ۔ اجل آئے مری معشوق بن کے
رہین نا آشنا لب مدعا سے ۔ زبان ہو گنگ حرف التجا سے
سنون اپنی شکست دل کی آواز ۔ رہی چھپر ہی میرا حشر تک ناز
بڑہین رتبے یہ جنس ہمسری کی ۔ اوٹھاؤن ناز تقدیر مشتری کے
یہانتک کاہش تن مہربان ہو ۔ کہ میری ہستی بھی خواب گمان ہو
کمال بے نشانی جب دکھاؤن ۔ تصور کی تصور مین نہ آؤن

پہنچون جسوقت مثلِ نکہتِ گل / ہنی مدفن زیارت گاہِ بلبل
ہوا جنت کی دون میلِ نظر سے / لپٹ کر دامنِ خیر البشر سی
نہون رسوای بازارِ قیامت / نہ لون احسانِ سودای ملامت
سیہ کاری قبولِ لم یزل ہو / لباسِ کعبہ طومارِ عمل ہو
بس ای تسلیم کبتک جوش مستی / کہانتک شیوۂ مطلب پرستی
کہی کر شوق کی عرضِ التجا مین / گرہ دی طولِ زلفِ مدعا مین
زبان نعتِ سلطانِ امم ہے / سرِ خامہ پی تسلیم خم ہے
زبان ہی مائلِ ذکرِ پیمبر / دہن ہی حلقۂ گرداب کوثر

نعت جناب سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

ادہر آ او خیالِ پاک دامان / تکلف ہو چکا تکلیفِ احسان
ادب نی اور ہی جلوہ دکہایا / چراغِ ہوش کو خاموش پایا
خدا را ریزشِ مضمونِ روشن / کہ پہیلائی ہوئی ہین حرف دامن
مبارکباد نعتِ مصطفی ہے / زبان پر نغمۂ صلِ علی ہی
سکہایا جسنے ہمکو دینِ اسلام / سنائی امر و نہی حق کے پیغام
زمین و آسمان زیرِ قدم ہے / شبِ معراج سیرِ نیم دم ہے
یہانتک فردِ یکتائی مین پایا / کہ سایہ بہی نہ پابوسی کو آیا
ہوئی کافر سے جب اعجاز خواہی / بتون نی دی نبوت کی گواہی
احد نی میم احمد کو ازل مین / عنایت کی جگہہ دل کی بغل مین

لکھون کیا فرقِ ذاتِ کبریائے — نہیں گنجائشِ حرفِ جدائے

کہ ہم ہون کی طفیلِ شوق بیحد — نیازِ کبریا نازِ محمد

پی بخشش اگر ایسا فقط ہو — بلاغت نامۂ عصیان غلط ہو

فقیری ہین و پاشاہون کو انعام — پڑھا ہر علم بی تفہیم و افہام

فدا ایسے سببِ بے سبب کے — تصدق عالمِ اُمّی لقب کے

خدارا ای شہنشاہِ دل افروز — ادھر بھی یک نگاہِ معصیت سوز

بہت کچھ ہو چکی غفلت پناہی — بہت دیکھا عتابِ کم نگاہی

یہانتک جوشِ محرومی عیان ہے — کہ مجھسے بدگمان میرا گمان ہے

سوادِ مردمِ چشمِ بتان ہون — سویدای دلِ ہندوستان ہون

عروسِ یاس ہم آغوشِ دل ہے — تہی امید مجھسے منفعل ہے

ہوس ہی روضۂ انور کو دیکھون — جبین آستان پہ سر کو دیکھون

طوافِ مرقدِ شاہِ نجف ہو — غمِ ناکامیِ دل برطرف ہو

بناؤن توتیای چشمِ بیخواب — غبارِ آستانِ پاکِ اصحاب

خصوصاً جان نثارانِ پیمبر — ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ

سببِ تالیفِ کتاب

پہونچ ساقی کہ وقتِ نوش آیا — تری غفلت سی مجھکو ہوش آیا

سبو ساغر اوٹھا بہرِ تلافے — زبانِ شکوہ دہوتی آبِ صافے

سنبھالون خاطرِ پرجوش کو مین — کرون گویا لبِ خاموش کو مین

کہ اکدن اتفاقاتِ جہان سے — ملی فرصت جفای آسمان سے

تسلی کا ہوا جب مرہم جگر پر ہوا ہر اشکِ صدقی چشمِ تر پر

عدم کی راہ لی رنج و تعب نی مبارکباد دی عیش و طرب کی

دلِ آسودہ بشکلِ اہلِ ادراک ہوا مصروف سیرِ عالمِ پاک

بشکلِ روحِ ادریس و مسیحا تماشائے ہوا نورِ قدم کا

ہوئی پیدا اثر حسنِ شگون کے کھلے دروازے قصرِ نیلگون کے

کبھی جبریل کا ہم آشیان تھا کبھی عنقائے دشتِ لامکان تھا

کبھی روحانیون سے ساز کرتا کبھی قسمت پہ اپنی ناز کرتا

کبھی تھا عالمِ حیرت مین خاموش بشکلِ طوطیِ دستان فراموش

درِ معنی پہ آیا جب بہ تکریم ادب سے کی سخن نے عرضِ تسلیم

جگہ دی مسندِ عزت اثر پہ قدم چومی ہوا قربان ہنر پہ

پسِ عرضِ نیازِ دوستانہ لگا کہنے کہ اے فخرِ زمانہ

گلِ تازہ بہارِ نکتہ دانی چمن پیرائے فردوسِ معانی

اجازت ہو تو خدمت مین زبانی کرون ظاہر کچھ اپنی خستہ جانی

کہون افسانۂ بیتابیِ دل سناؤن داستانِ قصۂ دل

سراپا شکلِ نے درد آشنا ہون رہی ہون آپ سے تم سے ہوا ہون

کہا دل نے مری تقصیر کیا ہے جو کہتے ہو کہو تاخیر کیا ہے

کہا جو اہلِ فن گذرا جہان مین کیا سکہ روان اپنا جہان مین

لکھا ہر ایک نے طرح و فسانہ بنایا مجھکو ممتازِ زمانہ

مگر قربان اس نخلِ زبان کے کہ تم قارون بنے نقدِ بیان کے

لگا کر قفلِ خاموشی دہن مین — چھپا یا چیپی ہی مجھکو کفن مین
کہا دل نی سخن ہی سچ ہی یہ بات — مگر مین کیا کرون ہیہات ہیہات
زمانی مین یہ قحطِ قدردان ہے — کہ مجھکو بات ہی کرنا گران ہے
طبیعت ہٹ گئی شعر و سخن سے — تنفر ہو گیا اظہارِ فن سے
بنا کر حسنِ مطلب این و آن کو — کرون آلودہ کیا اپنی زبان کو
ملی گا جب کوئی ممدوح ذیجاہ — بخوبی دون گا دادِ نظمِ دلخواہ
سخن یہ سنکے دل ہی یہ فسانہ — کہا اب بھی نہین خالی زمانہ
ہزارون اہلِ فن کی قدردان ہین — خریدارِ گہرہای بیان ہین
خصوصاً صاحبِ اقبالِ جاوید — دو عالم مین یگانہ مثلِ خورشید
رہی دل جانبِ تو شیخ شیدا — اشارون مین ہی شکلِ نام پیدا
معزز محترم ہندوستان مین — حریفِ ہمتِ حاتم جہان مین
مئے خمخانۂ وحدت سے مدہوش — دلِ پر معرفت پیمانۂ ہوش
علوِ قدر پیدا جبین سے — لیاقت جلوہ گر عقلِ متین سے
یہ عالم ہے کفِ گوہر فشان کا — بنا فرشِ زمین صحنِ آسمان کا
خمِ تیغِ دو دم گر خون فشان ہو — شفق گون دامنِ کون و مکان ہو
خیر امان ہو خضر آسا جدہر سے — ادہر آئی قدم لینی کو سر سے
نظر محوِ رضای سینہ چاکان — صفا طینت بشکلِ روحِ پاکان
اثر ہمت مین ابرِ در فشان کا — حقیقت مین چمن پیرا جہان کا
بہارِ خلق بس نکہت فشان ہے — دماغِ اہلِ عالم عطردان ہے

ارادون مین اثر جوشِ نہان کا
ہر اسا حوصلہ طبعِ جوان کا

ازل ہی سے ہی روز افزون جاہ
قیامت تلک شادِ بخت بدخواہ

بزرگی بوسہ زن حسنِ جبین ہے
اجازت فخر کی روح الامین ہے

لیے پھرتا ہی در پر چرخ اخضر
ہمیشہ کاسۂ خورشید انور

شرف دی نام نے اسکی زبان کو
دکھا اعجازِ فن اہلِ جہان کو

مری شہرت ہوا اطرافِ جہان مین
تری عزت ہوا اربابِ بیان مین

یہ مژدہ سنکی دلکو جوش آیا
طبیعت مین مزا کچھ اور پایا

ہوائی نظم خاطر مین سمائے
جگر سے آہ موزون لب تک آئی

بڑہا اندیشہ سیرِ افلاک
کیا مضمون نی استقبالِ ادراک

زبان کرنی لگی گوہر فشانی
قلم لکھنے لگا رازِ نہانی

کھلی غنچے گلستانِ سخن کے
لیے سنبل نی بوسے یاسمن کے

داستان بیچ بیان ختم ہونی ترغیبِ محبت کی اور رجوع کرنا طرف آغازِ حالِ عشق کے

سنبھل اے ساقیِ میخانۂ راز
کہ پھر ہی رغبتِ تکلیفِ آغاز

پھر اک دم ہو رہا ہی نشترِ دل
خراش نالۂ استادِ کامل

لحاظِ توبۂ واعظ اوٹھا دے
اچھوتی دونون عالم سے پلادے

کہانتک اضطرابِ جوش مستی
کہانتک فرصتِ کوتاہ دستی

لبِ ساغر ملادی میری لب سے
سمجھ لون آج مین بنت العنب سے

میسر پھر کہان یہ ساز و سامان
زمانِ عیش ہی دم بھر کا مہمان

کہین عشرت کہین ماتم سرا ہے — دو رنگی آسمان دکھلا رہا ہے

کہین ہے صبح عید زندگانی — کہین ہے شام مرگ ناگہانی

کہین ہے نغمۂ یاران محفل — کہین ہی شکوۂ بیرحمی دل

کہین ہی جلوۂ لبہای خندان — کہین اشکون سی ہی لبریز دامان

کہین لطف بہار بوستان ہے — کہین اندیشۂ خار خزان ہے

کہین گل تاب رخسار چمن ہے — کہین منقار بلبل نغمہ زن ہے

اکڑتا ہی کہین شمشاد گلشن — کہین قمری اسیر طوق گردن

کہین راحت کہین جوش بلا ہی — غرض دنیا عجب حیرت کی جا ہے

فریب افزا ہے نیرنگ زمانہ — طلسمے ہی یہان کا کارخانہ

زمین و آسمان کی پست و عالی — یہ سب ہین شکل تصویر خیالی

ثبات ہی ثباتی کہات مین ہے — فریب مدعا ہر بات مین ہے

نہین تا خیر احسان اجل مین — عروس مرگ ہی ہر دم بغل مین

خوشی سی غم کی ہی تاثیر پہلی — عیان ہی خواب سی تعبیر پہلی

تجہے حرص جہان ایدل عبث ہے — غبار آسا پس محمل عبث ہی

ازل سی زال دنیا ہی ستمگار — لیی پہلو مین ہی پہلوی اغیار

نئی جادوگری ہی اسکی دم مین — کہ دانا دام مین آتا ہی دم مین

ہزارون زہر کہاتی ہین اسی پہ — نہین ہی بندہ یہ تجہ سے کسی پہ

خرد نا آشنا افسر زمانہ اسکا — فسون سی کم نہین افسانہ اسکا

یہان ذلت وہان تکلیف آرام — برا آغاز ہے بدتر ہی انجام

ہوائے عشق باقی میں فنا ہو … برنگ قطرہ دریا آشنا ہو
تہِ تیغِ محبت رکھ گلو کو … حیاتِ بی اجل دے آرزو کو
محبت میں لہو پانے اگر ہو … ابھی وہ ماہِ تابان جلوہ گر ہو
محبت سے ہے روزِ عیش پرجوش … محبت سے شبِ غم سے سیہ پوش
محبت سے ہے الفاظ و معانے … بہم چسپان ہیں مثلِ یارِ جانے
محبت سے دلِ لالہ لہو ہے … محبت سے پریشان موجِ بو ہے
محبت سے گلِ تر ہے جگر چاک … محبت سے دلِ بلبل ہے غمناک
محبت ہو جو گرمِ جلوہ سازی … ہے پروانہ داغِ شعلہ بازی
محبت سے ہے لیلیٰ مجنون ہم آغوش … محبت سے گلِ آدم ہے پرجوش
محبت سے جگرسوزی مرادی … محبت لذتِ راحت بہ ہادی
محبت کیمیائے ہر جگر ہے … محبت جلوہ پردازِ نظر ہے
محبت سے ہے لبریز فغان کی … محبت سے نہین خالی کوئی شی
محبت سے دلون مین ساز دیکھا … محبت سے نیاز و ناز دیکھا
محبت سے ہے عجب دریائے پرجوش … کہ ہر قطرہ ہے طوفان سے ہم آغوش
جہان کا ذرہ ذرہ پربلا ہے … دو عالم اک سراب کم نما ہے
دمِ تیغِ اجل ہے ساحل اسکا … فنا ہے سہل کارِ مشکل اسکا
بجز شان جان دینی زندگی ہے … قضا سے بین ادائے بندگی ہے
گواہِ حالِ جوشِ عاشقانہ … سپہر و خامہ ہوتا ہے فسانہ
نہین تصنیفِ طبعِ نکتہ دان کا … بیان ہے ماتمِ صادق بیان کا

کہاں تک دل میں داغ قدردانی — کروں بے پردہ راز خوش بیانی
دکھاؤں حسن اعجاز بیان سے — زبان بوسے لے حرف داستان کے
ہر اک سودہ ہو موم ہو فکر جوان سے — ہوا کیا کیا بندھی طبع روان سے
جلائے گرمی مضمون عدو کو — کرے بندش پشیمان عیب جو کو
حصول مدعای دوستان ہے — سخن آویزۂ گوش جہان ہے

آغاز داستان

ادہر آسا سے غارتگر ہوش — وفا نا آشنا عاشق فراموش
چھلکتی لاے گلگون کہیں سے — زبان ہو موج آب آتشین سے
کہ پھر ہوں سرخوش پیمانۂ عشق — بیان کرتا ہوں میں افسانۂ عشق
کہ تھا اک نوجوان مست مدہوش — برنگ آرزو پروردۂ جوش
ترشحوا ہ آشوب جوانے — دعاگوی بلای ناگہانے
تجرد میں بشکل سرو آزاد — برنگ نکہت گل خانہ برباد
سر پر شور پامال جنون تھا — حنا کی طرح دل لبریز خون تھا
جبین شوق اوس تصویر غم کے — غبار سجدۂ پای صنم کے
خم ابرو نیاز آباد حاجات — برنگ مصرع بیت مناجات
جگر محو فریب بیقرارے — سر مژگان شہید اشکبارے
عیان رخسار سے جوش نہانی — خط نو سبز شرح نوجوانی
لبون سے شور بیتابے بہم تھا — دہن پیمانۂ فریاد غم تھا

زبان حال سے زبان عاشق زار — ہمیشہ قصہ خوان شکوۂ یار

ازل سی عشق ربط آب و گل مین — خلش کی گدگدی پہلوئے دل مین

سدا اہل نظر تھا حسن ذات — حسینون مین بسر کرتا تھا اوقات

پئے تسکین خاطر کو بکو مین — پھرا کرتا تھا شہر لکھنؤ مین

قضا را ایکدن وہ ناشکیبا — چلا گھر سے پئے سیر و تماشا

قریب شام سوئے چوک آیا — دل مضطر کو جو راستے بہایا

تماشا خیز ہر جانب نظر کے — ہوئی راحت فزا حسرت جگر کے

جہان حسن شور انگیز دیکھا — طلسم ناز محشر خیز دیکھا

ہوئی پیدا نگہ کو رغبت دور — نظر آنے لگے سامان کچھ اور

کوئے کافر ادا ہی نغمہ پرداز — کوئے رشک پری ہی شعلہ پرواز

کوئے بیباک ہی گرم اشارہ — کوئے چالاک ہی محو نظارہ

کوئے نازک ادا مسند نشین ہے — کوئے آئینہ رو آئینہ بین ہے

کوئے خندان برنگ صبح نوروز — کوئے برق تبسم سی جہان سوز

یہ عالم دیکھتا اپنے ہوا مین — بڑھا کچھ دور راہ مدعا مین

کہ ناگہ جوش مستی رنگ لایا — قضا نی اور ہی سامان دکھایا

بت بیرحم عصمت نام جسکا — ستم پیشہ عداوت کام جسکا

کھڑی ہی نازسی کافر لب بام — نگاہ زہر گر ہی مرگ پیغام

تماشہ میں رہا ہے محو دیدار — عیان ہین وعدۂ فردا کی آثار

جہان جو ہی تحیر آشنا ہے — برنگ ہوش عاشق کھو گیا ہے

وہ کافر حسن پہ اپنی ہی مغرور سراپا مثل برق شعلۂ طور
بھرا سینے میں جوش نوجوانی زبان مصروف لفظ لن ترانی
قد موزون سراپا نور میں غرق برنگ مصرع برجستہ برق
عیان ہر عضو سے شان قیامت سراپا جان و ایمان قیامت
دم رفتار گرتا ہے قدم پر بجائے سایہ رنگ روئے محشر
وہ کافر زلف یاد و جگر ہے دل زاہد سے بھی تاریک تر ہے
غضب ہے جا کے بکھرا آنا ادہر کا اثر ہے زلف میں آہ نظر کا
وہ پیشانی کہ جسکا بدر مشتاق درخشان کوکب اقبال عشاق
ہمیشہ دیکھکر شام و سحر کو کہے لی ساجدین شمس و قمر کو
ہر اک ابرو ہے تیغ خوش نظارہ سراپا جوہر موج اشارہ
دم جنبش ادا و حسن فتنہ گر کے مبارکباد ہے زخم جگر کے
خمار آلودہ سے آنکھوں سے پیدا نظر سے کیف مستانہ ہویدا
نگاہ مست پھرتی ہے جدہر کو غشی آتی ہے پابوس نظر کو
وہ مژگان وقت آرائش کریں گھر دل آئینہ میں مانند جوہر
کنار بام وہ رخسار پر نور نظر آتی ہیں جیسے شعلۂ طور
یہی کہتا ہے ہر مشتاق مضطر سوا نیزے پہ ہے خورشید محشر
دہن گرداب صہبائے معانی زبان موج شراب لن ترانی
تبسم میں کہے ہر لب سے ہویدا تقاضا شوخی طبع جوان کا
زنخدان جلوہ گر مانند گرداب برنگ آب گوہر خشک و سیراب

صفت گردن کی افزون حوصلی سے — وہی جانی لگائی جو گلے سے
ہر اک شانہ برنگِ دستۂ گل — زیارتگاہِ صبحِ عیدِ بلبل
عیان سینی سی آغازِ جوانی — نمو پستان کی غمازِ جوانی
نزاکت سی عجب عالم کمر کا — گمان سبکو رگِ تارِ نظر کا
کسی صورت نہین آتی نظر ناف — مگر ہی حلقۂ میمِ کمر ناف
یہ نقشہ لطفِ صحبت نی دکھایا — کہ ثابت نی عدم کا لطف پایا
لکھون کیا جسم سے مخفی کا اشارہ — عیان ہی ماہِ نو مین اک ستارہ
ہر اک زانو طرب انگیزِ عشاق — بظاہر جفت خوبی مین مگر طاق
نمایان پائچی سی ساقِ پر نور — تہِ فانوس جیسے شمعِ کافور
دو بالا حسن ہی جوشِ صفا سے — عیان رنگِ حنا ہی پشتِ پا سے
غرض اس طرح وہ خورشید سیما — ہر اک جانب سے سرگرمِ تماشا
جوان نی بھی نگاہِ شوق ڈالی — تمنائی دلِ مضطر نکالی
کشیدِ شوق نی جادوگری کی — پھری چتون ادھر شنگی سی کی
کھلین پردے وہ عرضِ دل کی راہین — ملین باہم گلی دونون نگاہین
لیی سینی مین اوس عشق رسیدہ سر کے — خدنگِ ناز نے بوسے جگر کے
رہی کچھ دیر مثلِ دو خریدار — نیاز و ناز باہم گرمِ بازار
پھر آخر جذبۂ دل نی کمی کے — ہوئی تاثیر پیدا بیہمی کے
ادا سی صورت ابرو سے کھنچے وہ — طبیعت کیطرح سے ہٹ گئی وہ
چھپائی شکل اپنی دل کی صورت — گرا یہ خاک پہ بسمل کی صورت

ہجومِ شورِ بیتابی سے آ کر
کیا دل کو ستم آبادِ محشر

حواس و ہوش و عقل و صبر و آرام
ہوئے سب نذرِ ایسائی دلآرام

دعاوی جسکو تھی حالِ قوی سے
کیا رخصت ہجومِ بیخودی نے

غبار آسا اٹھا فرشِ زمین سے
ہٹا پہلوی کوی نازنین سے

نگہ حیران کہ بے سامان گیا تھا
بکیس برقِ بلا کا سامنا تھا

بکیس پر حکمِ قاتل سی لڑی آنکھ
یہ کسکو دیکھتی تھی ہر گھڑی آنکھ

لبون مین کس لیے قفلِ حیا تھا
سکوتِ مدعا کیون مدعا تھا

ہوا یہ کون غائب روبرو سے
کیا کسنے پشیمان آرزو سے

متاعِ صبر و طاقت لیگیا کون
یہ داغِ نامرادی دیگیا کون

اوسی دھن مین وہ پامالِ تمنا
رہا سرگرمِ سودا جوشِ سودا

جب آدھی رات کی انجام پایا
بلاے تازہ نے گھر مین سر اٹھایا

بیان وحشتِ فراق کا اور تنگ آ کر نکل جانا جوان کا شہر بینو سے لکھنؤ کو

بلا سا قصے سے خونِ نابہ دل
کہ ہون بیتابی سے دشتِ جنون میں

قرارِ بیقراری جوشِ پا سے
بچشمِ کینہ مستی ہوش پیاسے

زبان ہی گفتگو سی بہر ہم آغوش
بہ بیتابی یہ مستی تھی لبون ہاے خاموش

کہتا وقتِ سحر وہ تو گرفتار
رہا نشۂ چشمِ سحر بیدار

بسر کی جل کی مثلِ شمعِ ماتم
اٹھا وہ جگر کی طرح برہم

نہ پہلو مین دلِ آفت رسیدہ
نہ دل مین صبرِ وحشت آرمیدہ

پریشان خاطری پیدا نظر سے
چکان ابرِ مصیبت چشمِ تر سے

فغانِ بے اثر لب سی ہویدا
امید یاس ہر مطلب کی پیدا

نہایت بیخودی نی جب ستایا
اوسی کوچی مین مثلِ ہوش آیا

ہوای جلوۂ جانان مین ششدر
برنگِ نقشِ پا بیٹھا زمین پر

ہر اوہر کے ہر شور و شر سے
لڑی چشمِ ہوس دیوار و در سے

خیالِ یار کو ٹھہرا کے ہمراز
کیا یون شکوۂ تکلیف آغاز

کہ ای محرومیِ تقدیر تاچند
کرون مین چاکہای دل کو پیوند

اوٹھاون نازِ بیتابی کہان تک
رہون پابندِ بیخوابی کہان تک

کہان تک گلفشانی چشمِ تر کے
کہانتک چاک دامانی جگر کے

لحاظِ شکوۂ بیداد کب تک
خیالِ عصمتِ فریاد کب تک

کہانتک پاسِ شرمِ پردہ داری
کہان تک شرطِ ضبطِ دلفگاری

اوٹھین شعلی کہان تک داغِ تن مین
رکی کبتک رہین نالی دہن مین

خلشہای سرِ مژگان کہان تک
غمِ بیرحمیِ جانان کہان تک

تقاضای دلِ مضطر کی حد ہی
جفاہای بتِ خودسر کی حد ہی

یہان لب پر یہ تقریرِ خیالی
وہان مشقِ غرورِ بیمثالی

یہان خصمِ طلب صبر و تحمل
وہان آغازِ آغازِ تجاہل

یہان دل شعلہ زارِ شوقِ دیدار
وہان برقِ تغافل گرمِ بازار

یہان ہر دم تقاضای تمنا
وہان صبر آزمائی کار فرما

یہان شورِ جنون محشر در آغوش
وہان حکمِ عدو خاموش خاموش

یہان شامِ مصیبت جلوہ افروز ۔۔۔ وہان سامانِ صبحِ روزِ نوروز
یہان سو رنگ رنگت و بدلتا ۔۔۔ وہان ہاتھون مین مہندی غیر ملتا
یہان احسانِ مرگ نا کہانے ۔۔۔ وہان کیفِ شباب کا بڑھانے
یہان ہنگامہ آرائی پہ نالہ ۔۔۔ وہان دورِ شرابِ پر پیالہ
یہان مستی وہان شوخی و شنگی ۔۔۔ غرض ہر رنگ مین رنگِ دو رنگی
اسی صورت سے گذری جب کئی سال ۔۔۔ فلک نے اور پہینکا قرعۂ فال
غبارِ وحشت رسوا نے بنایا ۔۔۔ برنگِ قیس سودائی بنایا
ہوئی بیگانگی اپنے سے پیدا ۔۔۔ رمِ آہو ہوا سا یہی پیدا
لگا فرق آنے وضعِ خلل مین ۔۔۔ لگا رہنے مزاج رہتے دل مین
چڑھی سر ہم مزاجی مثلِ سنبل ۔۔۔ ہوا سنے قید شکل نکہتِ گل
برنگِ شورِ رسوائی جہان مین ۔۔۔ لگا پھرنے ہر اک شہر و مکان مین
کشاکش سے جنون کی تنگ آ کر ۔۔۔ ہوا آمادہ ترکِ لکھنؤ پر
یہ سوچے عالمِ بیچارگی مین ۔۔۔ کہ ہو چندے بسر آوارگی مین
تمنائے وفا عصمت سے معلوم ۔۔۔ یہ ارمان خوبیِ قسمت سے معلوم
یہان وہ کر جدا اوس شعلہ رو سے ۔۔۔ جلائی کون دل داغِ عدو سے
غرض اک دن سہر ویوا سنے ہین ۔۔۔ بگڑ کر شیوۂ بیگانگی ہین
چلا گھر سے برنگِ نبضِ مضطر ۔۔۔ ہوا قربانِ خاکِ کوی دلبر
تڑپ سی کچھ دلِ پہ جوش ٹھہرا ۔۔۔ وہان دم بھر برنگِ ہوش ٹھہرا
کہا اے کوچۂ دلدار قربان ۔۔۔ تصدق اے غبارِ کوی جانان

عدو سمجھا ہی چرخِ پیر مجھکو / جدا کرتا ہے سن لے تقصیر مجھکو

ہی یہ مضمون فلک سمجھا رہا ہی / بلا ہی جان فرسا یہ مدعا ہی

قدم جمتی نہین مجبور ہون مین / بہ رنگِ دستِ شل معذور ہون مین

جنون کا حکم ہی گھر سی نکلیے / گریبان گیر ہی وحشت کہ چلیے

ترقی پہ ہی احسانِ خرابی / اشکون پہ ہی جوشِ اضطرابی

کہان مہلت ہی تکلیفِ جو دون سے / خبر کیا وہ دلِ لبریز خون سے

نہایت مختصر ہی طولِ فرصت / خدا حافظ بس اب تکلیفِ رخصت

یہ کہکر مثلِ عہدِ نو جو اسنے / پڑا وہ سروِ باغِ زندگانے

طپش دل مین برنگِ نبضِ مضطر / روان اشکِ ندامت ہر قدم پر

زبان دلداری ضبطِ سخن مین / فغان خوابیدہ آغوشِ دہن مین

تحیر ہمتِ دیوانگی پر / تاسف رخصتِ فرزانگی پر

اسی صورت خیالِ این و آن مین / رہا سرگشتہ اطرافِ جہان مین

کبھی شہرو سکی رسمی جنت آباد / کبھی صحرا ہجوم آبادِ فریاد

کبھی گردِ رمِ وحشی غزالان / کبھی ہم صحبتِ نازک نہالان

کبھی ریگِ بیابان غازۂ رو / سوادِ شہر کا ہے شامِ گیسو

غرض کچھ روز وہ مایوس امید / پھرا مثلِ نگاہِ یار بے قید

قضا را حسبِ حکمِ بخت ناکام / ہوا اک شہر مین داخل سرِ شام

عجب وہ شہرِ دلبر ہی تھا / طلسم آبادِ حسن کافری تھا

برنگِ حلہ اک فردوسِ ثانی / زمین تا داغِ جو بر آسمانے

ہوا میں سے بیچ دم عیسیٰ کی تاثیر
نوازن ہر طرف مرغان تصویر

ظہور شان قدرت ہر مکان سے
ملک کرتی زیارت آسمان سے

جوان ہمت مثل ہوش و دانا
نظر کرتا تھا قدرت کا تماشا

کہ آیا سامنے اک مرد درویش
برنگ غنچۂ نو بستہ دل ریش

سراپا نے طمع صورت گدا کے
بھری دل میں ہوس یاد خدا کے

حقیقت آشنا و معرفت کا
مقامات ولایت سے خبردار

شراب ذوق سے دل مست و سرشار
سدا یاد فراموشی میں ہشیار

نہ رکھتا کچھ تعلق پاس باقی
مگر باقی کی دل میں آس باقی

شریف و پارسا و یزدان تھا
لباس فقر میں سلطان نہاں تھا

کہا اوسنے کہ تو آیا کہاں سے
کہا آیا ہوں میں ہندوستان سے

کہا گھر کس دیار نامجو میں
کہا جنت نظیر لکھنؤ میں

کہا مقصود اس غربت سے کیا ہی
کہا ترک لباس و ردّ عبا ہی

کہا کافر ہے یا پابند اسلام
کہا ہی قید کو مذہب سے کیا کام

کہا کس شغل میں رہتا ہی سرشار
کہا نفی عدد و اثبات دلدار

کہا کچھ تو مصیبت آشنا ہی
کہا دل میں غم الفت بھرا ہی

کہا پھر کس لیے محنت سفر کے
کہا ہوں بوئے گل عادت سفر کے

کہا جاؤ گے آخر اب کہاں کو
کہا تقدیر لے جائے جہاں کو

کہا کیا یار سے اپنے خفا ہے
کہا یہ وہم بیجا آپ کا ہے

یہ سنکر رحم آیا نوجوان پر
لی آیا پھر ساتھ اپنی مکان پر

رہا مصروفِ طاعت روز و شب وہ ‏ کٹی راحت سے دل آفت روز و شب وہ

سحر کو بعدِ مشقِ روز و اشغال ‏ ہوا پابوسِ مہمان وہ کہن سال

وہی آغاز کی مہمان نوازے ‏ وہی دی دادِ لطفِ سرفرازے

کہا کچھ دن یہین آرام کر تو ‏ ٹھہر چندے بسر ایام کر تو

نہین حکمت سے خالی نکتہ راز ‏ کچھ اس مین مصلحت ہی مصلحت ساز

پسند مثلِ لیف خانہ بردوش ‏ رہا وہ نوجوانِ خود فراموش

کشش و سوزشِ کامل ہین جو پائے ‏ طبیعت اسکی سوے فقر آئے

کیا قطعِ تعلق این و آن سے ‏ ہوا بر خاستہ خاطر جہان سے

ہوس پیدا ہوئی طاعت کے عادات ‏ زبان رہنے لگی صرفِ مناجات

اکیلا بیشتر خلوت مین رہتا ‏ مراقب کثرت و وحدت مین رہتا

تھا اسکا بعد چندے شیخ فانی ‏ ہوا داغِ وفاے زندگانی

جو اسنے پیر کچھ آیا عہدِ پیری ‏ ہوئی پیدا ہوائے دستگیری

لگا ہر موے تن کرنے گرانے ‏ پڑی ہی تکلیف زورِ ناتوانے

ہوا عمرِ فنا کا مختصر طول ‏ سدھارا سوےِ جنت مردِ مقبول

رہا وہ بوریاے فقر خالی ‏ ہوئی تجویزِ اعیان و اہالی

رہے جاروب کش شام و سحر یہ ‏ کری اوقات طاعت مین بسر یہ

داستان جانا جوان کا طرف باغِ سلطانی کی اور عاشق ہونا دختر پر کسی بادشاہ کی

خدا جانے کوئی انداز سا تھے ‏ ادھر بھی اک نگاہِ ناز سا تھے

جمال دختر رز روبرو ہے | نظر محو فروش آرزو ہے

برنگ رنگ نیرنگ زمانہ | بدلتا ہی نئی صورت فسانہ

کہ اک دن وہ جوان پیکر غم | اوٹھا گھر سے برنگ شور ماتم

بڑھا مثل نسیم صبحگاہی | سو بستان سرای پادشاہی

کہ شاید کچھ تسلی ہو جگر کو | قرار آئی دل وحشت اثر کو

ہوا کھاتا ہوا باغ جہان کی | ہوا خدمت مین حاضر باغبان کے

کہا ای نونہال دلربائے | چمن پیرای باغ آشنائے

یہان مین بلبل بی آشیان ہون | ابھی نادیدہ لطف بوستان ہون

تمنا ہی کہ روی گل کو دیکھون | ہوس ہی اک نظر سنبل کو دیکھون

لگاؤن سرو کو دم بھر گلے مین | لگاؤن یاسمین ہی جو صلی مین

سوی نرگس نگاہ شوق ڈالون | گل لالہ کو چھاتی سی لگالون

زبان برگ سوسن لون دہن مین | لب رنگین گل چوسون چمن مین

تہ گلدرون شوخی طبع رسا سے | کرون اٹکھیلیان باد صبا سے

مزاج گل جو پاؤن مہربان مین | عنادل سی کرون بحث فغان مین

دکھاؤن گرمی فریاد کیا کیا | جلاؤن خاطر صیاد کیا کیا

جماؤن رنگ یہ اپنے سخن کا | کہ ہو دم بند مرغان چمن کا

کہا گلچین سے نے ختم گفتگو یہ | چمن صدقے کیا اس آرزو پہ

یہ گلشن کیا اگر باغ ارم ہو | فدای بوسۂ خاک قدم ہو

اجازت باغبان نی راہ کی دی | صدا غنچون نی بسم اللہ کی دی

چمن میں آمد آمد کا ہوا غل
کلی سے ملنے کو دوڑی نکہت گل

ہوئی جب باغ کی در تک رسائی
قدم لینے ہوائے جنت آئی

نظر جس نخل پر پہنچی نہ سرکے
نہ پائی شوق نے فرصت سفر کی

گلوں کی عارض رنگیں جو بھائی
پکارا دل کہ ٹھہرو ہم بھی آئی

ثمر کو سجدے میں افتادگی تھی
درختوں میں مسلمان زادگی تھی

بھرا دامان گل پاکیزگی سے
دل غنچہ لہو دوشیزگی سے

نظر آیا عجب سامان گلشن
ہوئی ہوش و خرد قربان گلشن

جلایا گرمیٔ گلہای تر نے
لپٹ لی شعلۂ داغ جگر نے

کبھی بیرحمی دل یاد کرتا
کبھی بیساختہ فریاد کرتا

کبھی مستانہ دل میں جوش آتا
کبھی مانند سبزہ لوٹ جاتا

کبھی کرتا طواف عارض گل
کبھی سنتا فغان نعرۂ بلبل

کبھی مثل صبا پھرتا چمن میں
کبھی بو ہو کی چھپتا یاسمن میں

کبھی نرگس سے آنکھیں چار کرتا
کبھی سوسن سے شوق اظہار کرتا

غرض محو چمن تھا مثل بلبل
کہ قسمت نے کھلایا اور ہی گل

رئیس شہر کی دختر ستارا
کسی شغل میں تھی ہنستی کھیلتا

بلا بالا قیامت چال اس کی
جفا اک عادت پامال اس کی

طبیعت میں مزا عاشق کشی کا
خوشی سے خاص جینا خوشی کا

بسوسے نوجوان وہ ماہ پارہ
ہوئی مست اک شب لطف نظارہ

دل مشتاق میں اک جوش آیا
محبت نے جگر کو گدگدایا

ہوا عالم دگرگوں ماہ وش کا | لیا احسان آہ نیم کش کا
اوٹھایا شورِ فغاں کی صدا نے | زباں چوسی سکوتِ مدعا نے
ہوئی قفلِ دہن رسمِ خموشی | حیا کرنے لگی نشتر فروشی
جگہ کرنے لگی کاوش جگر میں | لگی پڑنے تراوش چشمِ تر میں
جواں رانے ہوا جسم چمن سے | ہوا شبنم آشنا رشکِ سمن سے
اوٹھی بیشکلِ موجِ شعلہ بیتاب | گری مانندِ اشکِ چشمِ پر آب
ادا کیں ضعف نے رسمیں فنا کے | خبر دی غش نے تکلیفِ قضا کے
زمیں پر وہ بتِ پیچیدہ گیسو | سراپا صورتِ تصویرِ جادو
نہ ابرو میں وہ سامانِ اشارہ | نہ آنکھوں میں وہ آشوبِ نظارہ
نہ وہ لب آشنا حرفِ سخن سے | نہ وہ حرفِ سخن پیدا دہن سے
نہ وہ عشوہ نہ وہ غمزہ پری کا | نہ وہ عالم مزاجِ دلبری کا
کوئی رشکِ چمن تھی اوسکی ہمراز | بشکلِ روح و تن ہر وقت دمساز
بچشمِ جوشِ غم سے جی بھر آیا | زمیں سے اوسکو مثلِ ناز اوٹھایا
لیا آغوش میں اوسے کیصورت | سنبھالا خاطرِ مضطر کی صورت
افاقہ جب ہوا او رشکِ تصویر | چلی کہتی ہوئی ای وای تقدیر
اوسی کیفیتِ جوشِ بلا میں | ہوا وہ وقت افسردہ دولتسرا میں
چھپایا رازِ دل ہر چند جو سی | رکھا مُہرِ دہن لب کو گفتگو سے
بظاہر خندہ زن دلشاد رہتے | جگر میں حسرتِ ناشاد رہتے
سحر سے شام تک وہ سرو آزاد | بسر کرتی تھی یوں ہیں شاد و ناشاد

جب آتی رات یعنی پردۂ راز
نقابِ چہرۂ یارانِ دمساز

اکیلی گوشۂ خلوت مین آتی
وہ کثرت چھوڑ کر وحدت مین آتی

خیالے کھینچتے شکلِ جوان کو
صنم خانہ بناتے اوس مکان کو

برنگِ شمعِ بزمِ جانگدازے
کیا کرتی سحر تک عشقبازے

کبھے حالِ دلِ پر داغ کہتے
کبھے افسانہاے باغ کہتے

کبھے کہتے کہ اے دلدارِ جانے
عروجِ نشۂ جوشِ جوانے

نہ کیونکر دل مین تیری آرزو ہو
تصدق اوس بغل کی جسمین تو ہو

کبھے کرتے بیان سوزِ درون کا
کبھے شکوہ دلِ لبریز خون کا

کہ فرقت سی تری مین خستہ جان ہون
صداے خندۂ زخمِ نہان ہون

لگی ہی آگ ہر داغِ کہن مین
زبان مانندِ شعلہ ہی دہن مین

نہ کوئی چارہ گر ہی نہ غمخوار
مین ہون مانندِ چشمِ یار بیمار

سدا آنچل ہی منہ پر دودِ دل کا
ہر اک چہرہ ہی چہرہ منفعل کا

یہ آنکھین یا بہارِ بوستان ہین
برنگِ چشمِ بلبل گلفشان ہین

ہمیشہ تیرہ بختی اوج پر ہے
فلک کالا ہی گو ہی دودِ جگر ہے

بھرا ہر آنکھ مین جوشِ بلا ہے
شبِ غم توتیاے چشم وا ہے

وہ ہون بیدار مثلِ چشمِ کوکب
مری ہر آنکھ ہی پیمانۂ شب

ذرا فرقت مین کہاے یار آنکھین
عروجِ طالع کی ہین بیدار آنکھین

یہان تک ناتوانی زور پر ہے
کہ بارِ آسمان تارِ نظر ہے

جگر سے لب تلک آنا ہی غم کا
سفر ہی منزلِ ملکِ عدم کا

خموشی سے ہمیشہ گفتگو ہے | نفس بہرِ دہن تارِ رفو ہے
غرض تا صبح وہ مہرِ دل افروز | بیان کرتی تھی احوالِ جگر سوز
شبِ غم جس گھڑی روپوش ہوتے | برنگِ شمع یہ خاموش ہوتی
بساطِ خواب سے غمناک اوٹھتی | سحر آسا گریبان چاک اوٹھتی
برنگِ خندہاے عیش و آرام | جلیسون مین بسر کرتی تھی تا شام

داستان بر ملا ہونا رازِ عشق کا اور جانا دوست کا قید خانے مین

پلا ساقی مے پر جوش مجکو | بنا اپنی طرح بیہوش مجکو
کہ جس سے پردہ اوٹھ جائے حیا کا | ہون آئینہ عشقِ خود نما کا
اوٹھاؤن نازِ رسوائی جہان مین | لقب میرا ہو سودائی جہان مین
اسیری مین ہون دلگیر کچھ دن | سنون مین نالۂ زنجیر کچھ دن
چمن پیرا بہارِ داستان کا | دکھاتا یون ہی رنگ اپنے بیان کا
کہ مدت تک بصد راحت فراموش | رہی مثلِ زبانِ شمع خاموش
بسر کی زندگی ضبطِ نفس مین | چھپایا شعلے کو دامانِ خس مین
ہوا آخر یہ عشقِ فتنہ سامان | برنگِ بوے گل چھپ کر نمایان
حجابِ شیشۂ لبریزِ بادہ | ہوا غمازِ قلقل سے زیادہ
وہ رخ یعنی بہارِ نو جو اسکے | ہوا ہم جلوہ برگِ خزان سے
قلق مین وہ مثالِ بیتاب سے | ہوئی ہمرنگِ تصویر اسکے
نہ وہ ارمان رہا سیرِ چمن کا | نہ وہ عالم بہارِ یاسمن کا

ہوئی وحشت میں زلف عنبر افشان ، برنگ عاشق مفلس پریشان

انہوں نے جو دیکھا غم سے پامال ، کہا قربان صدقے کیا ہے خیال

تردد کس لیے دنیا کا ہے ، ابھی سے غم تمہیں کس بات کا ہے

ہے جو یہ ضبط دلگیر کیوں ہے ، خموشی صورت تصویر کیوں ہے

ہوا کیا غم کیوں ہے دم کی نوحہ خوانی ، اجل مشتاق کیوں ہے زندگانی سے

یہ کاہش ہے دل غمناک میں کیوں ، ملاتی ہو جوانی خاک میں کیوں

یہ پہلے نالۂ شبگیر کب تھا ، زبان پر شکوۂ تقدیر کب تھا

جگر کو آہ کی رخصت کہاں تھی ، نظر ہمصحبت حسرت کہاں تھی

پریشان تھا دل ناشاد کس دن ، بڑھی تھی ہمت فریاد کس دن

خدا کے واسطے دل کو سنبھالو ، خیال این و آن پہ خاک ڈالو

ہمیں عرض خبر تھی شرط یکبار ، اب آگے تم ہو اپنے دل کی مختار

یہ سنکر حسن بانوئے باوفا سے ، جھکایا سر کو احسان حیا سے

اوٹھی کہتی ہوئی وہ غم کی تصویر ، ابھی کیا کیا نہ رسوائی کی تقدیر

اکیلی گوشۂ خلوت میں آکے ، گری فرش زمین پر چوٹ کھا کے

بھر آیا غم سے جی خالی مکان میں ، لگی رونے خیال نوجوان میں

ہوا گرم سفر شعلہ جگر سے ، اوٹھا طوفان گریہ چشم تر سے

ہوئی مصروف شیون برملا وہ ، ہوئی ماتم سرا خلوت سرا وہ

بڑھی جب آتش شوق فغان کے ، اٹھے فی الفور پردے راز نہان کے

چلی سینہ میں لگا ہونے [illegible] ، کہ اس شکل پری کو غم سے کھٹکا

جہت کے نشان سب ہین ہویدا — مقرر ہے کسی خورشید پیدا

وہی حسرت بھری ارمان جگر مین — وہی الماس ریزی چشم تر مین

وہی کاہش وہی بیتابیِ دل — وہی ہر دم غبارِ رقصِ بسمل

وہے ہنگامۂ لب آہ و نالہ — وہے سینہ بہارِ داغِ لالہ

وہے تکلیفِ دل جسسے ہویدا — وہی رازِ نہان ظاہر سی پیدا

وہے آنکھون سی ہنگامِ نظارہ — عیان ہیجو اشکِ چشمِ ستارہ

وہے مہرِ خموشی نقطۂ خال — وہی ابرو زبانِ شکوۂ حال

غرض سبکو اسی کی جستجو تھے — کہون کیا ہر زبان ہر گفتگو تھے

جب آئی یہ خبر گوشِ پری تک — لگی تلوون سی پہنچی مغزِ سر تک

تپِ غیرت سی دل نے جوش کھایا — پرستارانِ خدمت کو بلایا

کہا کیا حال ہی رشکِ پری کا — سبب کیا ہی سبب نوحہ گری کا

طبیعت کیون مصیبت آشنا ہی — جنون ہی خبط ہی وحشت کیا ہی

تعلق کس لیی آوارگی سے — غرض کیا گریہ بیچارگی سے

خطابِ شاہ سے کہ ہر پرستار — ہوئی یون جلوہ بخشِ حسن گفتار

کہ ای تاجِ سرِ اقبال مندان — عروجِ اعتبارِ سربلندان

خبر اس حال سی ہمکو نہین ہے — کہ تجھ مین کس لیے یہ نازنین ہے

گذرتے ہے دلِ غمناک پر کیا — بلا ہی خاطرِ بیباک پر کیا

قرینے سے کچھ ایسا جلوہ گر ہے — کہ تیرِ عشق دل مین رخنہ گر ہے

ہوا ہو گو سوا اسکے بھی شر کچھ — مگر ہمکو نہین اسکا خبر کچھ

یہ سنکر وہ کنیزِ کہنہ و مساز
ہوئی مصروفِ عرضِ قصۂ راز

دکھائی سحر پردازی زبان سے
نئی صورت سے کیفیت بیان کے

کہا ای شاہِ خداوندِ زمانہ
مفصل یون ہے یہ مجمل فسانہ

کہ اک دن اک جوانِ شکلِ شمشاد
سراپا مثلِ سروِ گل چمن زاد

عیان رخ سے شبابِ آبرو تہا
ابہی آغازِ خطِ نادیدہ رو تہا

نمایش جلوہ گر ہر حال مین تہے
جوانی رسمِ استقبال مین تہے

تقاضای تمنا سے مکدر
تماشائی تہا ہر جانب وہ ششدر

ہجومِ شوقِ دل سے اوسکو ناگاہ
پسند آئی ہوای گلشنِ شاہ

بہار آسا ہوا داخل چمن مین
لگا پہرنے خیابانِ سمن مین

کسی غرفے مین دختِ سیمبر تہے
نظر سوی جوان گرمِ سفر تہے

قضا را صورتِ مشتاق یکہم
ہوئین نظرین جدا اہلِ دل کی باہم

جوان رخصت ہوا گلشن سے گہر کو
ہوا مائل مزاجِ غمکش اودہر کو

ہوا سینہ برنگِ شانہ صد چاک
لیا بستا ہون سے بوسۂ خاک

یہی ہی سرگذشتِ دخترِ شاہ
یہی ہی ماجرای دردِ جانکاہ

یہی ہے غلغلہ شورِ جنون کا
یہی افسانہ ہے حالِ زبون کا

سببِ وجہ بیان ہر جا یہی ہے
اسی کی کشمکش بابت مین گفتگو ہے

سپرِ ہمتِ تقدیر سے کیجے
نہین جب ہو سکے تدبیر کیجے

یہ سنکر پادشہ آیا محل مین
تردد سے مزاجِ راست بل مین

کہا بانو سے حالِ عشقِ دختر
سنایا قصۂ آشوبِ محشر

گئی جب یہ خبر تا گوشِ بانو
ہوا از دو پوشش گیرِ ہوشِ بانو

غضب لایا مزاجِ گرم جوشی
ادا کی ضبط کی رسمِ خموشی

ندامت کی عرق افشاں جبیں سے
کدورت دھوئی غبارِ زمیں سے

نہ سوجھی جب کوئی بانو کو تدبیر
کیا رشکِ پری کو پا بزنجیر

رکھا زندان میں بہرِ مدتِ چند
بشکلِ مردمِ دیدہ نظربند

وہ زندان یا دہانِ اژدہا تھا
کہ پیغامِ مصیبت دے رہا تھا

عجب تاریک و تیرہ وہ محل تھا
سویدائے دلِ لفظِ اجل تھا

جگر سے منفعل ارمان نکلتا
ہر اک نالہ شرر افشاں نکلتا

نظر آتی نہ ظلمت سے کہیں راہ
پھٹکتی سرد دودِ ہوا سے آہ

ہوائے گرم صرفِ سینہ تابی
ازل ہی میہمانِ خانہ خرابی

نہ کوئے ہمنفس جز نالۂ دل
نہ ہمصحبت کوئی جز وحشتِ کل

نہ کوئے رازداں جز دردِ پنہاں
نہ کوئے غمگسارِ دل نگہباں

وفا کرتا تھا عہدِ گرم جوشی
کبھی نالے کبھی شورِ خموشی

قلق ہوتا جو تنہائی سے جی کو
لگا لیتے گلے ہی بیکسی کو

اوسی زندان میں وہ رشکِ زلیخا
رہی بے منت کشِ زنجیرِ سودا

وہاں مشورہ کرنا پادشاہ کا ارکانِ ریاست سے اور عہد کرنا شمر کا ساتھ دینے کا

پلا ساقی شرابِ نکتہ دانی
کہ جس سے ہو چمک تیغِ خوش بیانی

بتاؤں جلد شادی زبان کو
سنواروں میں عروسِ داستاں کو

بہارِ وصل ہو پیدا رقم سے | گلِ شادی کھلیں شاخِ قلم سے
رہا ہون دام سے مانندِ بلبل | پھرون بی قید مثلِ نکہتِ گل
زبان دانِ عالم رمزِ سخن کا | ادب آموز یون ہی اہلِ فن کا
کہ جب یاران باپ ہر سحر و فسون سے | ہوئی مجبور تدبیرِ جنون سے
دبیرانِ ریاست کو بلا کر | کہا افسانہای عشق و حسرت
بیان کی داستانِ زخمِ جگر کے | عیان کی خونفروشی چشمِ تر کے
کہا افسانہ احوالِ یون کا | سنایا قصہ تکلیفِ جنون کا
ہر اک دانا سے وہ صحیح حکایت | بیان کرتا رہا حرفِ شکایت
کہا آخر کو یہ مطلب ادا سے | بتاؤ تم صلاحِ وقت کیا ہے
ہر اک نے سن کے یہ حالِ جگر سوز | کہا سب نے کہ ای مہرِ دل افروز
ازل سے عشق کا یہ ماجرا ہی | بلای جانِ سلطان و گدا ہی
ہزارون کی جگر پانی کیے ہین | بہت دل اسنی طوفانی کیے ہین
ہر اک کی لب پہ شورِ الامان ہی | زمانہ اس سے لبریزِ فغان ہے
جہان مین اسکی افسانی ہین مشہور | کہین سایہ ہی یہ کافر کہین نور
کبھی یہ لیلی محمل نشین تھا | کبھی داغِ دلِ قیسِ حزین تھا
کبھی شیرین کی تھا آوارگی مین | کبھی خسرو کی تھا بیچارگی مین
کبھی رنگِ نسیبِ پیرہن تھا | کبھی پیغامِ مرگِ کوہکن تھا
کبھی ارمانِ دل پر جوش کا ہی | کبھی نالہ لبِ خاموش کا ہی
کبھی کعبی مین یہ لبیک خوان ہی | کبھی ناقوسی دیرِ مغان ہے

کبھی داغ دل یاس دیکھا
کبھی رنگ کف افسوس دیکھا

بہر صورت یہ عشق فتنہ ایجاد
فلک کا ہی ستمگاری مین استاد

یہ وہ سودا ہے جو اچھا نہو گا
مسیحا سے علاج اسکا نہوگا

خبر دیتے ہے عقل دوربین یہ
سپرد نوجوان ہو نازنین یہ

برسم عقد و آیین مقرر
گل و بلبل رہین یکجا تو بہتر

سوا اسکے نہین تدبیر کوئے
مٹا سکتا نہین تقدیر کوئے

یقین ہے ولولہ دیوانگی کا
اثر پیدا کرے فرزانگی کا

ملی فرصت خلشہای دورن سے
سبکدوشی ہوا احسان جنون سے

یہ سنکر مشورہ اہل خرد کا
نہ پایا شہ نے موقع حرف رد کا

پتا درویش کا آخر لگایا
بہانے سے قدمبوسی کی آیا

ادا ہر طرح رسم آبرو کے
ادب سے التماس گفتگو کے

فسون امیز کہہ سنکر فسانہ
لے آیا نوجوان کو تا بخانہ

اوسے بستانسرای بیخزان کو
دیا بھر اقامت نوجوان کو

کئی خادم حسین دلکش طرحدار
حضوری مین کئی آمادۂ کار

کنیزین رشک سرو جویباری
ہوئین حاضر پی خدمتگذاری

پہری دن بخت جسم پارسا کے
لیے بوسے قبای وقت پا کی

کلاہ خسروا نے زیب سر کے
ملی ادبار کو رخصت سفر کے

غذای روح پرور قوت جان
ہوئی لذت فروش کام مہمان

نشاط و عیش و لطف زندگانی
عیان ہر سمت جوش کامرانی

فروغِ نیرِ اقبال چمکا
نحوست نے لیا رستہ عدم کا

ولی باایں ہمہ وہ مست و مدہوش
عروسِ یادِ عصمت سے ہم آغوش

وہ صورت چاند سی پھرتی نظر میں
سحر ہوتے شبِ غم چشمِ تر میں

یہی کہتا کہ یہ ساماں کیا ہی
کہاں ہوں کسکی یہ دولتسرا ہے

سبک وہ تھا کہ ہر دل پر گراں تھا
میں ایسی بزم کی قابل کہاں تھا

فلک کیوں مہرباں مجھپر ہوا ہی
جفا کی بدلی کیوں رحم آشنا ہی

یہ سب ناز و تنعم ہی بہانہ
نیا افسوں ہی کچھ سوچا زمانہ

خلشہای مصیبت دیکھتا ہوں
دکھاتی ہی جو قسمت دیکھتا ہوں

غرض ہنی لگا درویش مہماں
فلک کی شعبدہ بازی سے حیراں

قضارا ایکدن شاہِ زمانہ
ہوا ہم بزمِ درویشِ یگانہ

ندیماں و عمائد سب عقب میں
اراکینِ ریاست راست و چپ میں

پس آئین و آدابِ ملاقات
ہوئی سب سے خوشِ حرف و حکایات

بآخر حسنِ تقریبِ بیاں سے
کہا دستورِ اعظم نے جواں سے

تِری قسمت کہ ہم فیضِ قدم سے
ہوئی افزوں سرفرازی میں جم سے

پڑا سایہ جو سنگِ آستاں پر
دماغِ خاک پا ہی آسماں پر

دہن سے شکرِ احساں شاد ہوکر
نکلتا ہے سپاسِ کسباد ہوکر

خصوصاً خسروِ عالی نسب کو
وہ عشرت ہی کہ ہو عالم میں سب کو

خوشی سے صورتِ غنچہ چمن میں
نہیں پھولا سماتا پیرہن میں

جگر آباد ہی دل شادماں ہے
تمناؤں سے اپنی کامراں ہے

مگر یک شوقِ پنہان جان گسل ہے ۔ ابھی اک شعلہ تابِ داغِ دل ہے

یہ ارمان ہی جگر مین آرمیدہ ۔ بنائی تھی جسکو اپنا نورِ دیدہ

کری ہی پیوند دختِ نازنین سے ۔ ملائی نقش کو لوحِ نگین سے

یہی امید ہی دورِ خلل مین ۔ تعجب کیا بر آئی آج کل مین

یہ سنکر وہ جوانِ خستہ احوال ۔ لگا کہنی کہ ای مردِ خوش اقبال

کرون کیا شکر بندہ پروری کا ۔ بیان کیونکر ہو احسان گستری کا

کیا قطری کو لطفِ شہ نی طوفان ۔ بنایا ذرّی کو مہرِ درخشان

جو کچھ ارشاد ہوتا ہی زبان سے ۔ کرم احسان عنایت مہربان سے

زیادہ آرزو کرنے غضب ہی ۔ مری آئین مین ترکِ ادب ہی

حقیقت مین ذلیل و خوار تھا مین ۔ غبارِ کوچۂ ادبار تھا مین

اسیرِ حلقۂ آوارگی تھا ۔ شکارِ ناوکِ بیچارگی تھا

کہان ذرّہ کہان خورشیدِ افلاک ۔ چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک

کرون منظور گر تیری بیان کو ۔ کہی گی خلق کیا شاہِ جہان کو

کہ اک مردِ جوانِ بینوائی ۔ مصیبت زادہ کوئی گدائی

نمک پروردۂ فاقہ ازل سے ۔ سیہ کاسہ زیادہ تر زحل سے

برنگِ آسمان تیرہ اختر ۔ قناعت اک ردائی نیلگون بر

کہین ہی وہ غمِ رسوائی ہر ۔ ہوا مانندِ فتنہ وارِ شہر

نہ پوچھی شاہ نی کچھ اصل و بنیاد ۔ کیا ہم بسترِ دختِ پری زاد

خلافِ شانِ عقلِ دوربین ہے ۔ یہ مضمون قابلِ تحسین نہین ہے

قبول طبع کیونکر یہ سخن ہو | کہ عقل شہ پہ تا عالم خندہ زن ہو
کہا شہ نی یہ سنکر ای جہان گرد | مصیبت زادہ و اندوہ پرورد
فریب افزا یہ انداز سخن ہے | فسون ہی مکر ہی حیلہ ہی فن ہے
سمجھتے ہین تکلف خیز باتین | عبث ہم سی فسون آمیز باتین
رضای ما بدولت ہی اسی مین | نہ لاؤ کچھ خیال خام جی مین
کرو کوتاہ طول داستان کو | رکھو موقوف عذر این و آن کو
یہ سنکر مثل ضمہ پیش سلطان | ہر مہمان ہوا وقف گریبان
جمایا رنگ خاموشی سی نے اپنا | بنایا خو فراموشی سی نے اپنا
کہا دل نی کہ ای شوریدہ آہنگ | عبث تقدیر سی کرتا ہی تو جنگ
نہ دی تکلیف عقل نارسا کو | ذرا کر یاد قول پارسا کو
یہان سو و زیان تکرار مین ہے | غضب کا سامنا انکار مین ہے
کہان تک یہ نیاز و ناز آخر | بقول سعدی شیراز آخر
خلاف رای سلطان رای جستن | بخون خویش باید دست شستن
نہ کام آئی کوئی افسون بہانے | کیا ناچار اقرار زبان نے
شہ والا گہر اوٹھا وہان سی | ہوا رخصت فقیر مہمان سے
بہت محظوظ و خوش آیا محل مین | نوید مدعا لایا محل مین
سنایا بانو سے حال نوجوان کو | کہا شکر آشنا نطق زبان کو
کہا آخر شناسون سی زبان نے | بتاؤ کیا ہے شکل آسمان نے
خبر دو گردش شمس و قمر سے | کرو واقف فلک کی خیر و شر سے

پئے شادی کو ئے تاریخ بہتر | کرو تقویم سے دیکھی مقرر
اونہون نے دی دعا شاہِ جہان کو | زبان پر لائے یون حرفِ بیان کو
کہ زہرہ مشتری دونون برابر | پڑی ہین ایک ہی خانے مین آکر
اسد مین نیّرِ اعظم ہی داخل | قمر کی قوس مین پائی ہی منزل
دو پیکر مین عطارد آ گیا ہی | زحل بھی دلو مین صورت نما ہی
ستارون کی بہت اچھی نظر ہے | سراپا دوستی راحت اثر ہے
پسندِ خاطرِ اقدس اگر ہو | شبِ یکشنبہ عقدِ سیمبر ہو
یہ سنکر شہ نے فرمایا بہت خوب | یہی ہی عابد و ملت کو بھی مرغوب
دیا خلعت شناسون کو بہت زر | کیا رخصت بجاہ و شوکت و فر
وزیرون سے بھی کہا شہ نے بتکرار | کہ ہو سامانِ شادی جلد تیار
خزانہ صرفِ راہِ مدعا ہو | تونگر ہو کہ محتاج و گدا ہو
یہ سنکر حکمِ سلطانِ زمانہ | ہوا مصروفِ سامان وہ یگانہ
پری رخصت ہوا حکمِ رہائے | کہ وہ آغوشِ زندان سے جدائے
سیہ خانے سے وہ دلگیر نکلے | بشکلِ نالۂ زنجیر نکلے
ملی آکر انیس و مہربان سے | کہی گذری ہوئی ہر رازدان سے
شبِ تکلیفِ زندان کی کہانی | بیان کی ہمنشینون سے زبانی
اونہون نے صورتِ شادی بیان کی | مبارکباد دی وصلِ جوان کی
سنایا مژدہ جیسا مشتہر تھا | کہا جو ماجرا پیشِ نظر تھا
یہ سنکر دلمین وہ حیران ہوئی سخت | لگی کہنے کہان ایسی مری بخت

یہی دن گر مری قسمت دکھاتی ‏ تو وحشت کاہی کو یہ رنگ لاتی

طبیعت کیون جنون تاثیر ہوتی ‏ مجھے کیون حاجتِ زنجیر ہوتی

کہا سب کچھ مگر جوشِ تمنا ‏ ہوا جو یاس داغِ مدعا کا

امید و یاس مین وہ ماہ پارہ ‏ ہوئی ہر سمت سرگرمِ نظارہ

کہ رنگین چار دیوارِ مکان ہے ‏ زمین ہم رنگِ صحن آسمان ہے

تکلف سے سجی ہین جا بجا فرش ‏ بساطِ خاک ہی آئینۂ عرش

ہجومِ ماہرویان چار سو ہے ‏ تماشا گردِ راہِ آرزو ہے

دوبالا ہی ہر اک کا حسنِ کامل ‏ بنا ہی غازۂ رو رنگِ محفل

عمامہ جلوہ بخشِ انجمن ہین ‏ برنگِ غنچۂ گلگون پیرہن ہین

صراحی سجدۂ مستانہ مین ہے ‏ ادای خدمتِ پیمانہ مین ہے

نگاہِ مست و گرمِ نازِ ساقی ‏ طلبگارِ حواس و ہوش باقی

بلند آہنگ ہین نغمے برابر ‏ سکوتِ وجد مین ہے شورِ محشر

یہ عالم دیکھ بولی کہ قربان ‏ زہی قدرت زہی صنعت زہی شان

اسی عرصے مین وقتِ شام آیا ‏ فروغِ صبح نے انجام پایا

کیا خورشید گردون نے کنارا ‏ عروسِ شب نے زلفون کو سنوارا

ہوا گرمی صحبت کا بہانہ ‏ دیا ہر شمعِ محفل نے زبانہ

چراغون کا یہ حسن شعلہ چمکا ‏ ہوا دیوار پر عالم شفق کا

بنا کے مہمان کو شاہ نوشاہ ‏ لے آیا بزم مین با شوکت و جاہ

ہوا ہنگامۂ عشرت دوبالا ‏ طرب نے حوصلہ دل سے نکالا

ہوئی بے پردہ دخترِ رز سبو سی | لگی کرنے لگاوٹ آرزو سی
پری ساغر کی نکہت جوش کے دی | لبِ ساقی نے رخصت نوش کی دی
حدیثِ قلقلِ مینائے لبریز | ہوئی ایمان فروشِ نیّت پرہیز
سرِ تقوے خمار آلودہ ہو کر | گرا پھر تلا سے پائے خم پر
پشیمانِ شرمِ توبہ دل سی نکلے | چھپا کر منہ سرِ محفل سے نکلے
نہ سنتا پندِ واعظ کوئے بینوش | ہر اک تھا مثلِ مینا پنبہ در گوش
ہوا برقِ بلا اندازِ رقّاص | لگا گھر کرنے دل میں نازِ رقاص
موافق ساز سے آواز ہو کر | ہوئی پردی سی باہر ساز ہو کر
وہ انگیزِ بدن انداز کے ساتھ | وہ لینا منہ پہ آنچل ناز کی ساتھ
وہ موجِ بوئے گل ہر پھر کا ان کے | دکھائی تھی ادائے خوش ادا نے
کبھی تو پھیرتے وہ حور شانے | سرِ فتنہ پہ دستِ مہربانے
کبھی کچھ انگلیوں سی ماہ پارہ | قیامت سی تھی سرگرمِ اشارہ
صدائے صور تھی گھنگرو کی جھنکار | ہوئی خوابیدگانِ خاک بیدار
اسی صورت سی با صد عیش و آرام | ہوا آغازِ شبِ مشتاقِ انجام
رہی آخر گھڑی بھر رات باقی | ہوا کم وہ عروجِ جام و ساقی
میانِ بزم ساز و محفل سوز | ہوئی اہلِ شریعت رونق افروز
ملا کر شکلِ زہرہ مشتری سے | کیا عقدِ جوانِ شکب پری سے
کھلے غنچے دلوں کی صورتِ گل | مبارکباد کا ہر سو ہوا غل
فراغت پائی خویش و اقربا نے | لگے ہر سمت بجنے شادیانے

سمٹ کر آستین دامن طولِ شب کا — بنا آنچل رخِ صبحِ طرب کا
چھپا مہتاب آغوشِ سحر مین — ہوا خورشید نور افشان نظر مین
بشکلِ ہمت ابرِ گہر بار — ہوا آمادۂ بخشش جہاندار
امیرون کو بصد توقیر و اعزاز — کیا انعام و خلعت سے سرافراز
غریبون پر بشکلِ ابرِ نیسان — ہوا ابرِ قبائے منت گہر افشان
وہ دن مانندِ صبحِ عیدِ نوروز — رہا تا شام عیش افزا الم سوز
ہوا جب گیسوئے شب مثلِ دامن — نقابِ چہرۂ خورشید روشن
دگرگون ہو گیا عالم جہان کا — طلسمِ رنگ چمکا آسمان کا
بشکلِ چشمِ مشتاقِ نظارہ — ہوا سرگرمِ شوخی ہر ستارہ
اوٹھے شعلے دلون مین آرزو کے — ہوئی مشتاق لبِ بادہ بو کے
عبادت مین ہوئے مصروف زاہد — ہوئے عشاق ہم آغوشِ شاہد
لپٹ کر شوق باہم کے بہانے — لگی دل کی لگی دل سے بجھانے
لبِ مینا ہوئے قلقل کی مشتاق — کیا شیشون نے عزمِ جستِ طاق
لگے ملنے سبو ساغر گلے سے — لگی مستی ٹپکنے حوصلے سے
ہجومِ آرزو جب رنگ لایا — جوان بھی بزم سے خلوت مین آیا
اٹھایا ہاتھ سے دامانِ گلبدن نے — چھپایا منہ کو گھونگھٹ مین دلہن نے
چلیں سب شرمِ وحشت سیمبر سے — ہوئین پنہان نظر آسا نظر سے
بجز تصویرِ دیوارِ مکان کے — نہ باقی رہ گیا کوئی جو جھانکے
ہوئی حاصل جو تنہائی جوان کو — لیا آغوش مین آرامِ جان کو

بنی بوی عید وہی موج بادہ / بڑہی کیفیت مستی زیادہ
گل رخسار سی گہونگہٹ اوٹہا کی / لیے بوسے لبِ رنگین ادا سے
ہجوم جوشِ کیفِ موجزن ہین / زبان رشکِ گل لی لی دہن ہین
ہوا پہر وقفِ دستِ کام اسنے / ثمرِ نخلِ باغِ نوجوانے
نکالے حوصلے دستِ ہوس کے / لیے بوسے نصیب پیش و پس کے
تمنا نے نہ سیر اکتفا کے / بڑہی حسرت حصولِ مدعا کے
لگین ہونی بہم دیپردہ گہاتین / سو جہائین شوق کی کچہ اور باتین
زیادہ تر طبیعت رنگ لائے / عبارت چہوڑ کر مطلب پہ آئے
سرِ الماس کچہ کاوش پہ آیا / گہر نے لعل کا جوبن دکہایا
تڑپ کر رہ گئی دخترِ پریزاد / ہزاروں نے لگی آہستہ فریاد
بصورت پی راحت فروشی / رہی کچہ دیر باہم گرمجوشی
ترشح جب ہوئی ابرِ ہوس کی / ہوئی کچہ انتہا آغازِ بس کی
بشکلِ طبع و تخئیل مجسم / ہوئی آخر جدا ال ملی کی باہم
جوان سی دخترِ شاہِ یگانہ / کہا کی صبح تک دل کا فسانہ
وہ عالم لطفِ گلگشتِ چمن کا / وہ قصہ [illegible] کا
وہ ہونا برملا رازِ نہان کا / وہ کہانا طیش بانوی جہان کا
وہ تکلیفِ اسیری کی کہانے / وہ زنجیرِ جنون کی ہر پانے
وہ بیتابی سی دل کا ساز کرنا / وہ اپنے بیکسی پر ناز کرنا
غرض گذرا تہا جو قصۂ غم / کہا کی رات بہر با چشمِ پرنم

جوان ہی داستان اپنی وطن کے — حکایت گردشِ چرخِ کہن کے
سبب ہر وقت اس رنجِ تعب کا — بیان تکلیفہای روز و شب کا
جہان مین خستہ و دلریش پھرنا — بنا کر صورتِ درویش پھرتا
تمام احسان جورِ آسمان سے — بیان کرتا رہا یک یک زبان سے
سحر کو جب خمار آلودہ خواب — اوٹھا بستر سی خورشید جہانتاب
کیا کچھ رخصتِ شب نے اشارہ — ہوئی برخاستہ بزمِ ستارہ
وہ دونون خوابگاہِ مدعا سی — اوٹھی نیچی کئی آنکھین حیا سے

داستان جانا جوان کا واسطی شکار کے اور جدا ہو کر لشکر سے وطن مین آنا اور جانا سنگ حال مست کا

تری صدقی تری قربان ساقی — خدارا پھر وہی احسان ساقی
دلِ حسرت زدہ پھر جوش پر ہے — تصدق شرم توبہ نوش پر ہے
وہی پھر صحبتِ دیوانگی ہے — وہی پھر رخصتِ فرزانگی ہے
جنون انگیز ہی پھر حال میرا — سرِ زنجیر ہی پامال میرا
خبردارِ غمِ عاشق یہان سے — سخن آیا ہے یون از نہان سے
کہ چند ہی وہ جوانِ کشتہ ناز — رہا ہر دم عروسِ نو سی دمساز
برابر وقتِ شغل کامرانی — ادا کرتا رہا رسمِ جوانی
مگر دل مین وہی ہر دم خیالے — وہی سر مین ہوا ہی پیالے
وہی داغِ غمِ فرقت جگر مین — وہی شوقِ رخِ عصمت نظر مین
فراموشی مین اکثر یاد کرتا — تو لب بی صدا فریاد کرتا

پشیمان حسرتِ زبان سی ہی ہتا — خجل روی غمِ پنہان سی ہتا
یہی کہتا کہ مین کس سے جدا ہون — یہ کس کا نازبردارِ ادا ہون
غرض اکدن نہایت تنگ آیا — ہجومِ جوشِ سودا رنگ لایا
بڑہی دیوانگی حد سے زیادہ — کیا گلگشتِ صحرا کا ارادہ
ہوا خاصہ جلوسِ شہریارے — چلے مانندِ بوے گل سوارے
پہرا جب دوپہر لشکر وہ سارا — ملا اک دشتِ پر وحشت قضارا
لکہون تعریف کیا اوسکی قلم سے — بلا انگیز تر دشتِ عدم سے
تمازت سی عیان جوشِ تبا ہے — تڑپتی ریگ مثلِ ریگ ماہے
نہ سایہ تہا نہ برگِ خشک و تر تہا — برنگِ شاخِ آہو ہر شجر تہا
کفِ سائل کی صورت چشمۂ آب — ہوائے گرم سے ہر مرغ بیتاب
حرارت سی دہوان اوٹہتا جگر مین — تپش سے آبلہ پڑتا نظر مین
یہ عالم دیکہکر دشتِ بلا کا — نظر مین پہر گیا سامان قضا کا
کمالِ تشنگی لایا غضب مین — ہوئین جانین نہان آغوشِ لب مین
گہٹے ہمت بحافظِ آرزو کے — ہر اک کی جستجو تہی آبجو کے
وہ ساری اہلِ لشکر ہوگی بیتاب — لگے کرنے تلاشِ چشمۂ آب
جوان مانندِ سنگِ میل تنہا — رہا گہوڑے پہ محوِ سیرِ صحرا
طلسمِ قدرتی پیشِ نظر تہا — تماشا جلوہ گاہِ خیر و شر تہا
قضارا مثلِ دل اقبال سے بیزار — ہوا اک آہوے وحشی نمودار
وہ آہو یا ہوائی مدعا تہا — برنگِ شوق دل مین پہر رہا تہا

قرار بیقراری وہ سہی پیدا — ہر وحشت رم کامل سے پیدا
ستم نا آشنا قید گمان سے — گریزان وحشت آباد جہان سے
ہوائے صید نے چھیڑا جوان کو — کیا گرم اپنی رخش خوش عنان کو
وہ آہو صورت اشک چکیدہ — ہوا آرام سے دامن کشیدہ
بشکل جسم و سایہ دونون باہم — ہوئے صید کمند حلقۂ رم
تصور تھا جوان آہو گمان تھا — فقط فرق خیالی درمیان تھا
قریب شام وہ آہوی خستہ — ہوا غائب برنگ رنگ جستہ
جوان حسرت زدہ مایوس ہو کر — لگا کرنے تلاش اہل لشکر
بہت کی جستجو لیکن نظر سے — نہ گذرا ایک بھی نوع بشر سے
پھرے قسمت نگاہ یار ہو کر — مقدر سو گیا بیدار ہو کر
پریشان خستہ آوارہ جگر خون — لگا پھرنے میان دشت و ہامون
نہ وہ سامان نہ وہ جاہ و حشم تھا — نہ وہ لشکر نہ وہ طبل و علم تھا
نہ وہ ظل ہمای چتر شاہے — نہ وہ سر میں خیال کجکلاہے
ہوا آغاز جب آغاز شب کا — بشکل داغ دل مہتاب چمکا
پس پردہ سہی ہر نقش طلسمی — لگا دینے فریب نور جسمی
جوان ناچار گھوڑے سے اوتر کر — ہوا منت کش آرام بستر
کوئے نخل کہن تھا مثل طوبی — بغل پروردۂ فردوس اعلی
طرب بخشش چمن سار طرب تھا — ہر اک پتا کف اہل کرم تھا
سراپا صورت سرو گلستان — بہار ہشت جنت جس پہ قربان

اوسی کی تھی وہ برگشتہ قسمت | ہوا تھا مستندہ احسان راحت
رفیقِ بیکسی رنجش سبک پا | رہا ہو گیا وہ سیرِ صحرا
جوان بیٹھا ہوا بالای بستر | پہ شکلِ آئینہ حیرت سے ششدر
دلِ پرسوز و جانِ شعلہ پیوند | گذرگاہِ خیالِ چند در چند
کبھی گریان غمِ اہلِ وطن مین | کبھی سوزان تپِ داغِ کہن مین
کبھی شاکی دلِ نامہربان سے | کبھی لب تنگ جورِ آسمان سے
کبھی پیشِ نظر نیرنگِ تقدیر | کبھی سیرِ طلسمِ غم سے دلگیر
کبھی کہتا کہ یارب مین کہان ہون | یہ کیون پامالِ جورِ آسمان ہون
کہان لائی مری قسمت کہان سے | کہان لیجا ہی کی وحشت یہان سے
کبھی کہتا دلِ مضطر سے اپنے | وطن کا کس طرح لشکر سے اپنے
وہان ہر ایک پیر و روز و شبانہ | گذرتی ہوگی کیا بی آب و دانہ
احبا بیخبر رونے بیخواب ہونگے | مری فرقت مین سب بیتاب ہونگے
اسی صورت وہ پامالِ زمانہ | بیان کرتا رہا اپنا فسانہ
کہ اسمین ماندگی سے ہوگی بیتاب | کیا آنکھون نے میلِ بوسۂ خواب
ہوئی غفلت سے بیداری ہم آغوش | بجا لائی دل و جان خدمتِ ہوش
کیا روحِ جہان پیمانے اپنا | تعلق عالمِ علوی سے پیدا
نظر کرتا ہے کیا وہ بادیہ گرد | کہ عیسیٰ دم خجستہ اک جوانمرد
سرِ بالین بشکلِ بخت آکر | یہ کہتا ہی کہ ای برگشتہ اختر
کہان پھرتا ہی آوارہ جہان مین | پڑا ہی مست کس خوابِ گران مین

محبت مین سرِ آرامِ جان کیا
ہوائی لشکر و طبل و نشان کیا

نہ سمجھا آبروی صادقے کو
لگایا داغ نامِ عاشقے کو

یہ سب سامان ننگِ حیا ہی
خلافِ غیرتِ اہلِ وفا ہے

اگر دل مین ہی ہوشِ ہوس تھا
تو ناحق در پئے سودِ نفس تھا

محبت بازیِ اطفال نہین ہے
بہت مشکل ہی یہ آسان نہین ہے

ادہر سودای شاہی مغزِ سر مین
ادہر داغِ غمِ عصمت جگر مین

غمِ معشوق و شوقِ پادشا ہے
تباہی ہی تباہی ہی تبا ہے

دو رنگی ہی گل بازی کو دیکھا
ادہر کا ہی نہ بیچارہ ادہر کا

دو رنگی ہی لبِ ساحل نہ تہِ آب
نہ موجِ ریگ ہی نی موجِ آب

اوٹھا پردہ دونون کا درمیان سے
گذر جا ہر حجابِ این و آن سے

یکسر ملہمِ غیبی سے یارا
اور آنکھین کھل گئین اسکی قضارا

جو دیکھا ہر طرف گذری نظر سی
تمامی شب کی آغازِ سحر سی

جوان فرشِ زمین سی اوٹھکی شستہ
در آیا پشتِ رخشِ خوش عنان پہ

توکل پہ وہ یکتای زمانہ
ہوا اک سمت کو آخر روانہ

رفاقت مین آشنای وطن تہی
عوض رہبر کی بیمِ راہزن تہی

نکوئی رازدان جو کاہشِ دل
نکوئی ہمسفر جز طولِ منزل

بیابان در بیابان کوہ در کوہ
لگا پہرنے بصد تکلیف و اندوہ

اسی صورت سی دن کو رات کرتا
تو اک سے بسر اوقات کرتا

کئی دن جب رہا وہ جادہ پیما
ہوا اک شہر مین آکر جلوہ فرما

وہان گذری نظر سی چند انسان
بصورت آدمی بسیرت مین حیوان

گران دل پر سبک انداز اونکا
عداوت سی زیادہ ساز اونکا

جگہ ہوتا مشبک ہر سخن مین
زبانِ تیر تھی گویا دہن مین

جوان کو دیکھکر سمجھے وہ کافر
کہ یہ کوسے ہے نووارد مسافر

وطن کی اور کوئی گلزمین ہے
یہ بلبل اس گلستان کا نہین ہے

تملق سے قریب آکر جوان کے
نکالے حوصلے لطفِ بیان کے

لگی کہنے کہ ای سرو سرافراز
ہوا کیونکر یہان تو سایہ انداز

ہوا کس وجہ سی عازم یہان کا
ارادہ دل مین کہتا ہی کہان کا

کہان رہتا ہی گہر تیرا کہان ہی
وطن کہتا ہی یا بی خانمان ہے

کہا گہر تو مرا ہے لکھنؤ مین
مگر مین گم ہون اپنی جستجو مین

نکالا جوششِ وحشت نے مجکو
جگہ دی وادیِ غربت نے مجکو

کہون کیا کیا بہت گذرا زمانہ
لیے پہرتا ہی مجکو آب و دانہ

تمنا ہے کہ اب جاؤن وطن کو
مٹاؤن داغِ یارانِ کہن کو

ہوس کہتا ہون لعلت دوستانے
ملون مین جادۂ ہندوستان سے

کرو تکلیفِ رسمِ رہنمائے
بجا لاؤ کچھ آدابِ وفا کے

یہ سنکر جملہ وہ غولِ بیابان
ہوئی آمادۂ سامانِ احسان

بڑھی آگے بشکلِ شوقِ منزل
ہوئی ہمراہ مثلِ کاہشِ دل

جب آئی سرحدِ ہندوستان پر
ہوئی آمادہ قتلِ نوجوان پر

زر و سیم و جواہر جس قدر تہا
وہ سب نذرِ جفائی راہبر تہا

نہ گھوڑا رہ گیا باسے نہ اسباب
رہی عریان تھی یا جان بیتاب

پریشان خستہ آوارہ جگر ریش
بڑا تھا وہان سہی مثلِ درویش

نہ زادِ رہ نہ سازِ استقامت
گدایانہ صدا قطعِ مسافت

رہا وہ کیفِ جوشش آرزو مین
ہوا وہ رونق افزا لکھنؤ مین

ملا خویش و عزیز و اقربا سے
ہوا ہم بزم یار و آشنا سے

دل و جان سہی ہوئی با قیدِ تابان
گلی ملکر نکالے خوب ارمان

قضارا ایک دن یاران باہم
برنگِ غنچۂ گل تھی فراہم

طرب انگیز سامان ہر طرف تھا
بشکلِ غم تکلف بر طرف تھا

ہنسے تھے دل لگی تھی قہقہے تھے
محبت خیز باتین کر رہے تھے

نشاط افزا ہر اندازِ سخن تھا
کنارِ عیش و در انجمن تھا

تماشی سوزشِ دل کا فسانہ
بیان کرتی تھی باہم دوستانہ

جوان یہی التماس احمد سی
تکلم آشنا تھا آشنا سے

بآخر جوشِ تکلیفِ نہان سہی
لگا یون کہنے یارِ ہمزبان سے

کہ وہ بالا بلا عصمت کہان ہے
بتِ کافر ادا عصمت کہان ہے

کہان ہنگامہ آرائی وفا ہے
کہان بیگانہ خو لطف آشنا ہے

کہ ہر مائل مزاجِ دلبری ہے
کہ ہر مصروفِ حسنِ کافری ہے

کہا اوسنے تمسخر سے کہ ای یار
کہون کیا حال اوسکا مین دل افگار

رنگیلی شوخ سہی کوئی دلآویز
حسین و دلکش و خوش وضع و نوخیز

رہی کچھ روز تک گو کر جوان سے
نکالا کی ہوس جوشِ نہان سے

ہوا باہم کچھ ایسا ربط پیدا
کہ وہ دونون ہوئی آپس مین شیدا

لگی برچھے بنے نشتر رو برو کے
چڑھی مستی شرابِ آرزو کے

ہوا اس عشق کا آخر یہ انجام
کہ گھر مین پڑ گئی اوسکی وہ گلفام

وہین اب تک گلِ رنگین ادا ہے
وہین نکہت فروشِ مدعا ہے

وہین رہتی ہے مستِ بادہ و جام
وہین کہتی ہے لطفِ عیش سے کام

وہین ہے سرخوشِ کیفِ جوانی
وہین ہے محوِ رسمِ کامرانی

یہ سنکر وہ جوانِ سربسر جوش
رہا مثلِ زبانِ شمع خاموش

جگر سے کھینچکر آہِ نہان کو
کیا برہم طلسمِ جسم و جان کو

تہ و بالا ہوا سامانِ محفل
لگی سر پیٹنے یارانِ محفل

پدر مادر سرِ بالین پہ آکر
گری مانندِ اشکِ تر زمین پہ

ہوئی کم حوصلی ضبطِ فغان سے
لیے نالون نے بوسے آسمان کے

تقاضاے تپِ سوزِ نہان سے
ہوئی مصروفِ شیون اس بیان سے

کہ ہے ہے کیا یہ قسمت رنگ لائی
تری آئی ہوئی ہمکو نہ آئی

یہ دن یہ سن یہ آغازِ جوانی
یہ خوابِ نازِ مرگِ ناگہانی

یہ ارمان سفر کرنا جہان سے
یہ تیر اس طرح نشان ہو ناتوان سے

کہان جائین کرین ہم کس سے فریاد
دریغا حسرتا ای وای بیداد

ہجومِ شورِ ماتم اس قدر تھا
سویدای دلِ محشر وہ گھر تھا

ہوا شورِ فغان آخر گلوگیر
بنا ہر لب لبِ خاموش تصویر

لگی تجویز ہونے گورکن کے
خلش پیدا ہوئی غسل و کفن کے

پہر صورت جنازہ نوجوان کا
نہایت شان و شوکت سی نکالا

ہجوم خلق و شور آہ و فریاد
نظر آیا زمانہ ماتم آباد

کوئی حیرت سی تصویر مکان تھا
کوئی منت کش آہ و فغان تھا

گریبان چاک تھا کوئی الم سے
کوئی تھا خاک بر سر فرط غم سے

کوئی تھا سرنگون شرمندگیون سی
پشیمان تھا کوئی اپنی فسون سے

غرض وہ حلقۂ اہل عزا مین
ہوا مدفون زمین کربلا مین

سر اسید دل پہ خاک ڈالے
کنار گور سے حسرت نکالے

عزیز و آشنا الحمد پڑہ کر
ہوئی رخصت سوئے خانہ بکدر

داستان نکلنا گہر سی دختر شاہ کا تلاش جوان مین اور لکہنؤ مین آکر جان دینا جدائی سے

خدارا اب تو ہی ساقی ولا سے
مجھی بیہوش کر جام فنا سے

گریبان گیر تکلیف وفا ہی
قضا کی ہاتہ میر فیصلا ہے

خبر دار مصیبت کے بیان سے
ہوا ظاہر یہ اسرار نہان سے

کہ اوس دشت بلا مین فوج شاہی
رہی دن بہر گرفتار تباہی

تلاش نوجوان مین خستہ و ناشاد
پہری ریگ روان کی طرح برباد

قریب شام سب مایوس ہو کر
ہوئی بی آب و دانہ نقش بستر

بسر کی شب خیالات عجب مین
چلی وقت سحر رنج و تعب مین

ہر اک تہی آگی نزد شاہ دلگیر
کہا افسانہ نیرنگ تقدیر

جو کچہہ گذری تہی کیفیت جوان پہ
بمشکل حرف دل لائے زبان پر

تحیّر خیز یہ سنکر فسانہ — ہوا ششدر شہنشاہ زمانہ
مزاجِ پاک پر صدمہ ہوا وہ — دلِ عاشق کی صورت کھو گیا وہ
جگر پاشیدہ دامانِ نظارہ — ہوا دستِ الم سے پارہ پارہ
پریشان ہو گیا مجموعۂ دل — ہوئی کشتِ تمنا برق حاصل
پشیمونِ بلا انگیز ناگاہ — ہوا اندکورِ نمودِ بانو شاہ
بشکلِ رازِ دل دل مین سمجھکر — ہوئی بیتاب مثلِ اشک مضطر
سرشت جانبِ دختر نظر کے — شتابِ آرزو پر چشم تر کے
لگی کہنے کہ ہی ہی یہ جو اسنے — یہ تکلیفِ جفائے آسمانے
بس کس طرح سے ہو گئے خدایا — مقدر نی یہ کیا سامان کہایا
یہ عالم دیکھکر محرم راز — ہوئی آئینہ سان حیرت سے ہمساز
سبب پوچھا ہجومِ درد و غم کا — کہا تب تک تکلیفِ ستم کا
کہا کیا حیلہ سوجھا آسمان کو — کہا صحرا مین کھویا نوجوان کو
کہا کیونکر کہا جسوقت دلگیر — گیا سوئے بیابان بہرِ نخچیر
اراکینِ ریاست ہمعنان تھے — تتبعِ راہ پاکر سب جوان سے
کسی میدانِ دشتِ پر بلا مین — پھری سرگشتہ جوشِ مدعا مین
کمالِ تشنگی سے ہو کے بیتاب — لگے کرنے تلاشِ چشمۂ آب
اکیلا رہ گیا آخر وہان پر — نہین معلوم کیا گذری ہی ان پر
نظر آیا نظر پھر وہ نہ آیا — کسی سے پھر نشان اوسکا نپایا
رفیقون نے بہت کچھ جستجو کے — مگر نکلے نہ حسرت آرزو کے

وہان سی پہر کی جو احباب آئی — یہ وحشت خیز مضمون ساتھ لائی
اسی سی دل مصیبت آشنا ہے — اسی غم سی جگر داغِ بلا ہے
یہی ہی باعثِ فریاد و زاری — یہی ہی جلوہ بخشِ بیقراری
یہ سنکر ہر کسے کا جی بھر آیا — قلق کو دل کی سینی سی لگایا
بہڑ ہا یا سلسلہ آہ و فغان نے — کیا پیدا پتہ سینہ آسمان نے
خموشی نے کیا لب سی کنارا — ہوا شورِ قیامت آشکارا
چلے فریادِ غم دل سی کشیدہ — سرشک آنکھونسی نکلے آبدیدہ
تصور تھا وہ عروسِ نو بہاران — رہی خونابہ نوشِ ضبطِ پنہان
نہ دی رخصت خموشی نی فغان کی — رہی پابند شرم اپنی آن کی
سہا کی کشمکشِ رنج و تعب سے — حیا مانع رہی شرمِ ادب سے
مگر دل مین تہی مثلِ قی غم آباد — جگر سے تا دہن لبریزِ فریاد
پشیمان ہو کی جوشِ آرزو سے — اوٹہی ناچاریان کی روبرو سے
لیی سوزِ جگر خلوت مین آئے — غمِ دوزخ سے لئے جنت مین آئے
لپٹ کر خوابگاہِ نوجوان سے — لگے رونی لپٹہا ہی پنہان سے
بنا سوزِ درون سی سینہ گلخن — چہپے اشکِ جگر گون نی دامن
ہوئی مشتاق فرقت مین کفن کے — رکہی باقی نہ وا بہی پیرہن کے
پئے تعظیمِ استقبالِ ارمان — پہٹا ہر پارہ و چاکِ گریبان
فغان کی رسمِ بیتابی ادا کے — صدا دی لب کی شورِ ہر دعا کے
قلق مین مر سی مین رنج و الم مین — لگی کہنی سر ذوقِ ستم مین

کہا ہی سروِ چمن نارِ تمنا — کہاں ہی مائلِ گلگشتِ صحرا

کہاں ہی محوِ نظارہ جنون میں — کہاں پھرتا ہی آوارہ جنون میں

کہاں دلدادۂ نخچیر ہے تو — کہاں صیادِ آہو گیر ہے تو

کہاں وحشت شریکِ بیکسی ہے — کہاں قسمت فریبِ بدظنی ہے

کہاں تکلیف سے راحت کہاں ہے — کہاں تو تختۂ مشقِ آسمان ہے

اسی صورت سی چند دن وہ پریزاد — رہی شرمندۂ احسانِ فریاد

برابر صحبتِ آہ و فغان میں — بسر کی انتظارِ نوجوان میں

مگر دل کی لگی سے کچھ نہ پائے — کہین سے کچھ خبر اوسکی نہ آئے

رہی قسمت ترقیخواہ غم سے — خلش بڑھتی گئی خارِ الم سے

تھکی سب چارہ گر چارہ گری سی — کنارہ کش ہوئی حالِ پری سی

باخر وہ بتِ سرمایۂ ناز — ہوئی یون دل سی اپنی مشورت ساز

کہا ہی پروانۂ شمعِ جگر سوز — گداز آموزِ داغِ سربسر سوز

تجھی اب کیا ہی پاسِ ننگ و ناموس — کہاں تک حسرتِ یا نازِ افسوس

اوٹھا دی پردۂ شرم و حیا کو — بٹھا سینے مین نقشِ مدعا کو

غبار آسا نکل قیدِ مکان سے — برنگِ جوشِ خاطر دل جوان ہے

جہان ہو چل وہین تو آرزو مین — بسر کر عمر داغِ جستجو مین

اسی عالم مین اکدن [illegible] کو — کیا آگہ دلِ فرصت طلب کو

کہ یہ موقع ہی ترکِ اقربا کا — یہی ہی وقت عرضِ مدعا کا

نکر غفلت کہ غفلت کا نہین وقت — نکل جائی نہ قابو سی کہین وقت

یہ کہکر جوشِ تکلیفِ جگر مین ۔ ہوئی مصروف سامانِ سفر مین
لباسِ نو عروسی کو کیا چاک ۔ حجابِ جسم کی مردانہ پوشاک
رکھی سر پر کلاہِ رشکِ خورشید ۔ تصدق جسپہ ہو اقبالِ جمشید
قبای لالہ گون زیبِ بدن کے ۔ گلابی ہو گئی رنگت سمن کے
غرض اس طرح وہ وحشت یگانہ ۔ قدم فرسا ہوئی بیرونِ خانہ
یمینِ یار کو سے راز دان تھا ۔ عنان گیرِ سمندِ خوش عنان تھا
قریب اوسکی پہونچکر بے محابا ۔ ہوئی بالای زین یہ جلوہ فرما
کہا رخصت کہا اللہ نگہبان ۔ کہا کچھ اور رہے امیدِ احسان
کہا وہ کیا کہا ہمراز تو ہے ۔ دمِ آخر یہی اک آرزو ہے
رہے مد نظر پردہ ہمارا ۔ نہو یہ رازِ پنہان آشکارا
یہان سی اب تسلی تو ہوا ہو ۔ خدا جانے سحر کی وقت کیا ہو
یہ کہکر وہ بتِ پر درد و ناز ۔ ہوئی آمادہ شوقِ تگ و تاز
اوٹھائی باگ اسپِ خوش عنان کے ۔ ہوس کی کوششِ قطعِ جہان کے
خیالِ کاوشِ مقصد یہ سفر مین ۔ غمِ غماز کا کھٹکا جگر مین
کبھی پیدا کبھی پنہان نظر سی ۔ سراپا برقِ تکلیفِ سفر سے
کئی دن مثلِ خورشید جہان گرد ۔ پھری وہ خستہ و آلودہ گرد
بہت کی جستجو لیکن کسی جا ۔ نشانِ نقشِ تمنا کا نپایا
بمجبوری تلاشِ نوجوان مین ۔ قدم فرسا ہوئی ہندوستان مین
کئی دن بعد عشقِ فتنہ پرداز ۔ ہوا آسانیِ مشکل سے دمساز

ہجوم شوقِ جوشِ آرزو مین
لی آیا اوسکو شہر لکھنؤ مین

باُجرت اک مکان لیکر شب و روز
لگی رہنی وہ خورشید دل افروز

کمالِ خُلق سی سبکو لُبھایا
ہر اک سی رابطہ اوسنی بڑہایا

تمامی دوست وقتِ خلوتِ عیش
لگی رہنی شریکِ صحبتِ عیش

قضارا ایک دن یارانِ باہم
بشکلِ ہوش دانا تھی فراہم

بہم ہنگامہ آرای بیان تھے
سخن پردازِ نیرنگِ جہان تھے

کوئی اون سب مین یارِ رمزدان تہا
سراپا دفترِ حالِ جوان تہا

دمِ اظہارِ افسونِ زمانہ
کہا اوسنے وہی غمگین فسانہ

دہی مضمونِ عشقِ سربسر جوش
بنایا گوہرِ آویزۂ گوش

کیا وقتِ سحر اوسنی بنا کام
سرِ آغاز کو پابوسِ انجام

یہ سنکر لی رہی دلمین مگر دل
بنا محشر فروشِ رقصِ بسمل

برنگِ بادۂ مینای خاموش
سکوتِ لب سی توام شعلۂ جوش

ہوئی یاسِ جوانِ یار جانے
مبارکبادِ مرگِ ناگہانے

ہوئی برخاستہ جسوقت صحبت
اوٹھی وہ شعلۂ ناز داغِ حسرت

رفاقت مین اجل کو لی کی دلبر
ہوئی خاکسترِ مزارِ نوجوان پر

لپٹ کر تربتِ شوریدہ سر سے
کیا گلپوش ہر داغِ جگر سے

سرِ بالین بصد تکلیفِ جانکاہ
کیا روشن چراغِ شعلۂ آہ

کلاہِ خسروی پہینکی زمین پر
اوڑائی خاکِ زلفِ عنبرین پر

لبِ نازک کو دی رخصت فغان کی
ادا کی رسمِ تکلیفِ بیان کے

کہ اے پیوندِ چاکِ دامنِ خاک غبارِ کاروانِ جانِ غمناک
ہوا اے صید بین آیا کہان تو بنا کس جا نشانِ بی نشان تو
ندامت کیا ہوئی اہلِ وطن سے چھپائی شکل کیون چاکِ کفن سے
نہ یاد آئی کبھی بھولی ہی گھر کے نہ میری ناشکیبی پر نظر کے
تری غم مین ہوا برہم زمانہ دگرگون ہو گیا سب کارخانہ
نہ وہ رنگین بہارِ انجمن ہے نہ وہ صحنِ زمین رشکِ چمن ہے
جہان تھے کامرانے رونق افروز وہان حسرت برستی ہی شب و روز
یہ پوچھا حال جوشِ آرزو مین کہ نکلے آپ تیری جستجو مین
جہان مین صورتِ خورشید و مہتاب پھری دن رات تنہا بیخور و خواب
مگر تجھکو نہ اے غمناک پایا جو پایا ہی تو زیرِ خاک پایا
تمناے دلی دل سے نہ نکلے یہ لیلی گردِ محمل سے نہ نکلے
زبانِ شمع تھی گویا جہان مین جلا کے حسرتِ لطفِ بیان مین
غرض یون ہی مزارِ نوجوان سے بیان کرتی رہی نوحہ زبان سے
ہجومِ غم سے ہی آخر تنگ آکر ہوئی راہی عدم کو روحِ مضطر
لیا احسان تکلیفِ کفن کا مٹایا سب کی جھگڑا روح و تن کا
احبا سنکے یہ افسونِ تقدیر ہوئی خود گم برنگِ نقشِ تصویر
قناعت کی نہ بازاری خبر پر چلی سب تب بہ بیتِ شوریدہ سر پر
وہان آکر جو دیکھا چشمِ تر سے تو گذرا اور ہی ساماں نظر سے
کہ اک وحشی پری رشکِ تصویر مزارِ نوجوان سے ہی بغل گیر

تقاضائے تمنا جوش پر ہے — فدا محشر لبِ خاموش پر ہے
لیے ہی پہلوِ مدفن بغل میں — زبان ہی شکرِ احسانِ اجل میں
ہوا ثابت کہ یہ سیارہ خستہ — کسی خورشید طلعت کی ہی خستہ
تعلق اسکو تھا حسنِ جوان سے — اسی کی عشق مین نکلی ہے جان سے
یہان آکر اوسے جو مژدہ پایا — ہجومِ جوشِ غم نے رنگ لایا
ہر اک کی حالت آہ و فغان میں — کیا دفن اوسکو پہلوِ جوان میں

داستان اثر کرنا عشقِ جوان کا دلِ عصمت میں اور لپٹ کر قبر سے جان بحق تسلیم کرنا

شتابی لا مئِ گلنار ساقی — دمِ رخصت نکر تکرار ساقی
پلا اک جامِ آخر انجمن میں — لگا دی قفلِ خاموشی دہن میں
کہان پھر صحبتِ لفظ و معانی — تمامی پر ہے دورِ خوش بیانی
زبانِ بے زبانی ناز پر ہے — سکوتِ مدعا آغاز پر ہے
شرر ریزِ بیان نوکِ زبان ہے — گل افشان یون چراغِ داستان ہے
کہ جب اس عشق کافر ماجرا کے — بر آئے آرزو معشوق جفا کے
برنگِ اشکِ نامقبولِ مژگان — کیا دونون کو زیرِ خاک پنہان
یتیمی نے لیے بوسے الم کے — ہوئی کم حوصلے نازِ ستم کے
ہرا جاتا رہا آہ و فغان کا — جگر پانی ہوا افلاکیان کا
برنگِ جانِ شیرین روحِ فرہاد — لگے پھرنی مصیبت خانہ برباد
نشانِ سجدۂ زاہد کی صورت — ہوا اسنے آبرو داغِ کدورت

